کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 25 جمادی الثانی 1447ھ 18 دسمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 164
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2005@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

کوئٹہ میں بلدیاتی الیکشن ملتوی کرنے کیلئے قومی و صوبائی سیاسی جماعتوں کی عدالت عالیہ میں درخواست

اندرون بلوچستان چار سال قبل بلدیاتی انتخابات ہوئے، کوئٹہ میں پیچیدہ بلدیاتی قانون کے تحت جب تک میئر کا انتخاب عمل میں لایا جائیگا، بلدیاتی اداروں کی معیاد مکمل ہو جائیگی

کوئٹہ میں ووٹر لسٹوں کے مسائل کی وجہ سے الیکشن نہیں ہو سکتے، کئی حلقے ایسے ہیں جہاں امیدواروں نے کاغذات ہی جمع نہیں کرائے، بلدیاتی انتخابات موخر کرنے میں کیا حرج ہے

شہر میں امن و امان کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے، بلوچستان عوامی پارٹی، پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور عوامی نیشنل پارٹی کی درخواست میں موقف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سیاسی جماعتوں نے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات ملتوی کروانے کیلئے ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا۔ رہنما مسلم لیگ ن یونس بلوچ نے بتایا کہ بلوچستان عوامی پارٹی، پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن نے پٹیشن دائر کر دی ہے جبکہ عوامی نیشنل پارٹی نے بھی عدالت میں دائر کی ہے۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ ہم نے عدالت سے [illegible]

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع

پاکستان کا اپنی فضائی حدود 23 جنوری 2026 تک بند رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے بھارت کے لیے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کر دی، اس سلسلے میں پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے نوٹم جاری کر دیا ہے، نوٹم کے مطابق بھارتی طیاروں کے لیے پاکستان کی فضائی حدود 23 جنوری...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں مظاہرہ کیا جارہا ہے

بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، مریم ریاض وٹو

8 ہفتوں سے زائد کا وقت گزر چکا ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی

لاہور (این این آئی) بشریٰ بی بی کی ہمشیرہ مریم ریاض وٹو نے دعویٰ کیا ہے کہ بشریٰ بی بی کو بھی اڈیالہ جیل میں قید تنہائی میں رکھا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان جاری کرتے...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اڈیالہ جیل کے باہر دھرنے کا معاملہ علیمہ خان سمیت 400 افراد کیخلاف مقدمہ درج

نورین نیازی، قاسم خان، سلمان اکرم راجہ اور عالیہ حمزہ نامزد، علامہ راجہ ناصر عباس کو بھی مقدمہ میں شامل کیا گیا ہے

مقدمے میں ریاست پر حملے کی مجرمانہ سازش کی منصوبہ بندی کی دفعہ 120 بھی شامل، پولیس پر حملوں کا الزام

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اڈیالہ جیل کے باہر علیمہ خان کے گزشتہ رات کے دھرنے کے معاملے پر تھانہ صدر بیرونی نے 35 نامزد ملزمان سمیت 400 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا۔ مقدمہ انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعات کے تحت درج کیا گیا جس میں علیمہ خان، نورین نیازی، قاسم خان، سلمان اکرم راجہ اور عالیہ حمزہ ہیں۔ اس کے علاوہ نعیم پنجوتھہ، تابش فاروق، طیبہ راجہ، نادیہ خٹک، ہارون...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible]

زمینوں کا ریکارڈ ڈیجیٹلائز کرنے کیلئے بلوچستان حکومت اور نجی کمپنی کے مابین معاہدہ

بلوچستان کے 25 اضلاع میں جیوگرافیکل انفارمیشن سسٹم کی مدد سے زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا

وزیر اعلیٰ ہاؤس میں تقریب، لینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم کے حوالے سے وزیر اعلیٰ و دیگر حکام کو بریفنگ دی گئی

صوبائی حکومت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے عوامی خدمات کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے پُرعزم ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں زمینوں کے ریکارڈ کو جدید خطوط پر ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے حکومت بلوچستان اور لینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم (LIMS) کے مابین باقاعدہ معاہدہ طے پا گیا ہے اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں باہمی مفاہمت کی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

افواج پاکستان نے دشمن کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا، قوم کی دعاؤں سے جنگ میں اللہ تعالیٰ نے فتح دلائی، بھارتیہ شکست کبھی فراموش نہیں کرسکے گا

مودی سرکار معرکہ حق کا زوردار مکا کبھی نہیں بھولے گی، وزیر اعظم

6 اور 10 مئی کے دوران بھارت کو وہ سبق سکھایا گیا جو اسے ہمیشہ یاد رہے گا، دنیا بھر میں پاکستان کی عزت و تکریم میں اضافہ ہوا، معیشت منجدھار سے نکل آئی، ملک ڈیفالٹ سے بچ گیا ہے

شہداء کی تکریم ہمارا فرض، اگر کوئی ان کا مذاق اڑائے اور تضحیک کرے تو نہ دنیا میں اس کو عزت ملے گی نہ اللہ معاف کرے گا، چاروں صوبے مل کر ترقی کریں گے تو پاکستان عظیم ملک بنے گا

نوجوان ملک کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہیں، مصنوعی ذہانت کی تربیت کے لئے نوجوانوں کو چین اور یورپ بھجوایا جائے گا، یونیورسٹی آف ہری پور میں پرائم منسٹر لیپ ٹاپ سکیم کی تقریب سے خطاب

بیرون ملک مقیم پاکستانی قیمتی اثاثہ، ان کی ترسیلات زر معیشت کے لئے بڑا سہارا ہیں، ایسے افراد کے حوصلے، قربانیوں اور بیش قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، عالمی یوم مہاجرین پر پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں افواج پاکستان کا زوردار مکا مودی سرکار کو کبھی نہیں بھولے گا، شہدا کی عزت و تکریم ہمارا فرض ہے اگر کوئی ان کا مذاق اڑائے اور تضحیک کرے تو نہ دنیا میں اس کو عزت ملے گی نہ اللہ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ایم ڈی پی ٹیوٹا حمود الرحمٰن و دیگر حکام کے ہمراہ چیف منسٹر یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بیرون ملک جانے والے نوجوانوں کا روانگی سے قبل گروپ

سڈنی واقعہ پر پاکستان کیخلاف مہم بدنیتی و جھوٹ پر مبنی ہے، وزیر اطلاعات

بھارت پاکستان میں دہشت گردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے، غیر مصدقہ خبر چلانے پر پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کا ذمہ دار کون ہوگا؟

فیض، نیازی گٹھ جوڑ کے حوالے سے تمام شواہد بھی موجود ہیں، ریٹائرمنٹ کے بعد فیض حمید عمران خان کے پولیٹیکل ایڈوائزر رہے ہیں

ہم نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے، بھارتی میڈیا پاکستان کو بدنام کرنے کے لئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سڈنی واقعہ پر پاکستان کو بغیر ثبوت مورد الزام ٹھہرانے کی مہم کو بدنیتی اور جھوٹ پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سڈنی بیچ واقعہ پر بغیر شواہد اور تصدیق کے پاکستان مخالف پروپیگنڈا کیا...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے الزامات کو مسترد کردیا

عمران خان کو 'قید تنہائی' میں رکھنے کے دعووں میں صداقت نہیں، ترجمان وزیر اعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم شہباز شریف کے ترجمان مشرف زیدی نے عمران خان کو 'قید تنہائی' میں رکھے جانے سے متعلق پی ٹی آئی رہنماؤں...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

61 نوجوانوں کو سعودی عرب اور قطر میں روزگار کے مواقع فراہم

نوجوان بیرون ملک پاکستان اور بلوچستان کے سفیر ہیں، حمود الرحمٰن

یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام ملکی سطح پر اپنی نوعیت کا منفرد پروگرام ہے، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) چیف منسٹر یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت مزید 61 نوجوانوں کو سعودی عرب اور قطر میں روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ ان نوجوانوں کو تقریب کے دوران ویزے اور سفری دستاویزات دی گئیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے مطابق، صوبے کے نوجوانوں کو باعزت روزگار...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نیوی کی جدید آبدوز غازی چینی بیس پر لانچ کردی گئی

پاک چین ہنگور کلاس آبدوزوں کی تیاری کے معاہدہ کے تحت 4 آبدوزیں چین اور 4 پاکستان میں تیار کی جائیں گی

ہنگور کلاس آبدوزیں جدید ہتھیاروں اور سینسرز سے لیس، دور مار اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتی ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاکستان نیوی کی آبدوز غازی کو چین کے شہر ووہان میں شوانگ لیو بیس پر لانچ کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک بحریہ کی غازی ہنگور کلاس کی چوتھی آبدوز ہے جو چین میں تیار کی گئی ہے۔ غازی کی لانچنگ کے بعد چین میں زیر تعمیر چاروں ہنگور...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بلدیاتی انتخابات، 103 وارڈز پر امیدوار بلا مقابلہ منتخب

18 وارڈز میں کسی امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے، الیکشن کمیشن

28 دسمبر کو کوئٹہ کے 641 وارڈز میں سے 520 وارڈز میں انتخابات ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق تفصیلات جاری کر دیں۔ الیکشن کمیشن کے ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے 641 وارڈز میں سے 103 وارڈز پر امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ انہوں نے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ہزاروں پاکستانیوں کو مختلف ممالک نے بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کردیا

24 ہزار افراد سعودی عرب نے ڈی پورٹ کیے، یو اے ای نے 6 ہزار پاکستانیوں کو بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کیا

اس سال 24 ہزار افراد کمبوڈیا گئے جس میں سے 12 ہزار افراد تاحال واپس نہیں آئے، ڈی جی ایف آئی اے

اسلام آباد (شاکر رحمان) دنیا کے مختلف ممالک سے بھیک مانگنے پر ہزاروں پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانیز اور انسانی حقوق کا اجلاس چیئرمین کمیٹی آغا رفیع اللہ کی سربراہی میں ہوا۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کمیٹی کو بتایا کہ اس سال 51 ہزار پاکستانیوں کو مختلف ممالک سے آف لوڈ کیا گیا، سب...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو جعلی مقدمات کا سامنا ہے، گنڈاپور

کسی سے ملاقات نہیں کی، جاؤں گا تو بتا دونگا، سابق وزیر اعلیٰ

ڈی آئی خان (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے گورنر پنجاب سے ملاقات پر افواہوں کو...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ، نورین اور عظمیٰ خان اڈیالہ جیل کے باہر مظاہرے کی قیادت کر رہی ہیں

میٹرک کی سطح پر 2 نئے تعلیمی گروپ شامل کرنے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں میٹرک کی سطح پر دو نئے تعلیمی گروپس شامل کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ میٹرک کی سطح پر ٹیکنیکل اور زراعت پڑھانے کی تجویز ہے۔ میٹرک کی سطح پر 2 نئے تعلیمی گروپس سے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سڈنی فائرنگ: حملہ آور پر فرد جرم عائد، دہشت گردی سمیت 59 الزامات

سڈنی (م ڈ) آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں بونڈی بیچ پر ایک فیسٹیول کے دوران ہونے والے مہلک حملے میں زندہ بچ جانے والے حملہ آور پر فرد جرم عائد کر دی گئی ہے، جس میں 15 افراد کے قتل سمیت 59 سنگین الزامات...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت آپریشن سندور کے پہلے دن ہی جنگ ہار گیا، پرتھوی راج

آدھے گھنٹے کی فضائی لڑائی میں ہمارے جہازوں کو مار گرایا گیا تھا

دہلی (م ڈ) بھارتی ریاست مہاراشٹرا کے سابق وزیر اعلیٰ اور کانگریس رہنما پرتھوی راج چوہان نے اعتراف کیا ہے کہ بھارت آپریشن سندور کے پہلے دن ہی جنگ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کے مختلف علاقوں میں بارش و برفباری کی پیشگوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ موسمیات نے ملک کے مغربی و شمالی علاقوں میں 20 سے 22 دسمبر تک بارش اور برفباری کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں آنے والے چند دنوں کے موسم کے حوالے سے اہم پیش گوئی جاری کر دی۔ جس کے مطابق ملک...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا اسلام آباد بلدیاتی الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان

بلدیاتی ایکٹ میں متنازع ترامیم کے باوجود الیکشن میں کلین سویپ کرینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے اسلام آباد بلدیاتی الیکشن میں بھرپور انداز سے حصہ لینے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان تحریک انصاف اسلام آباد کے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

صدر نے قانون شہادت (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری دے دی

دانش اسکول اتھارٹی بل صوبائی مشاورت کے پیش نظر وزیر اعظم کو واپس بھجوا دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قانون شہادت (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری دے دی۔ صدر مملکت نے نیشنل کمیشن فار مائنورٹیز...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کرسمس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

باہمت خواتین کی پوشیدہ صلاحیتوں سے استفادہ کرنا ہوگا، جعفر مندوخیل

ترقی و خوشحالی کیلئے طالبات کو تعلیم یافتہ بنانے کیساتھ معاشی طور پر خودمختار بنانے کی ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

گورنمنٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ کی پانچ ہزار زیر تعلیم طالبات روشن مستقبل کیلئے امید کی کرن ہیں، تقریب میں خطاب

پناہ گزینوں کی بحالی کیساتھ میزبان کمیونٹی کی ترقی و خوشحالی کیلئے یو این ایچ سی آر کی گرانقدر خدمات ہیں، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ملک و قوم کی حقیقی تعمیر و ترقی کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنی نصف سے زائد آبادی یعنی خواتین کی پوشیدہ صلاحیتوں سے استفادہ کریں۔ صوبے کے سب سے بڑے گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

دھرنے کے شرکاء کیخلاف پولیس آپریشن کے بعد مظاہرین منتشر

آپریشن کے دوران علامہ ناصر عباس اور علیمہ خان پر بھی واٹر کینن کا پانی پھینکا گیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کے فیکٹری ناکہ پر دھرنے کے شرکاء کے خلاف پولیس آپریشن کے دوران مظاہرین منتشر ہوگئے۔ مظاہرین کی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

گھوٹکی: سندھ و پنجاب پولیس کا مشترکہ آپریشن، 3 ڈاکو ہلاک

مسافروں کے اغوا کیخلاف آپریشن کچہ کراچی میں کیا، متعدد ٹھکانے مسمار

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) گھوٹکی میں مسافروں کے اغوا میں ملوث ڈاکوؤں کے خلاف سندھ اور پنجاب پولیس نے آپریشن شروع کر دیا جس میں 3 ڈاکو مارے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سڈنی حملہ، دہشت گرد کو بھارتی سفارتخانے نے پاسپورٹ جاری کیا

بھارتی دہشت گرد ساجد اکرم اور اسکے بیٹے کی دستاویزات منظر عام پر آ گئیں

آسٹریلیا نے 2020 میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے دو اہلکاروں کو ملک بدر کیا تھا

سڈنی (م ڈ) آسٹریلیا کے شہر سڈنی کے ساحل پر حملے میں ملوث بھارتی دہشت گرد ساجد اکرم اور اس کے بیٹے کے پاسپورٹس منظر عام پر آ گئے۔ سڈنی حملے میں ملوث بھارتی نژاد دہشت گرد ساجد اکرم اور اس کے بیٹے کے بھارتی پاسپورٹس منظر عام پر آ گئے ہیں، جن...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف کا دباؤ تاجروں سے 517 ارب روپے ٹیکس وصولی کی تیاری

ڈیجیٹل رسید اور پی او ایس سسٹم لازمی بنانے کا منصوبہ، بڑے ری ٹیلرز سے جون 2026 تک بھاری انکم ٹیکس وصول کیا جائیگا

سالانہ 50 کروڑ ٹرن اوور والے تاجروں کیلئے آئندہ برس جون تک ڈیجیٹل انوائسنگ سسٹم لازمی قرار دیدیا گیا، ایف بی آر ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے دباؤ پر کیش اکانومی کم کرنے اور ڈاکومینٹیشن بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے جب کہ تاجر دوست اسکیم کی ناکامی کے بعد حکومت نے ری ٹیل سیکٹر سے ٹیکس وصولی بڑھانے کے سخت اہداف مقرر کر دیے ہیں۔...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس اسلام آباد نے استعفے کی تجویز دی تھی، جسٹس جہانگیری

ڈگری کیس میرے ساتھ بھی ڈسکس کیا، زیر التوا معاملے پر بات چیت کے بعد بنچ میں بیٹھنے کے اہل نہیں رہے

سپریم جوڈیشل کونسل میں درخواست دائر کی ہے، جسٹس سرفراز ڈوگر کو کیس کی سماعت سے اب معذرت کرلینی چاہئے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق جہانگیری نے الزام عائد کیا ہے کہ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ڈگری کیس میں مجھے تجویز دی تھی کہ استعفیٰ دیدوں۔ ڈگری کیس میں جسٹس طارق جہانگیری نے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے بنچ سے الگ ہونے کی درخواست دائر کی ہے جس میں انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ ڈگری کیس چیف جسٹس نے چند دیگر سمیت میرے ساتھ ڈسکس کیا۔ انہوں نے اپنی درخواست میں کہا کہ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے تسلیم کیا کہ ڈگری کیس جلد سننے کا ان پر پریشر ہے، چیف جسٹس نے مجھے بلواسطہ اور بلاواسطہ تجویز دی کہ پوسٹ ڈیٹ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، ٹرین سروس بحال، جعفر ایکسپریس اور چمن پسنجر روانہ

مسافروں کو محفوظ، بروقت سفری سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح، ریلوے انتظامیہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں ایک روزہ معطلی کے بعد ٹرین سروس بحال کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کا حافظ نعیم کے ذوالفقار بھٹو سے متعلق بیان پر شدید ردعمل

شہید بھٹو پر بیہودہ الزام لگانا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے، سینیٹر وقار مہدی

کراچی (م ڈ) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری سینیٹر وقار مہدی نے حافظ نعیم الرحمٰن کے بیان پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹر وقار مہدی نے اپنے بیان...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

تاجروں کے گوداموں پر چھاپوں کیخلاف مرکزی انجمن تاجران کا شدید احتجاج

بریچ مارکیٹ، سرکی روڈ پر تاجروں کے چھاپوں اور زرنج لوڈر رکشہ کی بندش کیخلاف نعرے بازی شاہراہ بند کردی

کسٹم حکام نے یقین دہانی کروائی تھی کہ کمرشل علاقوں میں چھاپے نہیں مارے جائیں گے، صدر عبدالرحیم کاکڑ

بارڈر بند ہیں غیر ملکی سامان شہر نہیں آرہا، تاجر دشمن پالیسی کیخلاف لائحہ عمل طے کرینگے، حضرت اچکزئی، یاسین مینگل

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ میں بریچ مارکیٹ لنک سرکی روڈ پر ایف سی، کسٹم کے ناروا چھاپوں اور زرنج لوڈر رکشہ کی بندش کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، کلیم اللہ کاکڑ، عمران ترین، ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

خیبرپختونخوا جوڈیشل سروس رولز میں ترمیم، سول جج کیلئے 2 سالہ وکالت کی شرط ختم

رول 5 میں سینیارٹی کم فٹنس کی بنیاد ختم کردی گئی، میرٹ پر سلیکشن ہوگی، ترقی ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کی سفارش پر کی جائے گی، نوٹیفکیشن

سول ججز کی تعیناتی کے نئے طریقہ کار کو مسترد کرتے ہیں، حکومت بغیر تجربے کے ججز کی تعیناتی کا فیصلہ واپس لے، خیبرپختونخوا بار کونسل

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں جوڈیشل سروس رولز میں ترمیم کر دی گئی جس کے مطابق سول جج کے لیے 2 سالہ وکالت کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق رول 5 میں سینیارٹی کم فٹنس کی بنیاد ختم کر دی گئی، میرٹ پر سلیکشن ہوگی، ترقی ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کی سفارش پر کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ بی پی ایس 19 سے 21 میں ریگولر ترقی سروس مکمل کیے بغیر نہیں ہو سکے گی، ترقی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

2030 تک پاکستان کی معیشت میں نمایاں اضافے کا امکان

2028 میں پاکستانی برآمدات 40 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے

ایف بی آر رواں سال 13 ہزار 979 ارب روپے ٹیکس جمع کرے گا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا کہنا ہے کہ 2030 تک پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کا حجم ایک لاکھ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں عام، عبدالخالق اچکزئی

نتیش کمار کی جانب سے مسلم خاتون ڈاکٹر کا حجاب زبردستی ہٹانا شرمناک عمل ہے

بھارتی وزیر اعلیٰ کا غیر اخلاقی عمل بھارت کو دنیا کے سامنے بے نقاب کر رہا ہے، اسپیکر اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی نے بھارتی ریاست بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی جانب سے ایک خاتون ڈاکٹر کے حجاب کو زبردستی ہٹانے کے شرمناک اور قابل نفرت واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر ہاؤس کوئٹہ میں کرسمس کی مناسبت سے تقریب

گورنر بلوچستان اور متعدد مذہبی اور سیاسی رہنما شریک، کرسمس کا کیک کاٹا گیا

ہم اقلیت اور اکثریت سے بڑھ کر پاکستان کے برابر شہری ہیں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے گزشتہ روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں کرسمس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں مسیحی برادری کے مرد و خواتین کے ساتھ مل کر کیک کاٹا۔ اس دوران کرسچن کمیونٹی کے متعدد مذہبی اور سیاسی رہنما بھی موجود تھے، گورنر بلوچستان نے صوبے میں بسنے والے تمام مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور اور بارکھان میں زلزلے کے جھٹکے

جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، شہری خوفزدہ ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی زلزلہ پیما مرکز کے مطابق گزشتہ روز پنجگور و گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

خیبرپختونخوا اسمبلی کے 92 میں سے 70 اراکین وفاقی پولیس کو مطلوب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا اسمبلی کے 92 میں سے 70 اراکین وفاقی پولیس کو مطلوب ہیں، پی ٹی آئی کے 70 ایم پی ایز کے خلاف اسلام آباد کے مختلف تھانوں میں مقدمات درج ہیں، سب سے زیادہ مقدمات سابق وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کے خلاف ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد پولیس نے ماضی میں...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی آئینی عدالت نے میڈیکل کالجز میں فارن کوٹہ کے طلباء کی درخواستیں خارج کردیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے سندھ کے میڈیکل کالجز کے ان طلباء کی درخواستیں خارج کر دی ہیں جنہوں نے فارن یا اوورسیز کوٹہ کے تحت داخلہ لینے کے بعد پاکستانی کرنسی میں فیس جمع کروانے کی استدعا کی تھی۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بنچ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم خاتون کا نقاب کھینچنے پر بہار کے وزیر اعلیٰ کیخلاف مقدمہ درج

بھارتی سیاسی رہنماؤں، صحافیوں اور انسانی حقوق تنظیموں نے واقعہ شرمناک قرار دیا تھا

پٹنہ (م ڈ) بھارتی ریاست بہار کے شہر پٹنہ میں بی جے پی کے اتحادی بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار ریڈی کے خلاف ایک تقریب میں مسلمان خاتون ڈاکٹر کا نقاب کھینچنے پر مقدمہ درج ہو گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق لکھنؤ میں سماج وادی پارٹی کی رہنما سمیہ رانا نے نتیش کمار کے خلاف مقدمہ درج کروایا ہے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو اہل خانہ اور وکلا تک رسائی دی جائے: ایمنسٹی انٹرنیشنل

حکام کو عوام کے پُرامن احتجاج کے حق کا احترام کرنا چاہیے، تنظیم انسانی حقوق

شدید سردی میں استعمال کیے گئے پانی میں کیمیائی مواد بھی شامل تھا، مظاہرین

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ایمنسٹی انٹرنیشنل کا کہنا ہے کہ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے باہر پُرامن مظاہرین کے خلاف حکام کی جانب سے بار بار ہائی پریشر واٹر کینن کا استعمال پُرامن اجتماع کے آئینی حق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انسانی حقوق پر کام کرنے والی تنظیم کا کہنا ہے کہ پاکستان کے حکام کو عوام کے پُرامن احتجاج کے حق کا احترام کرنا چاہیے اور...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

جنوری میں پاکستان آنے کا منصوبہ ہے، قاسم، سلیمان

ویزوں کیلئے درخواست دیدی، امید ہے پروسیس جلد مکمل ہوگا، انٹرویو

لندن (م ڈ) پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان کے بیٹے قاسم خان نے کہا ہے کہ انہوں نے اور ان کے بھائی سلیمان نے اپنے ویزے کے لیے درخواست دی ہے اور وہ دونوں جنوری میں پاکستان کا دورہ کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ انہوں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب روڈ توسیعی منصوبہ ادھورا، شہری حادثات کا شکار ہونے لگے

جام کمال کے دور میں توسیعی منصوبہ برسوں گزرنے کے باوجود مکمل نہ ہو سکا، عوام کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

ادھورے تعمیراتی کام، کھلی نالیاں اور ٹوٹی سڑکیں ٹریفک جام حادثات کے باعث کئی شہری جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں

پیدل چلنے والوں اور موٹر سائیکل سواروں کیلئے حفاظتی اقدامات نہ ہونے خطرناک ثابت ہو رہا ہے، شہریوں کا منصوبہ جلد مکمل کرنے کا مطالبہ

... مستقل پریشانی اور جان لیوا خطرات کا سبب بن گیا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے دور میں اس منصوبے کا آغاز بڑے دعووں کے ساتھ کیا گیا، مگر کئی سال گزرنے کے باوجود منصوبہ آج بھی بیساکھیوں پر چل رہا ہے اور اس کی تکمیل کا کوئی واضح وقت مقرر نہیں کیا جا سکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سریاب روڈ پر ... قیمتی جانیں گنوا چکے ہیں جبکہ درجنوں زخمی ہو چکے ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق منصوبے کے آغاز کے وقت عوام کو یقین دلایا گیا تھا کہ سڑک کی توسیع سے نہ صرف ٹریفک مسائل حل ہوں گے بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا، تاہم حقیقت اس کے برعکس سامنے آئی۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ سڑک کی خراب حالت ... کنارے حفاظتی باڑ نہ ہونے، مناسب اشاروں کی کمی اور رات کے وقت روشنی کے ناقص انتظام کے باعث حادثات کا خطرہ کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ سریاب کے مکینوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ مواصلات و تعمیرات اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سریاب روڈ کی توسیع کے منصوبے کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

ٹرانسپورٹروں کی ہڑتال سے روزانہ کروڑوں کا نقصان ہو رہا ہے، کمیشن ایجنٹس

ٹرانسپورٹرز یونین فی گاڑی 15 ہزار روپے لے کر گزرنے کی اجازت دے رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل بلوچستان فروٹ اینڈ ویجیٹیبل کمیشن ایجنٹس ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹروں کی ہڑتال کے باعث تاجروں، بالخصوص پھل و سبزی کے کاروبار سے وابستہ افراد کو روزانہ کی بنیاد پر کروڑوں روپے کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اگرچہ ٹرانسپورٹرز کا احتجاج اور مطالبات بجا ہو سکتا ہے، تاہم دنیا بھر میں فریش پھل اور سبزیوں کو ایسی ہڑتالوں میں خصوصی رعایت دی جاتی ہے تاکہ یہ جلد خراب ہونے والی اشیا ضائع نہ ہوں۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بعض اطلاعات کے مطابق ٹرانسپورٹرز یونین کی جانب سے ژوب کے راستے فی گاڑی پندرہ ہزار روپے لے کر مخصوص گاڑیوں کو گزرنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ یہ عمل نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ تاجر برادری اور ٹرانسپورٹ یونین کے درمیان بداعتمادی اور نفرت کو فروغ دے رہا ہے۔ ہم حکومت پاکستان، متعلقہ اداروں اور اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے فریش پھل و سبزی کے لیے ہڑتال میں استثنیٰ دیا جائے، تاکہ ملکی معیشت، زراعت اور عام عوام کو مزید نقصان سے بچایا جا سکے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کرسمس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں موجود شرکاء سے گفتگو کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر عبدالرحمن کو گیس کے بل پر 144469 کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالرحمن کو گیس کے بل پر 144469 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار عبدالرحمن نے بتایا کہ گیس آفس والے انہیں غلط میٹر ریڈنگ کی بنیاد پر غیر منصفانہ بل 183550 روپے کا بل بھیجا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ متعدد بار گیس آفس گئے لیکن ان کی کوئی شنوائی نہ ہو سکی۔ لہٰذا، انہوں نے اپنی شکایت کے جلد ازالے کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کو درخواست دی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بل کی درستگی کر دی جس سے درخواست گزار کو 144469 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

چیف کلکٹر آف کسٹم مسعود احمد کی کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) چیف کلکٹر آف کسٹم اپریزمنٹ کوئٹہ مسعود احمد کا ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد سے خصوصی ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹم نے ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری کو یادگاری شیلڈ دے پیش کی۔

کرانی روڈ بدل خان رند اسٹریٹ کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو گیا ہے، علاقہ مکینوں کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) بدل خان رند اسٹریٹ کرانی روڈ کے آخری حصے کی گندگی اور ناقابل برداشت صورت حال پر علاقہ مکینوں اور سماجی شخصیات نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ علاقہ مکینوں عبدالباری خان بڑیچ، وحید گل گشی، تسنیم احمد، اور منیر احمد بلوچ نے کہا کہ کچرے کے ڈھیر، بدبو اور ناقص نکاسی کی وجہ سے روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے اور بچوں اور بزرگوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ رہائشیوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ انتظامیہ فوری طور پر اس اسٹریٹ کی مکمل صفائی، کچرے کی بروقت نکاسی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو لمز کے سی ای او کی جانب سے صوبے میں ارضیات کی سیٹلمنٹ اور ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

بلدیاتی ادارے عوام کو سہولیات کی فراہمی کا پلیٹ فارم ہیں، صادق اچکزئی

صوبائی حکومت پہلے کی طرح اب بھی بلدیاتی انتخابات روکنے کی کوشش کر رہی ہے، کارنر میٹنگ سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے سربراہ صادق خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات بنیادی جمہوریت اور نچلی سطح پر عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لئے بے حد ضروری ہوتے ہیں۔ کوئٹہ کے انتخابات حکومت اور کچھ سیاسی جماعتوں کو کیوں ہضم نہیں ہو رہے ہیں وجہ صاف ظاہر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس کے ہاؤس میں مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں اور مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ صادق اوزئی نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت میں شامل اور دیگر جماعتوں نے پہلے بھی کوئٹہ کو بلدیاتی انتخابات سے محروم کیا تھا آج پھر بلدیاتی انتخابات کی مخالفت ہو رہی ہے۔ اور حیرانگی کی بات تو یہ ہے بلدیاتی انتخابات کی مخالفت کرنے والی حکومتی و دیگر جماعتیں بھرپور سرگرمیوں کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں حصہ بھی لے رہی ہیں۔ یہ ان کا عجیب بلکہ دوغلہ پن پر مبنی سیاست ہے۔ صادق اوزئی نے کہا کہ حکومتی جماعتوں نے کوئٹہ میں ترقیاتی اسکیمیں شروع کی ہیں جو کہ الیکشن قوانین کی سراسر خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے امیدواروں کو کامیاب کرائیں انشاءاللہ تعالیٰ ہم کوئٹہ کی تقدیر بدل دیں گے۔ ہم کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے حق میں ہیں اور یہ 28 دسمبر کو ہر صورت منعقد ہونے چاہئے۔

پی پی، جمعیت، پشتونخوا نیپ کی میٹنگ میں انتخابی اتحاد کرنے پر اتفاق

تینوں جماعتیں باہمی مشاورت سے امیدواروں کی ایڈجسٹمنٹ کریں گی، اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما نورالدین کاکڑ سے جمعیت علماء اسلام اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے حلقہ پی بی 41 کے وفد نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کوئٹہ سٹی سیکرٹریٹ سرکی روڈ پر ملاقات کی۔ وفد میں جمعیت علماء اسلام کے مولوی محمد ایوب، مولوی محمد شعیب جدون، مولانا سعید احمد جبکہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نداغنگر، رزاق بڑیچ اور قیاس افغان شامل تھے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی زرغون ٹاؤن کمیٹی کے اراکین ملک شاہزیب کاسی، عزیز خان، نجیب خان اور مظفر خان داوی و دیگر سینئر ساتھی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی، جمعیت علماء اسلام اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے حلقہ پی بی 41 میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ پر پہلے مرحلے میں انتخابی اتحاد کرنے پر اتفاق کیا۔ اتحاد کے تحت تینوں جماعتیں بلدیاتی انتخابات میں باہمی مشاورت اور اتفاق رائے سے امیدواروں کی ایڈجسٹمنٹ کریں گی تاکہ ووٹوں کی تقسیم سے بچا جا سکے اور حلقے میں عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر نمائندگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ملاقات میں آئندہ مرحلے میں اتحاد کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے اور دیگر وارڈز سے متعلق حکمت عملی طے کرنے کے لیے مزید مشاورتی اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے۔

پشتون آباد، نالیاں بند، جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے ہیں، علاقہ مکین

صفا پروجیکٹ عملہ شہری علاقوں سے واقف نہیں ہے، ایڈمنسٹریٹر مجیب الرحمان قمبرانی نوٹس لیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) حلقہ 38 وارڈ نمبر 2 تھانہ پشتون آباد گلی کے مکین ایڈمنسٹریٹر مجیب الرحمان قمبرانی سے ابتر صفائی صورتحال پر اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب تو کوئٹہ شہر اور اس کی گلیوں میں صفائی نہ ہونے کے برابر ہے کیونکہ اب صفائی صفا پروجیکٹ کے نام سے ہو رہی ہے، صفا پروجیکٹ عملہ کو ہمارے علاقے معلوم نہیں، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے دور میں ہر علاقے کا سپروائزر اور کارکن معلوم ہوتا تھا اور ایک فون پر وہ۔ ہمارے علاقے کا صفائی کرتا تھا اب تو عرصہ دراز سے ہمارے نالیاں بند، حلقہ میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر، سٹریٹ لائٹس خراب کہیں پر تو موجود بھی نہیں ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہمیں سخت وقت کا سامنا ہے انہوں نے سنگین نوعیت کے مسائل کے حل کیلئے عدالت عالیہ سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے علی شاہ، محمد خان نورزئی، سعد اللہ کاکڑ، مفتی حضرت علی، اسد اللہ نورزئی و دیگر نے بتایا کہ ہمارے حلقہ خصوصاً پشتون آباد تھانہ گلی و اس کے اطراف میں عرصہ دراز سے صفائی نہیں ہوئی ہے، جبکہ ہمارے حلقہ میں سٹریٹ لائٹس کہیں پر خراب تو کہیں پر سٹریٹ لائٹس لگا بھی نہیں، حلقہ کے عوام منتخب نمائندوں کی کارکردگی سے بھی مطمئن نہیں، پینے کے صاف پانی کا مسئلہ ہے، انہوں نے بتایا ہے کہ اگر ہمارے اس حلقہ میں ترقیاتی کاموں کے علاوہ صفائی ستھرائی کا نظام بہتر نہ ہوا تو علاقہ مکینوں کے ساتھ ملکر احتجاجی لائحہ عمل کا اعلان کرینگے، انہوں نے بتایا کہ وارڈ نمبر 38 کے عوام شعور یافتہ ہے وہ اپنے حقوق کیلئے زبردست قسم کے احتجاج کر سکتا ہے مسئلہ حل نہ ہوا تو احتجاج سے گریز نہیں کیا جائے گا۔

پیدائش اور اموات کے اندراجات کے نظام کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، مجیب قمبرانی

کوئٹہ (اے پی پی) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر مجیب قمبرانی نے سٹیلائٹ ٹاؤن میں برتھ رجسٹریشن برانچ کا افتتاح کیا۔ بدھ کے روز منعقدہ افتتاحی تقریب میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے افسران اور عملہ شریک تھے۔ اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر مجیب قمبرانی نے کہا کہ شہری سہولیات کی فراہمی اور عوامی خدمات میں بہتری میٹروپولیٹن کارپوریشن کی اولین ترجیح ہے۔ پیدائش اور دیگر شہری اندراجات کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو گھر کے قریب سہولت فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے تحت مختلف برانچز کو فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو بہتر اور بروقت خدمات میسر آ سکیں۔

کریم بخش کو سرکاری سطح پر شہید قرار دیا جائے، اپیکا صحت یونٹ

شفیق رہنما سینئر کلرک اور دیگر کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں

دہشتگردوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے بے گناہ کو انصاف دلایا جائیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) اپیکا محکمہ صحت کے ترجمان نے سدا بہار کوچ پر دہشت گردوں کے حملے کے شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور اس دردناک حملے میں اپیکا کے شفیق رہنما اور دیش صفت سینئر کلرک کریم بخش اور دیگر کی شہادت پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتی ہے اپیکا محکمہ صحت وفاقی اور صوبائی حکومت سے پرزور اپیل کرتی ہے کہ ان دہشتگردوں کے خلاف سخت کارروائی کریں جو بے گناہ لوگوں کے قاتل ہے اپیکا محکمہ صحت گورنمنٹ آف بلوچستان سے اپیل کرتی ہے کہ کریم بخش شہید کو سرکاری سطح پر شہید ڈکلیئر کیا جائے تاکہ ان کے بچوں کی کفالت متاثر نہ ہو۔

عوام کے تعاون سے گلی محلے کے مسائل حل کروں گا، عبدالمنان ہاشمی

جماعت اسلامی نے ہر مشکل میں وقت میں بلاتفریق عوام کی مدد اور خدمت کی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے امیدوار یونین کونسل 19 وارڈ 2 برائے کونسلر عبدالمنان ہاشمی نے کہا ہے کہ علاقے کے عوام نے ہر انتخاب میں ہر پارٹی کو آزمایا مگر مسائل میں کمی نہ ہوئی نہ پریشانی ومشکلات میں کمی آئی جماعت اسلامی نے ہر مشکل میں ہر جگہ بلاتفریق عوام کی مدد کی نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کیلئے بنوقابل پروگرام جاری ہے۔ عوام کے تعاون سے گلی محلے کے مسائل حل کروں گا۔ عوام انصاف کے نشان ترازو پر مہر لگائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب چیل باغ، چیل روڈ، گورنتھ سنگ روڈ، موتی رام روڈ میں کارنر میٹنگز، ڈور ٹو ڈور ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ خدمت، دیانت اور عوامی مسائل کے حل کا پختہ عزم ہے۔ تعلیم اور صحت کی بنیادی سہولیات، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع کیلئے عملی جدوجہد کروں گا علاقہ کے دیرینہ مسائل کا عملی اور پائیدار حل پیش کروں گا جماعت اسلامی صاف، شفاف اور بے لوث سیاست کے ذریعے دیانت داری سے خدمت کر رہی ہے عوام کیلئے اب وقت آ گیا ہے اپنے حق کے درست استعمال کا آئیں مل کر اپنے علاقے کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھیں۔ ووٹ ترازو کو دیں ترازو کے نشان انصاف اور عدل وخدمت کا نشان ہیں۔ انتخابی نشان ترازو عوام کی آواز اور خدمت کا وعدہ ہے۔

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر پارلیمنٹل سب کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ اہلسنت والجماعت کے رہنما ذوالفقار علی قادری، طارق محمود عباسی مقامی نیوز کے بیورو چیف نظر محمد جمالی اور نعیم جمالی سے ان کے چچا کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

مسلم خاتون ڈاکٹر کے حجاب ہٹانے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہیں، نذیر خان اچکزئی

یہ عمل خواتین کے وقار، ذاتی خودمختاری اور مذہبی آزادی کی سنگین خلاف ورزی ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات نذیر خان اچکزئی نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ بھارت کی ریاست بہار میں منعقد ہونے والی ایک سرکاری تقریب میں چیف منسٹر بہار نتیش کمار نئے بھرتی ہونے والے ڈاکٹروں میں تقرری کے احکامات تقسیم کرنے کے دوران ایک نہایت تشویشناک اور افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس میں ایک نوجوان مسلمان خاتون ڈاکٹر شامل تھیں، جو حجاب میں ملبوس اسٹیج پر آئیں چیف منسٹر نتیش کمار خود آگے بڑھ کر مسلمان خاتون ڈاکٹر کے حجاب کی جانب ہاتھ ڈالتے ہیں اور اسے زبردستی ہٹانے کی کوشش کرتے ہیں جبکہ انہیں حجاب اتارنے پر اصرار بھی کیا جاتا ہے یہ عمل خواتین کے وقار، ذاتی خودمختاری اور مذہبی آزادی کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ حجاب کسی بھی مسلمان خاتون کی مذہبی اور ذاتی شناخت کا لازمی حصہ ہے، اور اس کے ساتھ کسی بھی قسم کی جسمانی مداخلت یا دباؤ، بالخصوص ایک اعلیٰ آئینی عہدے پر فائز شخص کی جانب سے، انسانی حقوق کی صریح پامالی کے مترادف ہے یہ واقعہ، ریاستی سطح پر عدم برداشت اور اداروں جاتی بے حسی کی عکاسی کرتا ہے، اور بالخصوص مسلم خواتین کے حوالے سے شدید تحفظات کو جنم دیتا ہے بین الاقوامی برادری، انسانی حقوق کے اداروں اور آزاد میڈیا پر یہ اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ ہونے والے مظالم پر خاموش تماشائی نہ بنیں، بلکہ مؤثر آواز اٹھائیں، انسانی وقار، مذہبی آزادی اور مساوی شہریت کسی ایک مذہب یا قوم کی میراث نہیں بلکہ عالمگیر اصول ہیں، جن کی خلاف ورزی کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔

شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے آج بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 18 دسمبر (بروز جمعرات) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، کرانی، ہزارہ ٹاؤن، سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سنجگی ایکسپریس، انڈسٹریل، سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی، نیز اسی روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11kv ایف جی ایس، شموزئی، شاہنواز، سریاب مل، واسا، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 19 دسمبر (بروز جمعہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جیل روڈ، ویسٹرن بائی پاس، دارالعلوم، خروٹ آباد اور دوشین فیڈرز صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے جبکہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے قاسم آباد، انڈسٹریل بولان فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 18 دسمبر (بروز جمعرات) بارکھان اور کوہلو گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز اسی روز صحبت پور گرڈ اسٹیشن سے 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک جبکہ خانوزئی گرڈ اسٹیشن سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

ٹرانسپورٹروں کے مسائل حل کیے جائیں، نور محمد شاہوانی

کسی کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے، مطالبات منظوری تک ہڑتال جاری رہے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا ہے کہ پورے ملک میں آل پاکستان ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال 17 دسمبر تک دسویں روز بھی جاری رہی کوئی بھی کسی کی غلط فہمی میں نہ آئے اور نہ ہی افواہوں پر کان دھریں آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہڑتال مکمل طور پر کامیاب ہے بلوچستان سے کوئی لوڈنگ ان لوڈنگ نہیں ہو رہی ہے اور نہ ہی کرنے دیں گے ہماری ہڑتال کو دس دن گزر گئے ہیں مطالبات کی منظوری تک ہڑتال جاری رہے گی اور ہم کسی کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے اگر حکومت نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو ہمارا احتجاج مزید سخت شکل اختیار کر سکتا ہے آج بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے نمائندے مختلف روڈوں اور ناکوں پر گشت کرے گی اور کسی بھی گاڑی کو چاہے لوڈ ہو یا خالی ہو بالکل نہیں چلنے دے گی یاد رہے کہ آج کراچی میں دن کو 12 بجے آخری میٹنگ ہے تمام حکومتی نمائندے اور ٹرانسپورٹرز موجود ہے

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی سے سینیٹر منظور کاکڑ اور محمد نواز کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

ماما طور گل ترین انتہائی خلیق و شفیق انسان تھے، میر عزیز مری

کوئٹہ (این این آئی) سیاسی و سماجی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی کے کور کمیٹی کے ممبر میر عزیز مری نے ماما طور گل ترین کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا مرحوم انتہائی خلیق و شفیق انسان تھے غم کی اس گھڑی میں پسماندہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں انہوں نے دعا کی اللہ پاک مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)

پٹھل جمالی کے بھائی حاکم علی جمالی بقضائے الٰہی وفات پا گئے

اوستہ محمد (آن لائن) ایس ایچ او صدر محمد پٹھل جمالی کے چھوٹے بھائی حاکم علی جمالی بقضائے الٰہی وفات پا گئے ان کی نماز جنازہ اپنی جگہ قربان کالونی نزد بجلی گرڈ اسٹیشن بائی پاس پر ادا کی گئی نماز جنازہ میں سیاسی سماجی رہنماؤں معتبرین علاقہ پولیس افسران سمیت صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تدفین آبائی قبرستان میں ادا کیا گیا تعزیت کا سلسلہ اپنی رہائش گاہ پر بھی جاری ہے

اینٹی نارکوٹکس فورس نے منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی

2 ملزمان 84 کلو گرام چرس، گاڑی سمیت گرفتار مقدمہ درج کرلیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے چرس برآمد کر لی۔ اے این ایف کے ذرائع نے بتایا کہ یارو میں اے این ایف نے خفیہ اطلاع ملنے پر ایک گاڑی سے 84 کلو گرام چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا ملزمان یہ منشیات اندرون ملک اسمگل کرنا چاہتے تھے۔ اے این ایف نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

میٹروپولیٹن کو سازش کے تحت نجکاری کی طرف لے جایا گیا، نعمت کرد

صفائی کی مد میں پٹرول، گاڑیاں اور دیگر مراعات حکومت ادا کر رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) گرینڈ الائنس میٹروپولیٹن کارپوریشن کے صدر نعمت اللہ کرد نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کو ایک سازش کے تحت تباہی کے دہانے پر لاکر کھڑا کر دیا ہے سینکڑوں ملازمین کو قلم کی ایک جنبش پر فارغ کر دیا گیا میٹروپولیٹن کے اکثر ملازمین کو ابھی تک تنخواہوں سے محروم رکھا گیا 25 دسمبر کو کرسمس کی خوشی سے بھی محروم کرنے کا پلان بنایا گیا ہے اس تمام صورتحال کا ذمہ دار سابقہ اور موجودہ آفیسران ہے اپنے جاری کردہ بیان میں نعمت اللہ کرد نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو ایک سازش کے تحت نجکاری کی طرف لے جایا گیا نجکاری کی وجہ سے آج پورا شہر کچرے کا ڈھیر بن چکا ہے متعلقہ کمپنی صرف چند ملازمین سے پورا شہر کا صفائی کروانا چاہتی ہے جو کہ عوام کے ساتھ کھلا مذاق ہے کوئٹہ شہر کے صفائی کی مد میں پٹرول، گاڑیاں اور دیگر مراعات حکومت بلوچستان ادا کر رہی ہے اور جو معاہدہ کیا گیا اس سے آج تک کوئی واقف نہیں ہے معاہدے کو خفیہ رکھا گیا ہے، جس کی ہم مذمت کرتے ہیں

ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ، کنٹونمنٹ بورڈ لورالائی
شبیر شریف روڈ، لورالائی کینٹ
ٹیلی فون/فیکس: 0824-660609 loralai.cb@gmail.com

کنٹونمنٹ بورڈ لورالائی
نوٹس نیلامی حقوق کرایہ داری

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ لورالائی سروے نمبر 1 نیو ایم اے جناح روڈ بائی پاس لورالائی کینٹ پر ایک عدد شوروم رقبہ 70-50 فٹ (3500) سکوائر فٹ کے حقوق کرایہ داری بتاریخ 2026/01/05 دن 11 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ لورالائی میں نیلام عام پیش کر رہا ہے۔ خواہش مند حضرات بولی میں حصہ لیکر اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اگر کسی ناگزیر وجوہات کی وجہ سے بولی نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی مورخہ 2026/01/06 کو اور سہ بارہ بولی 2026/01/07 کو ہوگی۔
نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات کو بولی سے 2 گھنٹے قبل تک اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ہمراہ کال ڈیپازٹ مبلغ 200000 روپے (دو لاکھ) بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر لورالائی کینٹ بطور ضمانت جمع کرانا ہوگا۔ نیلامی سے متعلق مزید معلومات اور شرائط وغیرہ کسی بھی روز دفتری اوقات کار کے دوران کنٹونمنٹ بورڈ لورالائی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر
کنٹونمنٹ بورڈ
لورالائی کینٹ
PID(Q)270/25

عوام کو درپیش مشکلات کا حل بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں ہے، پشتونخوا میپ

میٹروپولیٹن کارپوریشن کو مفلوج کرنے والی جماعتیں ہی بلدیاتی انتخابات کرانا نہیں چاہتیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں وہی جماعتیں رکاوٹ ہیں جنہوں نے 13 سال تک کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو بغیر عوامی نمائندے ایڈمنسٹریٹر کے ذریعے تباہی و بربادی سے دوچار کیا، آج میٹروپولیٹن کارپوریشن مفلوج ہو چکا ہے سینکڑوں ملازمین کو برطرف کرنے کے بعد بھی ملازمین کے لیے تنخواہیں موجود نہیں، شہر میں صفائی کا نظام نجی کمپنی کے تحت کیا جا رہا ہے وہ بھی ناکامی سے دوچار ہیں، گلی محلے کی سطح پر عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ضروری ہے کہ بلدیاتی اداروں کو بحال و فعال بنا کر نچلی سطح پر عوام کے مسائل کو حل کیا جائے اور عوام کے حقیقی نمائندوں کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ جمہوری حق رائے دہی کے استعمال کے لیے عوام کو جمہوری ماحول فراہم کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا میپ کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز نظام عسکر، سردار ادریس بڑیچ، حضرت عمر ایڈووکیٹ و دیگر صوبائی، ضلعی ایگزیکٹوز، تحصیل و علاقائی رہنماؤں نے 28 دسمبر کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابی مہم کے دوران انتخابی دفاتر کے افتتاحی تقاریب، عوامی اولسی جرگوں، کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پارٹی کے امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں اور پارٹی اپنے عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنے عوام کے حقیقی نمائندوں کے ذریعے تمام تر اقدامات اٹھائیگی۔

کوئٹہ، ڈی آئی جی کرائم برانچ ڈاکٹر فرحان زاہد اور ایس ایس پی سید عطاء اللہ شاہ بازیاب کرائے گئے مغوی نوجوان کے حوالے سے میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، جماعت اسلامی

بلدیاتی انتخابات میں عوام نے موقع دیا تو مایوس نہیں کریں گے، عبدالنعیم رند و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند اور صوبائی نائب امیر زاہد اختر بلوچ نے کہا ہے کہ 16 دسمبر پاکستان کو دولخت کرنے کا دن ہے بلوچستان و کوئٹہ میں قوم پرستی لسانیت کی بنیاد پر لوگوں کو لڑانے کی بہت سازشیں ہوئیں بہت نقصانات ہوئے اب پھر بلدیاتی الیکشن میں قوم پرستی لسانیت و نفرت کا نعرہ استعمال کیا جا رہا ہے عوام نفرت و تعصب کا نہیں جماعت اسلامی کا ساتھ دیں، جماعت اسلامی جیتے یا ہارے مسائل حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے نوجوانوں کو روزگار دیں گے آج بھی اس شہر میں چار سو یتیموں کی کفالت جماعت اسلامی کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام پریس کلب کوئٹہ میں "بدل دو نظام کنونشن" سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بنو قابل پروگرام تعلیم و صحت کے ادارے جماعت اسلامی چلا رہی ہے کوئٹہ بلوچستان کے مسائل کا حل جماعت اسلامی ہی ہے سب نے لوٹ لیا سب کو آزما لیا گیا ہے اب جماعت اسلامی کو دیانتداری سے خدمت کیلئے آزمالیا جائے انشاءاللہ عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ انتخابی فہرستوں میں سازش کے تحت مرضی کے ردوبدل و ہیر پھیر سے بلدیاتی انتخابات کے عمل کو مشکوک بنا دیا گیا ہے۔ اس موقع پر نائب امیر جمیل احمد مشوانی اور سلیمان گل نے خطاب میں کہا کہ کوئٹہ کو ترقی امن و روزگار کیلئے عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں خاندانی و موروثی پارٹی کے نام پر بنی پراپرٹیوں کو کوئٹہ کے عوام نے بار بار آزمایا ہے مگر تباہی بربادی و کرپشن اور مسائل میں بدترین اضافہ ہوا ہے۔

کوئٹہ، ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام بلوچستان کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر امیر علی کاکڑ، ڈاکٹر حسین بلوچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی پی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، سربلند جوگیزئی

پیپلز یوتھ کے صوبائی صدر عین الدین کاکڑ، یعقوب خان زیارتوال سے بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پوری قوت کے ساتھ میدان میں اترے گی اور انشاءاللہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔ یہ بات بدھ کو وارث خان اچکزئی کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی صدر عین الدین کاکڑ اور پی پی رہنما یعقوب خان زیارتوال بھی موجود تھے۔ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور ہماری قیادت پارٹی کے وژن اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے سیاست کی ہے۔

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما نورالدین کاکڑ سے جمعیت علماء اسلام کے مولوی محمد ایوب پشتونخوا نیپ کے نداغنگر کی قیادت میں وفد بلدیاتی انتخابات میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

مرکزی مسلم لیگ منظم اور بھرپور انتخابی مہم چلائی جائے گی، محمد ادریس

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ کوئٹہ کا اجلاس بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں صدر کوئٹہ ڈویژن محمد ادریس کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی کابینہ، صوبائی حلقہ جات کے صدور و جنرل سیکرٹریز سمیت دیگر عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور کوئٹہ میں ایک منظم اور بھرپور انتخابی مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر صدر محمد ادریس نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیحات میں شامل رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں مرکزی مسلم لیگ مخالف جماعتوں کو سخت ٹف ٹائم دے گی اور عوام کے اعتماد سے کامیابی حاصل کر کے کوئٹہ کو ایک بہتر، صاف ستھرا اور ترقی یافتہ شہر بنائے گی۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ پارٹی جلد امیدواروں سے درخواستوں کے حصول کا باقاعدہ آغاز کرے گی تاکہ میرٹ پر اہل اور خدمت گزار نمائندے عوام کے سامنے پیش کیے جا سکیں۔ مزید براں شہر بھر میں مرکزی مسلم لیگ کی تشہیری مہم کے آغاز کا بھی فیصلہ کیا گیا

سابق وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ کا شاہد رند کے والد گل حمید رند کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان و سابق وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ نے سینئر صحافی شاہد رند کے والد گل حمید رند کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے میر ضیاء اللہ لانگو نے اپنے تعزیتی پیغام میں مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ شاہد رند اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین۔

مزدور رہنما الٰہی بخش کی وفات پر تعزیت کرنیوالوں سے اظہار تشکر

کوئٹہ (پ ر) سرینا ہوٹل لیبر یونین کے عہدیداران صدر حاجی نجیب خان، سینئر نائب صدر محمد غوث نیٹر نائب صدر اول حاجی غلام قادر، جنرل سیکرٹری خادم حسین بھٹی، جوائنٹ سیکرٹری حاجی رانا عتیق، فنانس سیکرٹری حاجی صادق آغا، سپورٹس سیکرٹری حاجی حفیظ آفس سیکرٹری محمد رفیق اور پریس سیکرٹری محمد حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور تمام لیبر یونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے کہ جنہوں نے کوئٹہ سرینا ہوٹل لیبر یونین کے چیئرمین الٰہی بخش کی وفات پر ہمارے ساتھ شریک ہو کر اس غم کی گھڑی میں ہمارا ساتھ دیا۔ ہم اپنے ان تمام دوستوں کا بھی تہہ دل سے مشکور ہیں کہ جنہوں نے ٹیلی فون کے ذریعے ہم سے اظہار تعزیت کیا۔

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے بزرگ رکن حاجی ولی جان الکوزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے بزرگ رکن، پارٹی کے سابق یونٹ سیکرٹری اور ایک مخلص و دیرینہ سیاسی کارکن حاجی ولی جان الکوزئی انتقال کر گئے۔ مرحوم کی وفات سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایک ایسے سینئر اور وفادار کارکن سے محروم ہو گئی ہے جنہوں نے اپنی پوری زندگی پارٹی، قوم اور عوامی خدمت کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ مرحوم ملک غلام محمد الکوزئی کے فرزند تھے جبکہ مرحوم حاجی بخشی خان الکوزئی، عبدالحلیم الکوزئی اور ولی شاہ الکوزئی کے بھائی تھے۔ وہ اسفندیار الکوزئی، احمد ولی الکوزئی، جسیم ولی الکوزئی اور نثار ولی الکوزئی کے والد، جبکہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے قومی جرگے کے رکن فضل الرحمان الکوزئی، عتیق الرحمان الکوزئی، حاجی نصر اللہ الکوزئی، علاؤالدین الکوزئی اور عطاء الرحمان الکوزئی کے چچا تھے۔ مرحوم حاجی ولی جان الکوزئی کو بروز جمعرات 18 دسمبر صبح دس بجے مشرقی بائی پاس، کیو ڈی اے قبرستان کوئٹہ میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ تعزیتی بیان میں مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی گئی ہے کہ وہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق اور صبر جمیل عطا کرے

عبدالرحیم زیارتوال کے چچازاد حاجی صالح محمد ترین انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کے چچا زاد بھائی، ماسٹر سید محمد ترین کے بھائی، افضل ترین اور اکمل ترین کے والد حاجی صالح محمد ترین وفات پا گئے۔ مرحوم کو اپنے آبائی گاؤں کلی کواس غربی ضلع زیارت میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ تجہیز و تدفین کے مراسم میں پشتونخوا میپ کے مرکزی ایڈیشنل مالیات سیکرٹری آغا سید لیاقت علی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار حبیب الرحمن، قبائلی عمائدین، علماء کرام سمیت پارٹی کے ضلعی، تحصیل رہنماؤں، کارکنوں، نعمت کاکڑ، سید اکبر آغا، سید انور آغا اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ فاتحہ خوانی خضریٰ مسجد سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک چار کوئٹہ میں ہو گی۔ دریں اثناء پشتونخوا میپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی ایگزیکٹوز نے حاجی صالح محمد ترین کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے

اورنگزیب کاکڑ ذمہ دار، باکردار اور نظریاتی قانون دان ہیں، پشتونخوا نیپ

کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، صوبائی کمیٹی کا بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی جانب سے جاری کردہ بیان/پریس ریلیز میں پارٹی کی صوبائی کمیٹی کے معزز رکن اور پشتونخوا لائرز فورم کے ایگزیکٹو رکن، ممتاز قانون دان ایڈووکیٹ اورنگزیب کاکڑ کو کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر منتخب ہونے پر دلی، پرخلوص اور والہانہ مبارکباد پیش کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایڈووکیٹ اورنگزیب کاکڑ کی بطور صدر کامیابی دراصل ان کی انتھک محنت، پیشہ ورانہ اہلیت، اصول پسندی اور وکلا برادری کے اجتماعی مفادات کے لیے مسلسل جدوجہد کا اعتراف ہے۔ وہ ایک ذمہ دار، باکردار اور نظریاتی قانون دان ہیں جنہوں نے ہمیشہ آئین و قانون کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور وکلا کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اور جرأت مندانہ کردار ادا کیا ہے۔ پریس ریلیز میں اس امید کا اظہار کیا گیا ہے کہ ایڈووکیٹ اورنگزیب کاکڑ کی قیادت میں کوئٹہ بار ایسوسی ایشن مزید منظم، مضبوط اور فعال ادارے کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے گی، وکلا کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے اور بار اور بینچ کے درمیان ہم آہنگی میں مزید بہتری آئے گی۔ ان کی قیادت نہ صرف وکلا برادری بلکہ مجموعی طور پر جمہوری اقدار، انسانی حقوق اور قانون کی حکمرانی کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ آخر میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ایڈووکیٹ اورنگزیب کاکڑ کو اس اہم آئینی و پیشہ ورانہ ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانے کی توفیق عطا فرمائے اور انہیں مزید کامیابیوں سے سرفراز کرے۔

پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، سربلند جوگیزئی

بلدیاتی الیکشن میں پارٹی امیدواروں کی کامیابی کیلئے رابطے جاری ہیں

سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کیلئے دروازے کھلے ہیں، بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و میڈیا سیل کے سربراہ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی طاقت اور آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے آنے والے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی، انتخابات میں سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کیلئے مختلف سیاسی جماعتوں سے رابطوں کا سلسلہ بھی جاری ہے انشاءاللہ کوئٹہ کا میئر پیپلز پارٹی کا جیالا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں اور پارٹی امیدواروں کی کامیابی سے متعلق لائحہ عمل بھی طے کیا گیا۔ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا، مکان اور روزگار دیا یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر خان گورگیج اور دیگر قائدین کی قیادت میں فعال اور منظم ہے اور انشاءاللہ 28 دسمبر کو کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی عوام کے ووٹوں کی طاقت سے بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے پارٹی کے امیدواروں کی کامیابی کیلئے بھرپور انتخابی مہم چلائیں انشاءاللہ کوئٹہ کے ٹاؤنز چیئرمین اور میئر کوئٹہ پیپلز پارٹی کے جیالے ہوں گے جو کامیابی کے بعد عوام کی بلارنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں گے۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

قلم اور کتاب کی طاقت سے علاقے کی تقدیر بدل لیں گے، عبدالخالق ذاکر

مخلص نمائندوں کی کامیابی سے ترقی کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی، امیدوار یونین کونسل 36

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) معروف سیاسی و سماجی شخصیت خادم ہزار گنجی عبدالخالق ذاکر محمد حسنی نے اخباری بیان میں یونین کونسل 36 کے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا پینل بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گا۔ عبدالخالق ذاکر محمد حسنی نے امیدواروں کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ وارڈ نمبر 1 سے حاجی اختر محمد حسنی، وارڈ نمبر 2 سے سابق وائس چیئرمین شاہ دیزئی حافظ محمد ابراہیم محمد حسنی، وارڈ نمبر 3 سے امیر عبدالحق محمد حسنی۔ انہوں نے پختہ یقین ظاہر کیا کہ یہ تمام امیدوار اپنی عوامی خدمات اور نیک نامی کی بدولت بھاری اکثریت سے کامیاب ہوں گے۔ عوام مخلص قیادت کا انتخاب کرنا جانتے ہیں، اور ان امیدواروں کی کامیابی علاقے میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حافظ عبدالغیاث محمد حسنی کا بلامقابلہ منتخب ہونا اس بات کی علامت ہے کہ عوام کا رخ کس جانب ہے۔ ان شاءاللہ باقی وارڈز میں بھی جمعیت علماء اسلام سویپ کرے گا۔ ووٹ دیں "کتاب" کو منتخب کریں شعور کو! یونین کونسل 36 کے غیور عوام کے نام پیغام آنے والا کل آپ کے ایک ووٹ پر منحصر ہے۔ ترقی، خوشحالی اور بہترین نمائندگی کے لیے جمعیت علماء اسلام کا ساتھ دیں۔ ہمارے امیدوار برائے جنرل کونسلر: وارڈ نمبر 1: حاجی اختر محمد حسنی، وارڈ نمبر 2: حافظ محمد ابراہیم محمد حسنی (سابق وائس چیئرمین)، وارڈ نمبر 3: امیر عبدالحق محمد حسنی انتخابی نشان: کتاب "قلم اور کتاب کی طاقت سے ہم اپنے علاقے کی تقدیر بدلیں گے۔ ہمارا عزم: خدمت خلق اور انصاف ہے۔

عوام کی خدمت پارٹی کے شعار میں شامل ہیں، حضرت عمر ایڈووکیٹ

ووٹ دے کر امیدواروں کو کامیاب کرایا جائے انتخابی دفاتر میں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا میپ کے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حضرت عمر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت پارٹی کے شعار میں شامل ہیں، درست قومی سیاست اور عوام کی بلارنگ، نسل، مذہب، زبان، فرقہ خدمت پارٹی نے ہمیشہ کی ہے اور کرتی رہیگی۔ کسی سے اس بنیاد پر نفرت نہیں کرتی کہ وہ کس مذہب یا کس رنگ کا ہے بلکہ ہر شعبہ زندگی میں عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لیے پارٹی کارکنان شب و روز سرگرم اور اپنی قومی سیاسی جمہوری جدوجہد کو دوام دیئے ہوئے ہیں اور پارٹی اپنے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں خان شہید اور پارٹی کے دیگر شہداء و اکابرین کے ملی ارمانوں کی تکمیل کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کریگی۔ عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ 28 دسمبر کو پارٹی کے نامزد امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ ڈالیں اور پارٹی کے انتخابی نشان درخت پر مہر لگائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کوئٹہ تحصیل صدر سے مربوط خان شہید پشتون باغ علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں انتخابی دفاتر کے افتتاح کے موقع پر اجتماعات اور صدر تحصیل سے مربوط 7 علاقائی یونٹوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی کمیٹی کے رکن محمد دین لالا، حاجی حبیب آغا، ضلع معاونین ولی جان اچکزئی، ادریس اچکزئی، تحصیل معاونین علاؤالدین خان، سلیم ناصر و دیگر شریک تھے۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

گورنر جعفر خان مندوخیل سے یو این ایچ سی آر کے نمائندہ ملاقات کر رہے ہیں

زبانوں کی بقا اور ترویج کیلئے نہیں معاشی نظام سے جوڑا جائے، ڈاکٹر بہرام غوری

گلوبلائزیشن کے عہد میں کوئی زبان اس وقت تک آگے نہیں بڑھ سکتی جب تک وہ منڈی کی زبان نہ بنے

ہزارگی زبان دیگر زبانوں کی نسبت ترک زبانوں سے زیادہ قریب ہے، احمد علی کوہزاد، علی رضا و دیگر

کوئٹہ، کمیلاغ آزرگی کے زیراہتمام تقریب چیئرمین علی تورانی، علی ہمدم مصطفیٰ اشلاقی و دیگر خطاب کر رہی ہیں

ڈیرہ بگٹی: مویشیوں کے علاج پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، ڈاکٹر عارف بگٹی

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی ڈیری فارم کے افسر ڈاکٹر عارف عباس بگٹی نے کہا ہے کہ جب سے چارج سنبھالا ہے ڈیری فارم کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں۔ ڈیری فارم میں موجود مویشیوں کی خوراک، دیکھ بھال اور علاج معالجے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ معیاری چارے کی فراہمی اور جانوروں کی بہتر خدمت کے باعث دودھ کی پیداوار میں بھی واضح بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے۔ ڈیرہ بگٹی کے عوام کو صرف 150 روپے فی کلو دودھ فراہم کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

منشیات کے خلاف تمام ادارے فعال ہیں، آئی جی اسلام آباد

فروخت میں ملوث عناصر کو منظر عام پر لا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، سید علی ناصر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں تعلیمی اداروں سے منشیات کے مکمل خاتمے کیلئے کوآرڈی نیشن میٹنگ کا انعقاد کیا، جس میں اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران سمیت سکولوں اور کالجوں کے نمائندوں نے شرکت کی، میٹنگ میں اسلام آباد پولیس اور تعلیمی اداروں کی انتظامیہ نے مکمل ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کیلئے باقاعدہ فوکل پرسن مقرر کئے، جبکہ منشیات کے خاتمے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے محفوظ رکھنے کیلئے جامع حکمت عملی بنانے کا فیصلہ بھی کیا تاکہ اس مکروہ کاروبار میں ملوث تمام عناصر کے سدباب کو یقینی بنایا جاسکے، اس کے ساتھ نوجوان نسل میں اس ناسور کے نقصانات کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کیلئے خصوصی آگاہی سیمینارز منعقد کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ تمام فریقین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی حفاظت کیلئے تمام تر موجودہ وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا اور کسی بھی مرحلے کے دوران نرمی اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ اس منشیات کے نیٹ ورکس کو نہ صرف توڑا جائے گا بلکہ اس میں ملوث تمام عناصر کو منظر عام پر لانے سمیت ان کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

عوام کو کلچر کے حوالے سے آگاہی فراہم کرینگے، حمید اللہ ناصر

بلوچستان ثقافت کے حوالے سے ایک اہم صوبہ ہے، تمام ہیڈ کوارٹر میں آگاہی مہم شروع کرینگے

عوام کو اپنی ثقافت سے باخبر رکھنے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائے جائیں گے، سیکرٹری کلچر

... ہیڈ کوارٹرز میں کلچر کے حوالے سے کامیاب پروگرام کا انعقاد کر کے عوام کو کلچر کے حوالے سے آگاہی مہم فراہم کرینگے وزیراعلیٰ بلوچستان کا خصوصی ہدایت ہے کہ بلوچستان ثقافت کے حوالے سے ایک اہم صوبہ ہے جس کی رہنمائی اور عوام کو اپنے ثقافت سے باخبر رکھنے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار ... ہوئے بھی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کلچر یا ثقافت کے حوالے سے ایک اہم صوبہ ہے جہاں پر ہر وقت عوام نے اپنا ثقافت کو اپنایا گیا ہے بلکہ ثقافت کو کامیاب بنانے کے لیے کوشش بھی کی ہے موجودہ حکومت نے بھی کلچر کو فروغ دینے کے لیے سنجیدگی کے ساتھ کوشش شروع کی ہے اور اس سلسلے میں کوئٹہ ... سامنے لانے کی بھرپور کوشش کی ہے اور آئندہ بھی کریں گے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت اور اس حوالے سے ان کی دلچسپی بھی شامل ہے جہاں ان کی رہنمائی ہمارے ساتھ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کے کلچر کو پروموٹ کیا جائے۔

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کے ہمراہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر غزہ کیلئے امدادی سامان بھیجنے سے قبل میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

کسٹمز حکام کی عوام دشمن پالیسیوں پر نظرثانی کی جائے، اے کیو ایم

گوداموں پر چھاپے اور کروڑوں کا مال ضبط کرنا ظلم کے مترادف ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) اے کیو ایم کے صوبائی بیان میں ایف سی اور کسٹم حکام کی طرف سے کوئٹہ اور دیگر شہروں میں تجارتی سامان کے گوداموں پر چھاپے اور کروڑوں روپے کا سامان ضبط کرنے کو عوام سے دو وقت کی روٹی چھیننے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بارڈرز پر تجارت کی بندش کے باوجود تاجروں اور دکانداروں پر ناروا پالیسی مسلط کرنا قابل مذمت عمل ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ قلعہ عبداللہ سمیت دیگر پشتون اضلاع کے عوام کا واحد ذریعہ معاش پاک افغان بارڈر پر تجارت ہے لیکن اسے بھی ایک خاص سازش کے تحت بند کیا جا رہا ہے جو عوام کو نان شبینہ کا محتاج بنانے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام پشتون بیلٹ پر ظلم ہے۔ موجودہ پالیسی تاجروں کی معاشی قتل کے مترادف ہے۔ بعض باوثوق ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ بڑے تاجروں کا مال رات کی تاریکی میں ملی بھگت سے گزرتا ہے جس سے غریب تاجروں اور لغڑیوں کی حوصلہ شکنی ہو رہی ہے۔ بیان میں وفاق سے مطالبہ کیا گیا کہ صوبے میں بدترین بیروزگاری اور مہنگائی کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کسٹم حکام کی سخت اور عوام دشمن پالیسی پر نظرثانی کی جائے۔

28 دسمبر کو حق پر قائم امیدوار کامیاب ہونگے، پشتونخوا نیپ

ہم دروغ گوئی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، کوتوال میں انتخابی دفتر کا افتتاح

چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے، مقررین کا خطاب

کوئٹہ (اے پی این) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 28 دسمبر کو حق و صداقت پر قائم رہنے والوں کی فتح یقینی ہے اور عوام جھوٹ، فریب اور دروغ گوئی کی سیاست کو مکمل طور پر مسترد کر دیں گے۔ ہم اصولوں، سچائی اور عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں اور کسی بھی صورت جھوٹے نعروں اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں کو قبول نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیپ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری رحمت اللہ صابر، علاقائی سیکرٹری راز محمد ولخیار، علاقائی سینئر معاون عبیداللہ سنزر، ضلع کمیٹی کے ممبران تاج الدین افغان، اللہ نور لالا، عبدالرزاق جہانگیر کاکڑ اور مختلف حلقوں سے پارٹی امیدواروں نے کلی کوتوال علاقائی انتخابی دفتر کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا نیپ نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور قومی تشخص کے تحفظ کیلئے جدوجہد کی ہے۔ پارٹی نے ہر دور میں قربانیاں دی ہیں اور کبھی بھی کسی قسم کی مصلحت یا اقتدار کی خاطر اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج عوام سیاسی شعور رکھتے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ کون سچ بول رہا ہے اور کون ذاتی مفادات کیلئے سیاست کر رہا ہے۔ پشتونخوا نیپ کے رہنماؤں نے کہا کہ 28 دسمبر کا دن فیصلہ کن ثابت ہوگا اور عوام حق، صداقت اور اصولی سیاست کے حق میں اپنا فیصلہ سنائیں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ خوف اور لالچ کو مسترد کرتے ہوئے اپنے ووٹ کا درست استعمال کریں اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کو کامیاب بنا کر ایک روشن، پرامن اور باوقار مستقبل کی بنیاد رکھیں۔

جامعہ تربت نے انٹری ٹیسٹ کے نتائج کا اعلان کر دیا

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت نے اسپرنگ 2026 سیشن کے لیے مختلف انڈر گریجویٹ ڈگری پروگرامز میں داخلے کے انٹری ٹیسٹ کے نتائج کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ پہلی میرٹ لسٹ میں منتخب ہونے والے امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ داخلہ فیس 24 دسمبر 2025 تک حبیب بینک لمیٹڈ کی یونیورسٹی آف تربت برانچ میں یونیورسٹی کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں۔ فیس جمع کروانے کے بعد جمع شدہ چالان کی ایک نقل ایڈمیشن سیل میں جمع کریں۔ فیس چالان تربت یونیورسٹی کے مین کیمپس میں واقع ایڈمیشن سیل سے دفتری اوقات کے دوران حاصل کیا جا سکتا ہے۔ منتخب امیدواروں کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے تمام اصل تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی ایڈمیشن سیل سے تصدیق کروانے کے لیے تمام دستاویزات اپنے ساتھ لائیں۔ بصورت دیگر داخلہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔

خاران: ایک شخص گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (آن لائن) خاران پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز خاران میں راہزن اکبر نامی شخص کے بیٹے سے موٹر سائیکل چھین کر لے گئے جس پر پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم فیصل کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے قبضے میں لے لی۔

بھاگ: مسلح افراد ویگن مسافروں کو لوٹ کر فرار

بھاگ (نمائندہ مشرق) پولیس تھانہ بھاگ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک مسافر ویگن کو روک کر لوٹ لیا۔ ویگن میں سوار تمام مسافروں سے نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔

اوتھل: پنجاب پولیس کو اغواء کیس میں مطلوب شخص گرفتار

مغوی لڑکی بازیاب، پولیس کی کارروائی زیرو پوائنٹ پر عمل میں لائی گئی

اوتھل (این این آئی) پنجاب کے ضلع سرگودھا کی تحصیل کوٹ مومن تھانہ کی حدود سے لڑکی کو اغواء کرنے والے ملزم کو بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کی پولیس نے اوتھل میں دھر لیا۔ لڑکی بازیاب، لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے مطابق مخبر خاص کی اطلاع پر پولیس نے مین آر سی ڈی شاہراہ زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ کے مقام پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اغواء کار اظہر اقبال ولد بشیر احمد سکنہ تحصیل کوٹ مومن ضلع سرگودھا پنجاب کو گرفتار کر لیا۔ اور مغوی لڑکی کو بازیاب کرا لیا گیا ملزم لڑکی کو اغواء کرنے کے کیس میں پنجاب پولیس کو مطلوب تھا۔ اس سلسلے میں تھانہ کوٹ مومن سرگودھا پولیس کو اطلاع دے دی گئی ہے انہیں حسب ضابطہ سرگودھا پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔

پی ایم ڈی سی کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے، پی یو ڈبلیو ایف

فیصلہ مزدور و عوام دشمن اور قومی مفادات کے بھی خلاف ہے، پیر محمد کاکڑ و دیگر

کوئٹہ (پ ر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ، عزیز احمد ساربانزئی، حبیب اللہ عارف، شاہ محمد، رفیق نصیب اللہ خان، امیر خان، حضرت خان، سید عبدالحکیم، شیر محمد کاکڑ، خوشحال خان، امیر خان اور دیگر نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان منرلز ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی نجکاری کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت اور فیصلے کو مسترد کرتے ہیں۔ پی ایم ڈی سی ایک اسٹریٹجک اور منافع بخش قومی ادارہ ہے، جس کی نجکاری دراصل قومی وسائل کی فروخت اور محنت کشوں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ یہ فیصلہ مزدور و عوام دشمن اور قومی مفادات کے خلاف ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں محنت کشوں کا روزگار داؤ پر لگ جائے گا اور ملک کے قیمتی معدنی وسائل چند سرمایہ داروں کا قبضہ ہوگا۔ پی یو ڈبلیو ایف وفاقی حکومت کو خبردار کرتی ہے کہ پی ایم ڈی سی کی نجکاری کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے، بصورت دیگر بلوچستان سمیت ملک بھر میں غیر معینہ مدت تک احتجاج کا اعلان کیا جائے گا۔ جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

زرغون ٹاؤن کیلئے تحریک انصاف کی رابطہ کمیٹی قائم

کمیٹی میں میر علی آغا، قربان احمد بحرانی، عمران حسین ہزارہ، نعمت خان شامل

اراکین بلدیاتی انتخابات کے اختتام تک اپنی ذمہ داریاں انجام دے گی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے زرغون ٹاؤن کے لیے ایک رابطہ کمیٹی قائم کر دی گئی ہے تاکہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے دوران سیاسی عملے اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان رابطہ اور ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس کمیٹی کے ذمہ کاموں میں دیگر سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ رابطہ، اجلاس اور مذاکرات، انتخابات کے دوران سہولت فراہم کرنا اور مرکزی انتخابی رابطہ کمیٹی کو رپورٹس اور فیڈبیک فراہم کرنا شامل ہے۔ کمیٹی کے رکن ہیں: میر علی آغا، قربان احمد بحرانی، عمران حسین ہزارہ، نعمت خان نورزئی، اور رحمن الدین خلجی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ کمیٹی فوری طور پر فعال ہو جائے گی اور بلدیاتی انتخابات کے اختتام تک اپنی ذمہ داریاں انجام دے گی۔

استامحمد: مسروقہ موٹر سائیکل و بکری برآمد، ملزم گرفتار

استامحمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) استا محمد پولیس نے چوری شدہ موٹر سائیکل اور بکری برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ سٹی، سی آئی اے انچارج اور ون فائیو ٹیم نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ شب قربان کالونی سے چوری ہونے والی موٹر سائیکل اور بکری برآمد کر لی اس دوران ملزم معشوق علی کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

یوسف رضا گیلانی کا مخدوم سید باقر گیلانی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

ملتان (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مخدوم سید باقر گیلانی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بدھ کو یہاں مرحوم کے صاحبزادوں سے ملاقات کی اور تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم مخدوم سید باقر گیلانی کی وفات خاندان اور اہل علاقہ کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے مرحوم کی دینی و سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک باوقار اور نیک سیرت شخصیت تھے، جن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

اسلام آباد میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات

قائداعظم یونیورسٹی کی اراضی پر تجاوزات کے خاتمہ کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے، چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور وائس چانسلر قائداعظم یونیورسٹی ڈاکٹر نیاز احمد اختر کی سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، محمد مرتضیٰ نورسینئر ایلومنائے قائداعظم یونیورسٹی سمیت دیگر سینئر افسران نے بھی شرکت کی۔ ملاقات میں قائداعظم یونیورسٹی کی لینڈ سے متعلق مسائل اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں قائداعظم یونیورسٹی کی لینڈ کے سروے کرانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس ضمن میں سروے کرانے، تجاوزات کی نشاندہی اور قانونی تقاضوں کے مطابق کارروائی کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ قائداعظم یونیورسٹی کی اراضی پر ہر طرح کی تجاوزات کے خاتمے کیلئے سی ڈی اے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے اسلام آباد بھر میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے سرگرم عمل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سی ڈی اے کی قائداعظم یونیورسٹی کے سینڈیکیٹ میں نمائندگی سے باہمی رابطے مزید مضبوط ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم یونیورسٹی اور سی ڈی اے کے درمیان انٹرن شپ پروگرام کے ذریعے بہترین انسانی وسائل کی دستیابی ممکن ہو سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں تعلیمی اداروں اور انڈسٹری کے درمیان روابط کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ وائس چانسلر قائداعظم یونیورسٹی ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے کہا کہ صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط سے عملی تحقیق، جدت اور روزگار کے مواقع کو فروغ دیا جا سکے گا۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

شدید دھند کے باعث ٹریفک حادثات، 8 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

بس اور ٹریلر میں تصادم کے باعث خاتون اور بچہ جاں بحق 3 افراد زخمی ہو گئے

صادق آباد/جھنگ/حیدرآباد (این این آئی) شدید دھند کے باعث مختلف شہروں میں ٹریفک حادثات میں 8 افراد جاں بحق متعدد زخمی ہو گئے۔ جھنگ میں کوئٹہ جانے والی مسافر بس ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں ایک مسافر جاں بحق جبکہ چار زخمی ہو گئے۔ اوچ شریف میں بس اور ٹریلر میں تصادم کے باعث خاتون اور بچہ جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے، لیاقت پور میں دھند کے باعث کار کھالے میں جا گری جس سے دو سالہ بچے سمیت 2 افراد زخمی ہو گئے۔ صادق آباد میں دھند کے باعث شوگر ملز کی بس الٹ گئی جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق، 15 سے زائد زخمی ہو گئے۔ جامشورو انڈس ہائی وے پر مسافر کوچ اور سوزوکی پک اپ میں تصادم کے باعث ایک خاتون سمیت دو افراد جاں بحق جبکہ 20 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو عملہ کے مطابق جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔

بھارت میں اقلیتوں کے حقوق پامال ہو رہے ہیں، قدسیہ ناموس

خاتون ڈاکٹر کے حجاب میں مداخلت پر ناظمہ حلقہ خواتین کی شدید تنقید

اسلام آباد (این این آئی) ناظمہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد قدسیہ ناموس نے کہا ہے کہ بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار کی جانب سے ایک سرکاری تقریب میں مسلمان خاتون ڈاکٹر کے حجاب کے ساتھ ناروا سلوک نہ صرف اس فرد کے وقار کی خلاف ورزی ہے بلکہ بھارت میں مسلمانوں کے لیے مذہبی آزادی اور اقلیتوں کے بنیادی حقوق کی مسلسل پامالی کی کھلی مثال ہے۔ قدسیہ ناموس نے کہا کہ بھارت میں مسلمانوں کے لیے مذہبی آزادی محض کاغذوں تک محدود ہے اور اقلیتوں کے تحفظ کے دعوے حقیقت میں برقرار نہیں ہیں۔ سرکاری عہدہ رکھنے والے افراد کا کسی مسلمان خاتون کے مذہبی لباس یا شناخت میں مداخلت کرنا طاقت کے غلط استعمال اور متعصبانہ رویے کا واضح ثبوت ہے، جو اقلیتوں کے تحفظ کے فقدان کو مزید نمایاں کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حجاب مسلمان عورت کے لیے صرف لباس نہیں بلکہ اس کا دینی حق، ذاتی انتخاب اور وقار کی علامت ہے، جس میں مداخلت کسی بھی جمہوری یا مہذب معاشرے میں ناقابل قبول ہے۔ قدسیہ ناموس نے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں اور عالمی ضمیر سے سوال کیا کہ کیا اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت صرف کاغذی دعوے تک محدود رہیں گے، یا واقعی ایسے واقعات کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

ایم ڈی پی ٹی یو ناموود الرحمن، عاصم مشتاق، خیر محمد رند و دیگر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

محمد رحیم انتقال کر گئے

حاجی باچا بقضائے الٰہی سے وفات کر گئے حاجی محمد کریم کا بھائی، مرحوم حاجی محمد نبی، حاجی محمد نظر، محمد سید، حاجی محمد جمعہ، عبداللہ کے والد، محمد رحیم کے چچا تھے جنکا فاتحہ خوانی پشتون آباد جلیبا چوک اکرمین مسجد میں جاری ہے قرآن پاک کا ختم اور نیاز بروز جمعہ کو ہوگا۔ موبائل نمبر 03122788443

اسلام آباد سے لاہور گاڑی خریدنے آئے تین بھائی لٹ گئے

نوسرباز نے گھر اور گاڑی کسی کی دکھائی جبکہ رقم خود لے کر بھاگ گیا

لاہور (این این آئی) اسلام آباد سے لاہور گاڑی خریدنے آئے تین بھائی ڈیفنس میں لٹ گئے، نوسرباز نے گھر اور گاڑی کسی کی دکھائی جبکہ رقم خود لے کر بھاگ گئے۔ شیخ عثمان اپنے بھائیوں شیخ اسد اور شیخ حبیب کے ہمراہ گاڑی خریدنے آیا۔ گاڑی دلوانے کے لیے نوسرباز ملزمان حمزہ اور مراد ڈیفنس کے رہائشی نعمان کے گھر لے گئے۔ مدعی مقدمہ کے مطابق ملزمان نے 45 لاکھ لے کر گاڑی کی ٹیسٹ ڈرائیو کروائی، بائیو میٹرک اور اسٹاپ کروانے گئے جہاں نوسرباز رقم لیکر بھاگ گئے۔ نعمان کے سامنے پیسے دیے جو گاڑی دینے سے بھی انکاری ہو گیا۔ مدعی مقدمہ عثمان کے مطابق پولیس نے مقدمہ درج کر لیا تاہم فوٹیج کے باوجود ملزمان گرفتار نہیں ہوئے، صبح شام تھانے کے چکر لگائے مگر انوسٹی گیشن پولیس ملزمان کے خلاف کارروائی نہیں کر رہی۔ بھائیوں نے اپیل کی ہے

اسلام آباد، امریکی سفارتخانے کا جعلی اہلکار گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے امریکی سفارت خانے کے جعلی اہلکار افغان شہری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق افغان شہری گاڑی پر گیٹ نمبر 2 سے ڈپلومیٹک انکلیو میں داخل ہوا جس کی نشاندہی پہلے ہی سے پولیس اور امیگریشن اہلکاروں نے کر رکھی تھی۔ ذرائع کے مطابق افغان شہری فراڈ کے کیسز میں پولیس کو مطلوب تھا، امریکی سفارت خانے نے بھی اس سے متعلق شکایت کر رکھی تھی۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے انٹیلی جنس ایجنسیوں کی مدد سے افغان شہری حارث کو گرفتار کیا، جسے مزید کارروائی کے لیے تھانہ سیکرٹریٹ منتقل کر دیا گیا ہے۔

کراچی ایئرپورٹ پر مسافر کا پاسپورٹ پھٹنے کے قصوروار کا تعین ہو گیا

تحقیقاتی رپورٹ میں بڑا انکشاف، مسافر بیرون ملک سفر نہ کر سکا

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر نجی ایئرلائن کے عملے کی جانب سے مسافر کا پاسپورٹ پھاڑنے کی تحقیقات میں اہم پیشرفت ہوئی جس میں عملے کو قصوروار قرار دیا گیا ہے۔ پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے ایک روز قبل کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بیرون ملک جانے والے مسافر کا عین روانگی کے وقت پاسپورٹ پھاڑنے کے واقعے کی تحقیقات کیں اور اہم نکات پر مبنی رپورٹ تیار کر لی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی کی تحقیقات میں ایئر بلیو کاؤنٹر پر موجود اسٹاف کو قصوروار قرار دیا گیا ہے۔ خاتون ملازم کرن نے مسافر کا پاسپورٹ دیکھا اور جلدی میں اسٹیکر ہٹانے کی کوشش کی جس کی وجہ سے وہ پھٹ گیا۔ تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ مسافر قدرت اللہ ایئر بلیو کی فلائٹ پا170 پر جدہ جا رہا تھا، وہ دوپہر ایک بجکر 25 منٹ پر ایئرلائن کے کاؤنٹر پر پہنچا تھا تاہم پاسپورٹ پھٹ جانے کی وجہ سے سفر نہ کر سکا۔

افغان تعلیمی نظام داعش اور القاعدہ کا سہولت کار ہے، امریکی جریدہ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی جریدے دی نیشنل انٹرسٹ نے اپنی ایک تازہ رپورٹ میں افغان طالبان کے امیر ہیبت اللہ اخوندزادہ کی حکمت عملی کو القاعدہ اور داعش سے مماثل قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق طالبان حکومت کا تعلیمی اور مدرسہ نظام ایک نظریاتی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے، جس کے ذریعے نوجوان نسل کی منظم ذہن سازی کی جا رہی ہے۔ دی نیشنل انٹرسٹ نے اقوام متحدہ کے حوالے سے بتایا ہے کہ طالبان کے 20 سے زائد علاقائی اور عالمی شدت پسند تنظیموں سے روابط موجود ہیں۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ افغانستان میں ایک ایسی نسل تیار کی جا رہی ہے جو عالمی جہاد کو دینی فریضہ سمجھتی ہے، جو مستقبل میں خطے اور دنیا کے لیے سنگین خطرات پیدا کر سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2021 کے بعد مدارس کے نصاب میں واضح تبدیلیاں کی گئیں اور تعلیم کو اطاعت، شدت پسندی اور نظریاتی وفاداری کے فروغ کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ طالبان کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ لڑکیوں کے اسکول اسی صورت کھولے جائیں گے جب نصاب ان کے نظریاتی معیار پر پورا اترے گا۔ دی نیشنل انٹرسٹ کے مطابق طالبان کی تشریح اسلام نہ افغان اور نہ ہی پشتون روایات کا تسلسل ہے

امریکی ٹیرف سے پاکستانی تاجروں کیلئے مواقع پیدا ہو گئے، نوید چوہدری

نوجوان عالمی سوچ، ڈیجیٹل اسکلز اور سماجی ذمہ داری اپنائیں، صدر پاکستانی امریکن چیمبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی امریکن چیمبر آف کامرس کے صدر نوید انور چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستانی تاجروں کیلئے دنیا بھر میں نئے مواقع پیدا ہو چکے ہیں، بالخصوص امریکہ کی جانب سے ٹیرف کے معاملے میں پاکستان کو دی جانے والی خصوصی رعایت کے بعد عالمی معیار کو اپناتے ہوئے پاکستانی مصنوعات نہ صرف بین الاقوامی منڈی میں پذیرائی حاصل کر سکتی ہیں بلکہ تجارتی حجم کو بھی نئی بلندیوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت، دیانت اور مستقل مزاجی کو شعار بنا کر نوجوان نسل نہ صرف پاکستان کی معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی اپنا نام منوا سکتی ہے۔ وہ پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی میں طلبا و طالبات سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر پروفیسر بشریٰ ذوالفقار، پروفیسر انجم اور پروفیسر ضیا بھی موجود تھے۔ نوید انور چوہدری نے کہا کہ امریکہ منتقل ہونے کے باوجود پاکستان سے وابستگی اور تعلق ہمیشہ قائم رکھا، پاکستانیوں سے رشتے اور ناطے کبھی منقطع نہیں کیے بلکہ بطور صدر پاکستانی امریکن چیمبر آف کامرس ان رشتوں کو مزید مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ عرصے میں پاکستان اور امریکہ کے تعلقات میں نمایاں بہتری آئی ہے اور معرکہ حق کے بعد پاکستان کا عالمی مقام مزید بلند ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کی تقدیر کا فیصلہ نوجوان کرتے ہیں، اگر نوجوان باخبر، باہمت اور باکردار ہوں تو کوئی طاقت اس قوم کو ترقی سے نہیں روک سکتی۔ آج کی دنیا صرف مقامی نہیں رہی بلکہ ایک گلوبل ویلج بن چکی ہے، ایسے میں ہمیں گلوبل لیڈر شپ کی ضرورت ہے۔ گلوبل لیڈر شپ کا مطلب یہ ہے

رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن سے بلدیاتی امیدوار ارشد یوسفزئی مصافحہ کر رہے ہیں

ملک بھر میں میٹرک کی سطح پر 2 نئے تعلیمی گروپ شامل کرنے کی تجویز

غیر ملکی تعلیمی اسناد کی مساوات سے متعلق بھی فیصلہ کیا جائے گا، آئی بی سی سی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں میٹرک کی سطح پر دو نئے تعلیمی گروپ شامل کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے، میٹرک کی سطح پر ٹیکنیکل اور زراعت پڑھانے کی تجویز ہے۔ میٹرک کی سطح پر 2 نئے تعلیمی گروپس سے متعلق آئی بی سی سی کا مشاورتی اجلاس طلب کر لیا گیا ہے جس میں مضامین کی گروہ بندی اور اعلیٰ تعلیم کے متبادل راستوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ آئی بی سی سی کا اجلاس 23 دسمبر کو اسلام آباد میں ہوگا جس میں انٹر میں پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ گروپس میں داخلے کی اہلیت پر بھی غور ہوگا۔ اجلاس میں میٹرک کی سطح پر متبادل مضامین کی مساوات پر مشاورت کی جائے گی اور غیر ملکی تعلیمی اسناد کی مساوات سے متعلق بھی فیصلہ کیا جائے گا۔ اجلاس میں جنرل اور ووکیشنل ٹریننگ کی تعلیم سے متعلق بھی گفتگو کی جائے گی جبکہ میٹرک ٹیکنیکل اور زراعت میں کرنے والے طلبا کے میڈیکل اور انجینئرنگ داخلے سے متعلق بھی غور کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں تعلیمی اصلاحات کے لیے قومی ورکنگ گروپ قائم کرنے کی تجویز بھی ایجنڈے میں شامل ہے۔

پی ٹی آئی کے 80 فیصد اراکین خیبر پختونخوا اسمبلی اسلام آباد پولیس کو مطلوب

پی ٹی آئی کے اکثر ایم پی ایز نے ابھی تک کسی عدالت سے ضمانت بھی نہیں لی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے 80 فیصد اراکین خیبر پختونخوا اسمبلی اسلام آباد پولیس کو مطلوب ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد پولیس نے ماضی میں درج مقدمات کی تفصیلات اکٹھی کر لی ہیں جس کے مطابق پی ٹی آئی کے 70 ایم پی ایز اسلام آباد پولیس کو مطلوب ہیں جن کیخلاف مقدمات 18 مختلف تھانوں میں 2022 سے نومبر 2024 تک درج کیے گئے۔ مقدمات میں دہشت گردی، پولیس اور رینجرز اہلکاروں کے قتل جیسی سنگین دفعات شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے اکثر ایم پی ایز نے ابھی تک کسی عدالت سے ضمانت بھی نہیں لی۔ پولیس حکام کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد پولیس کو 11 مقدمات میں مطلوب ہیں، سہیل آفریدی پر 7 ٹی اے، پولیس اہلکاروں پر حملے کے مقدمات درج ہیں۔ سب سے زیادہ 52 ایف آئی آرز سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کیخلاف درج ہیں۔ اسد قیصر کے بھائی عاقب اللہ پر تھانہ سیکرٹریٹ میں مقدمہ درج ہے۔

کوئٹہ: ڈاکٹر قاسم بلوچ مستونگ فائرنگ سے زخمی ہونے والے حاجی عبدالغنی کی سول ہسپتال ٹراما سینٹر میں عیادت کر رہے ہیں

بجلی نظام کے استحکام کیلئے بروقت مالی تعاون ناگزیر ہے، اویس لغاری

مستقبل میں درکار نہ ہونے والی اضافی بجلی کی پیداواری صلاحیت نظام سے نکال دی، حکومت مزید بجلی کی خریداری نہیں کرے گی

صاف توانائی کیلئے مخصوص فنانسنگ فراہم کی گئی اور نہ ہی ہمیں مالی وسائل میسر آئے، ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر پاور سردار اویس احمد خان لغاری سے ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد کی ملاقات۔ وفد کی قیادت سینٹرل اینڈ ویسٹ ایشیا ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل یے لیک کیریس نے کی۔ اس موقع پر یے لیک کیریس نے کہا کہ موجودہ عہدے پر یہ ان کا پاکستان کا پہلا دورہ ہے، انہوں نے پاور ڈویژن کے ساتھ تبادلہ خیال کو سراہا۔ وفاقی وزیر نے بجلی کے شعبے کو درپیش اہم چیلنجز سے وفد کو آگاہ کیا۔ انہوں نے خدشگی اور ابتدائی مرحلے میں زیادہ اخراجات کی مشکلات اور نہ ہی بجلی کے نظام کو مستحکم رکھنے کے لیے مالی وسائل میسر آئے۔ انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود قابل تجدید توانائی کی طرف سفر جاری رہا، تاہم گرڈ کے استحکام کے لیے مناسب اور بروقت مالی معاونت ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت مزید بجلی کی خریداری نہیں کرے گی اور مسابقتی بجلی مارکیٹ کی جانب پیش رفت جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان میں تقریباً 20 گیگاواٹ صاف توانائی کی جانب منتقل ہو چکی ہے، تاہم اس نمایاں پیش رفت کے باوجود نہ تو صاف توانائی کیلئے مخصوص فنانسنگ فراہم کی گئی والی اضافی بجلی کی پیداواری صلاحیت نظام سے نکال دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان بزنس کونسل کے ذریعے پاور ٹرانسمیشن سیکٹر میں نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور مارکیٹ میں استحکام بڑھانے کیلئے مقامی سرمایہ کاروں سے رابطے میں ہے۔ انہوں نے آئی جی سی ای پی کے تحت جاری بجلی کی طلب میں اضافے اور نجی شعبے کے زیادہ استعمال کے لیے متعارف کرائے گئے انرجی سرپلس پیکج کی تفصیلات سے بھی وفد کو آگاہ کیا۔ انہوں نے قرضوں کی ادائیگی اور نجی سرمایہ کاروں کے تعاون کے ذریعے اضافے کے لیے اے ڈی بی کاروں کے تعاون پر زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ نجی سرمایہ کاروں کے لیے فزیبلٹی رپورٹ جلد پیش کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسمارٹ میٹرز کی تنصیب نجی شعبے کی شمولیت سے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت کی جائے گی، جس میں جدید ٹیکنالوجی کے انضمام اور نظام کی کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ یے لیک کیریس نے اسمارٹ میٹرنگ منصوبوں میں تعاون میں دلچسپی ظاہر کی اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور ٹیکنالوجی کے انضمام میں اے ڈی بی کی مہارت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے انٹیگریٹڈ انرجی پلان کی حمایت اور پی پی پی فریم ورک کے تحت عبوری مشیر کے طور پر کردار ادا کرنے میں دلچسپی ظاہر کی۔ انہوں نے بتایا کہ اے ڈی بی کے سوورین اور نان سوورین آپریشنز ایک ہی پلیٹ فارم کے تحت کام کرتے ہیں، جس سے جامع اور مکمل حل فراہم کیے جا سکتے ہیں۔

پاکستان میں صارف اعتماد اشاریہ 86.4 کی سطح پر پہنچ گیا

پچھلے سال 72.9 تھا جو عوامی اعتماد میں سال بہ سال نمایاں بہتری کا عکاس ہے

مستقبل کا اشاریہ 98.2، احتیاط کے ساتھ امید برقرار ہے، گیلپ، ڈی اینڈ بی پاکستان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں صارف اعتماد اشاریہ 86.4 کی سطح پر موجود ہے جو پچھلے سال اسی مدت میں 72.9 تھا جو عوامی اعتماد میں سال بہ سال نمایاں بہتری کا عکاس ہے۔ گیلپ پاکستان، ڈی اینڈ بی پاکستان نے کہا کہ سہ ماہی بنیاد پر اشاریہ میں کمی کے باوجود مجموعی رجحان پچھلے سال کے مقابلے میں بہتر ہے۔ مستقبل کا اشاریہ 98.2، احتیاط کے ساتھ امید برقرار ہے، موجودہ حالات کا اشاریہ 74.7 عوامی مشکلات کی عکاسی ہے مگر مستقبل کے بارے میں اعتماد نسبتاً مضبوط ہے۔ گیلپ پاکستان، ڈی اینڈ بی پاکستان نے کہا کہ 61.6 فیصد افراد کے مطابق اگلے چھ ماہ میں گھریلو مالی حالت بہتر یا کم از کم برقرار رہنے کی توقع ہے، گھریلو آمدن پر اعتماد مثبت، آمدن کا نیٹ انڈیکس 108.1، 63 فیصد آمدن بڑھنے یا برقرار رہنے کی امید ہے۔ گیلپ پاکستان، ڈی اینڈ بی پاکستان نے کہا کہ مہنگائی سب سے بڑی تشویش ہے، 84.3 فیصد کے مطابق روزمرہ اشیا کی قیمتیں بڑھی ہیں، قیمتوں کے بارے میں نیٹ انڈیکس 32.8 ہے، عوامی دباؤ واضح ہے، پالیسی فوکس کی ضرورت بھی واضح ہے۔ گیلپ پاکستان، ڈی اینڈ بی پاکستان کے مطابق روزگار کی نیٹ انڈیکس 69.1 ہے، روزگار مارکیٹ پر دباؤ کا تاثر ہے، روزگار اقدامات کی اہمیت اجاگر ہے، موجودہ روزگاری سے متعلق نیٹ انڈیکس 56.5 ہے، عوامی رائے میں فوری بہتری کی طلب نمایاں ہے، گھریلو بچتوں کا مجموعی نیٹ انڈیکس 81.3 ہے، بچت کی گنجائش محدود ہونے کی نشاندہی کی گئی۔ گیلپ پاکستان، ڈی اینڈ بی پاکستان کے مطابق شہری علاقوں میں اعتماد دیہی سے زیادہ ہے، شہری مہنگائی اور روزگار پر فوکس ضروری ہے، 30 تا 49 سال عمر گروپ میں اعتماد میں نمایاں کمی ہے، معاشی دباؤ کے مرکزی طبقے کی ترجیحات سامنے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ڈیٹا بتاتا ہے

رواں برس وفاقی محتسب تک عوام کی رسائی میں اضافہ ہوا، اعجاز قریشی

چار برسوں میں نئے علاقائی دفاتر کے قیام اور مرکزی دفتر سمیت ملک کے دور دراز علاقوں کے 28 شہروں میں دفاتر موجود ہیں

اوورسیز پاکستانیوں سمیت ادارے سے ریلیف حاصل کرنیوالوں کی تعداد 1 سال کے دوران 4 لاکھ تک پہنچ جائیگی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ پچھلے چند برسوں کے دوران ادارے کے نئے اقدامات کی وجہ سے وفاقی محتسب کی عوام تک پہنچ اور رسائی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلے چار برسوں کے اندر نئے علاقائی دفاتر کے قیام کے بعد اب ہم مرکزی دفتر سمیت ملک کے دور دراز علاقوں کے 28 شہروں میں موجود ہیں۔ نئے دفاتر کے قیام، جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی، وٹس ایپ چینل، سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا کے استعمال، کھلی کچہریوں، او سی آر پروگرام اور سرکاری دفاتر کے معائنوں جیسے اقدامات سے اس سال وفاقی محتسب سے ریلیف حاصل کرنے والوں کی تعداد اڑھائی لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات بھی شامل کی جائیں تو تعداد چار لاکھ تک پہنچ جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ وفاقی محتسب کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار سال میں 12 نئے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے ہیں جس کے بعد ہیڈ آفس سمیت علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کی تعداد 28 ہو گئی ہے۔ کھلی کچہریوں اور او آر پروگرام کی تعداد بڑھا دی گئی ہے جس سے ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو بھی ان کے گھر کے قریب مفت انصاف مل رہا ہے۔ وفاقی محتسب کا وٹس ایپ چینل اس سال مارچ میں شروع کیا گیا۔ جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے استعمال سے اب لوگ گھر بیٹھے وفاقی محتسب سے انصاف حاصل کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ اس سال 15 دسمبر تک 246,602 شکایات کے فیصلے کر چکے ہیں۔ آئی آر ڈی کے تحت 6960 شکایات کے فیصلے کیے گئے۔ 128,427 بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ریلیف فراہم کیا گیا جبکہ بچوں کی 653 شکایات کو نمٹایا جا چکا ہے۔ ان سب کو شامل کر کے دیکھا جائے تو اب تک شکایات کی مجموعی تعداد چار لاکھ تک پہنچ جاتی ہے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ 1983ء سے ادارے کے قیام سے لے کر اب تک 25 لاکھ 58 ہزار سے زیادہ گھرانوں کو ریلیف فراہم کیا جا چکا ہے، ہمارے ملک میں ایک اوسط خاندان چار یا پانچ افراد پر مشتمل ہوتا ہے، یوں اگر دیکھا جائے تو یہ ریلیف ایک کروڑ سے زائد افراد تک پہنچ جاتا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ہم نے اپنے فیصلوں پر عملدرآمد کے لئے الگ سے ایک سیکشن قائم کر رکھا ہے جو صرف فیصلوں پر عملدرآمد کرواتا ہے۔ اس سال فیصلوں پر عملدرآمد کی شرح 93 فیصد سے زیادہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے اقدامات سے لوگ گھر بیٹھے انصاف حاصل کر رہے ہیں۔ اس سال 45 فیصد سے زیادہ شکایات آن لائن موصول ہوئیں۔ شکایت کنندگان موبائل ایپ، ویب سائٹ اور ای میل کے ذریعے بھی شکایات کر سکتے ہیں۔ شکایات کی سماعت بھی آن لائن ہو جاتی ہے۔ شکایت کنندگان کو دفتر آنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ اس ادارے کی تاریخ میں پہلی بار اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر ایوارڈ دینے کا آغاز کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز ان افسران اور ملازمین کو دیئے جا رہے ہیں جنہوں نے گزشتہ برسوں کے دوران مسلسل بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

کوئٹہ: دی العزیز اسلامک ریزیڈنشل ہائی سکول کی سالانہ رزلٹ تقریب کے موقع پر ڈاکٹر شفیق الرحمن، محمد شاکر کاکڑ و دیگر طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

جے یو آئی کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سنہری روڈ میں اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلیفون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 18 دسمبر 2025ء

پاکستان کے ترقیاتی مسائل۔ پالیسیوں اور اقدامات میں تسلسل ناگزیر!!

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے ترقیاتی مسائل کی بنیادی وجہ پالیسیوں یا خیالات کی کمی نہیں بلکہ سیاسی استحکام، تسلسل اور بچوں پر مسلسل سرمایہ کاری کا فقدان ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز یونیسف اور حکومت پاکستان کے تعاون سے منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انکا کہنا تھا کہ محض فزیکل انفراسٹرکچر بامعنی ترقی کی ضمانت نہیں بن سکتا آپ جتنا بھی سرمایہ فزیکل انفراسٹرکچر پر لگالیں، اگر سماجی ومعاشی بنیاد کمزور ہو تو وہ سیمنٹ اور سٹیل سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ ہماری سیاسی تاریخ میں کسی بھی معاشی منصوبے کو تسلسل کے ساتھ آگے نہیں بڑھنے دیا گیا۔ پروگرام بار بار منقطع ہوئے اور اسی وجہ سے مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہو سکے۔ انہوں نے موجودہ دور کو ملک کے لئے فیصلہ کن مرحلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ نازک نہیں بلکہ فیصلہ کن موڑ ہے۔ ہمیں طے کرنا ہوگا کہ ہم گزشتہ 78 برسوں کی غلطیاں دہراتے رہیں گے یا کوئی نیا راستہ اختیار کریں گے۔ یقیناً جیسا کہ وفاقی وزیر نے کہا ہے عین حقیقت بھی یہی ہے کہ ہم اس وقت اپنی تاریخ کے ایک انتہائی موڑ پر کھڑے ہیں ترقیاتی مسائل سے نمٹنے اور پائیدار اہداف کے حصول کے لئے پالیسیوں اور اقدامات میں تسلسل ناگزیر ہو چکا ہے گزشتہ تقریباً آٹھ دہائیوں کے تجربات یہ ثابت کر چکے ہیں کہ ترقی نہ تو اتفاقاً حاصل ہوتی ہے اور نہ ہی صرف سڑکوں، پلوں اور عمارتوں سے قومیں خوشحال ہو جاتی ہیں۔ حقیقی اور پائیدار ترقی کے لئے سیاسی استحکام، پالیسیوں کا تسلسل، ادارہ جاتی اصلاحات اور سب سے بڑھ کر انسانی ترقی میں مسلسل سرمایہ کاری ناگزیر ہوتی ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی نے کانفرنس سے اپنے خطاب میں انہی بنیادی حقائق کی نشاندہی کر کے ایک مرتبہ پھر قومی مکالمے کو درست سمت دینے کی سنجیدہ کوشش کی ہے۔ احسن اقبال کا یہ موقف نہ صرف زمینی حقائق سے ہم آہنگ ہے بلکہ عالمی ترقیاتی تجربات، معاشی تحقیق اور پاکستان کی اپنی ناکامیوں کا نچوڑ بھی ہے۔ انہوں نے بجا طور پر اس تاثر کی نفی کی کہ پاکستان کی پسماندگی کی وجہ پالیسیوں یا خیالات کی کمی ہے۔ درحقیقت، پاکستان کو ہمیشہ قابل افراد، بہترین منصوبہ سازوں اور عالمی معیار کی سفارشات میسر رہی ہیں، مگر مسئلہ ان خیالات کو مستقل مزاجی کے ساتھ نافذ نہ کر پانے کا رہا ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں شاذ و نادر ہی کسی معاشی یا سماجی منصوبے کو اس کی طبعی عمر پوری کرنے دی گئی۔ ہر نئی حکومت نے پچھلی حکومت کے منصوبوں کو یا تو ختم کر دیا یا ان کی سمت بدل دی۔ نتیجتاً قوم کبھی وژن دو ہزار دس کی طرف بڑھی، کبھی وژن دو ہزار پچیس کے خواب دکھائے گئے، مگر خوابوں کو تعبیر دینے کے لئے جس سیاسی استحکام اور ادارہ جاتی تسلسل کی ضرورت تھی، وہ میسر نہ آ سکا۔ احسن اقبال نے بالکل درست فرمایا کہ محض فزیکل انفراسٹرکچر بامعنی ترقی کی ضمانت نہیں بن سکتا۔ اگر سڑکیں بن جائیں مگر ان پر چلانے کے لئے تعلیم یافتہ، صحت مند اور ہنر مند افرادی قوت موجود نہ ہو، تو وہ سڑکیں محض کنکریٹ کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتی ہیں۔ اگر پل تو بن جائیں مگر غربت، غذائی قلت، ناخواندگی اور بیماریوں سے نڈھال قوم ان پلوں سے فائدہ نہ اٹھا سکے، تو ایسے ترقیاتی منصوبے تاریخ میں ناکام تجربات کے طور پر یاد رکھے جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر کا موقف انتہائی بامعنی اور حقیقت پسندانہ ہے۔ بیج خواہ کتنا ہی اعلیٰ معیار کا کیوں نہ ہو، اگر اسے ناموافق مٹی، غیر مستحکم موسم اور عدم تحفظ کا سامنا ہو تو وہ فصل نہیں دے سکتا۔ پاکستان میں بدقسمتی سے یہی ہوا ہے۔ بہترین پالیسیاں تیار ہوئیں، مگر سیاسی کشمکش، عدم استحکام، پالیسیوں میں بار بار مداخلت اور ادارہ جاتی کمزوریوں نے ان بیجوں کو پھلنے پھولنے کا موقع نہ دیا۔ احسن اقبال نے عالمی مثالوں کا حوالہ دیتے ہوئے پائیدار ترقی کے چار ستون بیان کئے امن، سیاسی استحکام، طویل المدتی پالیسی تسلسل اور مسلسل اصلاحات۔ یہ چاروں عناصر مل کر ہی کسی قوم کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرتے ہیں ملائیشیا اور سنگاپور کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں، جہاں دہائیوں پر محیط سیاسی استحکام اور واضح قومی سمت نے ان ممالک کی تقدیر بدل دی۔ یہ حقیقت اب کسی بحث کی محتاج نہیں کہ اگر پالیسیاں ہر دو تین سال بعد تبدیل ہوتی رہیں تو نہ سرمایہ کار اعتماد کرتے ہیں اور نہ ہی عوام کو ثمرات ملتے ہیں۔ ترقی کوئی فوری پیداوار نہیں بلکہ ایک مسلسل عمل ہے، جس میں صبر، تسلسل اور استقامت بنیادی عناصر ہیں۔ اگر کسی پالیسی کو درمیان میں روک دیا جائے تو وہ دوبارہ صفر سے شروع ہوتی ہے، اور یہی وہ المیہ ہے جس نے پاکستان کو بار بار پیچھے دھکیلا۔ وفاقی وزیر نے جاننے اور کرنے کے مابین خلاء کی بھی نشاندہی کی ہے ہمارے پاس ہمیشہ ہر دور میں بہترین پریزنٹیشنز، جامع رپورٹس اور اصلاحاتی خاکے موجود ہوتے ہیں، مگر مفادات کے ٹکراؤ، رسک لینے کا خوف اور فرسودہ مراعاتی نظام ان اصلاحات کو عملی جامہ پہنانے میں رکاوٹ بن جاتا ہے اس تناظر میں موجودہ حکومت اور وزارت منصوبہ بندی کا یہ عزم قابل تحسین ہے کہ وہ شواہد پر مبنی پالیسی سازی، ادارہ جاتی اصلاحات اور عملدرآمد کے نظام کو مضبوط بنانے پر توجہ دے رہی ہے وفاقی وزیر کی تقریر کا سب سے اہم اور دور رس پہلو بچوں اور انسانی ترقی پر دیا گیا زور ہے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان کے معاشی اشارے اگرچہ کئی متوسط آمدنی والے ممالک کے برابر ہیں، مگر سماجی اشارے تشویشناک حد تک پیچھے ہیں۔ تعلیم، صحت، غذائیت اور بچوں کی فلاح کے شعبوں میں کمزور بنیادیں اس بات کی اجازت نہیں دیتیں کہ ہم ایک مضبوط اور مسابقتی معیشت کی عمارت کھڑی کر سکیں۔ آبادی کی شرح نمو کا دوبارہ بڑھ جانا ایک سنجیدہ وارننگ ہے۔ بچوں میں غذائی قلت، خاص طور پر اسٹنٹنگ کا مسئلہ، پاکستان کے لئے ایک خاموش بحران کی حیثیت رکھتا ہے۔ چار دہائیوں سے تقریباً چالیس فیصد بچوں کا جسمانی اور ذہنی نشوونما سے محروم رہنا قومی ناکامی کی علامت ہے۔ ایسے دور میں جب دنیا تخلیقی صلاحیت، جدت اور علم پر مبنی معیشتوں کی طرف بڑھ رہی ہے، ذہنی طور پر کمزور نسل کے ساتھ عالمی مقابلہ جیتنا ناممکن ہے۔ موجودہ حکومت کا انسانی ترقی کو قومی ترجیح بنانے کا عزم ایک خوش آئند اور امید افزا قدم ہے، جو اگر پالیسی تسلسل کے ساتھ جاری رہا تو آنے والے برسوں میں اس کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ تاریخ گواہ ہے کہ محض استحکام، اگر اصلاحات سے خالی ہو، تو وہ جمود کو جنم دیتا ہے۔ موجودہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاسی استحکام کو ادارہ جاتی بہتری، شفافیت، احتساب کے ساتھ جوڑے تا کہ یہ استحکام حقیقی ترقی میں ڈھل سکے۔

بیانیہ سازی سے کہیں زیادہ اہم عوام کا اطمینان ہے

برملا

نصرت جاوید

فیض حمید کو سزا سنائے جانے کے بعد میں نے ایک نہیں دو کالم لکھے ہیں۔ دونوں میں کھل کر اعتراف کیا کہ موصوف نے مجھ بے ہنر کو کبھی براہ راست رابطے کے قابل ہی نہیں سمجھا۔ میں ان کے دئے کسی حکم کے خلاف مزاحمت کی داستان سناتے ہوئے لہٰذا خود کو پھنے خان صحافی کے طور پر مشہور کرنے کی سعادت سے محروم ہوں۔ 2018ء کے انتخابات کی بدولت جو حکومتی بندوبست نمودار ہونا شروع ہوا وہ البتہ کسی نہ کسی وجہ سے (جو مجھے آج تک معلوم نہیں ہو پائی ہے) مجھ سے خفا ضرور تھا۔ اسی باعث میں مین سٹریم چینلوں میں سے ایک پر پیر سے جمعرات شام آٹھ بجے لائیو شو کرنے والا پہلا ٹی وی اینکر تھا جسے چینل کی "مالی مشکلات" کے نام پر فارغ کر دیا گیا۔ پاکستان کا ہر چینل تاہم "مالی مشکلات" کا سامنا نہیں کر رہا تھا۔ میری ایک چینل سے فراغت کے بعد کئی اور جگہ نسبتاً کم تنخواہ پر ملازمت کی گنجائش نکل سکتی تھی۔ ملازمت نہ ملی تب بھی میرے "سینئر تجزیہ کار" ہونے کے ناطے مختلف ٹی وی چینلوں پر مجھ سے بلامعاوضہ تبصرہ آرائی کروائی جا سکتی تھی۔ مہرا کے تحت چلانے ہر چینل نے مگر مجھ "سینئر تجزیہ کار" کو فراموش کر دیا۔

ان چینلوں کی "یادداشت" میرے حوالے سے البتہ اس وقت لوٹ آئی جب عمران حکومت تحریک عدم اعتماد کے ذریعے وزارت عظمیٰ کے منصب سے فارغ ہوئی۔ اس کی رخصت کے بعد ٹی وی پروگراموں میں شرکت کے لئے آئی دعوتوں سے میں تنگ آ جاتا۔ دل میں شدت سے دفن کی ہوئی کمینگی بھی بیدار ہونے لگی۔ جونئی وی اینکر میری "گمشدگی" کے دوران مجھ سے مسلسل رابطے میں رہے ان کے پروگراموں میں چلا جاتا اور یاوہ گوئی سے ڈنگ ٹپانے کی کوشش کرتا۔

صحافتی زندگی کے چار برس ریٹائرمنٹ کی عمر میں داخل ہوتے ہی بے روزگاری کا جو عذاب لائے اس کی بدولت دل ودماغ پر چھائے بوجھ کو بھلا دینے ہی میں عافیت ہے۔ ویسے بھی صحافت کے شعبے میں داخل ہوتے ہی بزرگوں سے یہ سیکھا تھا کہ صحافی کو دوسروں کی خبر دینا ہوتی ہے۔ اسے خود "خبر" بننے سے ہر صورت گریز اختیار کرنا چاہیے۔ فیض حمید کو سزا سنائے جانے کے بعد جو کالم لکھے ہیں ان میں ذاتی تجربات کا ذکر آپ کو یہ سمجھانے کی کوشش تھی کہ فیض حمید ایک فرد نہیں رجحان، رویے اور پالیسی کا نام تھا۔ بیانیہ سازی کے حوالے سے موصوف نے رنجیت سنگھ کی طرح "ایہہ منظور تے ایہہ نامنظور" والی پالیسی اپنا رکھی تھی۔ عمران خان اور قمر جاوید باجوہ نے مذکورہ پالیسی کی تشکیل میں بھرپور حصہ ڈالا تھا۔

جن لوگوں نے عمران خان کی وزارت عظمیٰ کے دوران حکومتی بیانیے کی تشہیر کے عمل میں حصہ لیا ان سے فرداً فرداً ملاقاتوں کے بعد آپ با آسانی دریافت کر سکتے ہیں کہ سابق وزیر اعظم روایتی میڈیا سے کہیں زیادہ سوشل میڈیا پر چھائے ٹرینڈز کے بارے میں فکرمند رہتے تھے۔ یہ رویہ اختیار کرنے میں وہ اکیلے نہیں تھے۔ بھارت کے نریندر مودی اور امریکہ کے صدر ٹرمپ بھی روایتی میڈیا کو رعونت سے نظرانداز کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر موجود تمام پلیٹ فارموں کو بھرپور انداز میں استعمال کرنے کے عادی ہیں۔ نریندر مودی مگر عوام سے براہ راست رابطے کے لئے "من کی بات" کے عنوان سے ہر ماہ ایک تقریر بھی کرتا ہے۔

اسے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لئے بھارت کے تمام بڑے شہروں کے بس اسٹیشنوں کے قریب ایسی تنصیبات ہیں جہاں کانوں میں لگانے والے آلات موجود ہوتے ہیں۔ آپ وہاں کھڑے ہو کر بھارتی وزیر اعظم کے "من کی بات" سن سکتے ہیں۔ ٹرمپ نے لوگوں سے براہ راست رابطے کے لئے SocialTruth کے نام سے ایکس جیسا پلیٹ فارم بنا رکھا ہے۔ کسی بھی اہم مسئلہ پر جب بھی اس کے ذہن میں کوئی بات آئے وہ اسے مذکورہ پلیٹ فارم پر طویل پیغام کی صورت بیان کر دیتا ہے۔ عمران خان صاحب نے اقتدار سے فراغت کے بعد لوگوں سے براہ راست رابطے کے لئے سوشل میڈیا پلیٹ فارموں کے استعمال کے علاوہ شہر شہر جا کر عوامی اجتماعات سے خطاب بھی کیا اور یوں مبینہ طور پر امریکہ سے آئے دھمکی آمیز "سائفر" کے نام پر ایک طاقتور بیانیہ تشکیل دیا۔ تین سے زیادہ برس گزر جانے کے باوجود اپریل 2022ء سے قائم ہوا بندوبست ان کے تشکیل کردہ بیانیے کا موثر توڑ فراہم نہیں کر پایا ہے۔ ہمارے حاکم مگر اس حقیقت کو تسلیم کرنے کی جرأت نہیں دکھاتے اور قوم کو گومگو کی حالت میں ہے۔

بیانیہ سازی کے حوالے سے سرکاری رہنمائی کے بغیر پاکستانیوں نے انتہائی فطری اور برجستہ انداز میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار رواں برس کے مئی میں بھارت اور پاکستان کے مابین مقبوضہ کشمیر کے پہلگام میں ہوئے واقعہ کی وجہ سے ہوئی جنگ کے دوران کیا۔ ہماری تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے مگر بھارت کے "گودی میڈیا" کی حماقتیں ہمارے بہت کام آئیں۔ "لاہور کے قریب بندرگاہ" کو دریافت کرنے کے بعد اس کو تباہ کرنے کے دعوے پاکستانیوں کو چھکو بازی کے مقابلے میں کھلا میدان فراہم کرتے رہے۔ پاک۔ بھارت جنگ کے تناظر میں ٹرمپ کے تکراری بیانات بھی دنیا کو یہ پیغام دیتے رہے کہ مئی کے مہینے میں ہوئی جنگ کے دوران بھارت نے پاکستان کے ہاتھوں سات یا آٹھ جدید اور مہنگے ترین جنگی جہاز تباہ کروائے تھے۔

اصولی طور پر پاک۔ بھارت جنگ کے دوران پاکستان کے عوام کی تخلیقی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ دیکھنے کے بعد موجودہ حکومتی بندوبست کو ازخود "بیانیہ سازی" کی زحمت سے گریز اختیار کر لینا چاہیے تھا۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ قوم کو "راہ راست" پر رکھنے کے لئے "مشوروں" کا سلسلہ جاری ہے۔ ان "مشوروں" پر کامل عملدرآمد ہونے کے باوجود قومی ترجیحات واضح انداز میں لوگوں کے سامنے نہیں آ رہیں۔ حکمرانوں کو یہ سمجھانا ناممکن ہے کہ بیانیہ سازی سے کہیں زیادہ ایک شے ہوتی ہے Feel Good Factor۔ سادہ لفظوں میں یوں کہہ لیں کہ عوام کا اطمینان بیانیہ سازی سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ عوام کے عمومی اطمینان کے لئے اہم ترین کردار روزمرہ اشیاء کی قیمتیں ادا کرتی ہیں۔ (زندگی گزارنے کی قیمت) اس تناظر میں کلیدی اختیار کرتی ہے۔

سرکاری طور پر میرے اور آپ جیسے دیہاڑی دار کو روزانہ یاد دلایا جاتا ہے کہ پاکستان میں افراط زر کی شرح 5 فی صد ہے۔ دیہاڑی دار یا اس کی بیوی جب روز کی روٹی روز پکانے کے لئے سبزی ٹماٹر خریدنے جاتے ہیں تو 5 فی صد کا دعویٰ مارکیٹ میں کارفرما نظر نہیں آتا۔ اس تناظر میں "ستھرا پنجاب" جیسے قابل قدر اقدامات بھی واجب ستائش سے محروم رہتے ہیں۔ فیض حمید کے خلاف اپنے دلوں کی بھڑاس نکال لینے کے بعد ہم صحافیوں کو نہایت توجہ سے اپنے شعبے پر نازل ہوئے عذاب کی حقیقی وجوہات دیانتداری سے ڈھونڈ کر انہیں بیان کرنا ہوں گی۔

طالبان کا ''اسلامی ٹچ''

روزن خیال

مریم گیلانی

حلف، عہد کی تجدید۔ حلف کے الفاظ

آواز دوست



پاکستان اور طالبان

احوال عالم



جاوید حفیظ

اور زمین کا رنگ بدل گیا (1)

زاویہ نظر

عوامی خدمت بمقابلہ تصادم

وفاق نامہ



رشید صافی

ہمارا کام صرف بات پہنچانا ہے

اظہار خیال



خالد مسعود خان

علوی آشکار

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات ایک تجربے کے بعد ہے ہیں شائع کیے جاتے ہیں کی ذمہ داری کے بارے میں کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ ادارہ اشتہار کو مسترد کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اشتہار میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کا ذمہ دار ادارہ نہیں ہوگا۔ 2۔ فون نمبرز میں سے ایک غلط یا فون نمبر بند ہونے کی صورت میں اشتہار نہیں لگایا جائے گا۔ 3۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت قابل قبول نہیں ہوگی۔ 4۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ 5۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ 6۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ 7۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ 8۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ 9۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ 10۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد کسی قسم کی شکایت کی صورت میں اشتہار کی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر J-1 ۔ 9 رقبہ 120 کنال 2 مرلے واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم مری روڈ کے مالک جاوید اللہ صاحب ولد عبید اللہ کو اپنے نام کرانا چاہتا ہے کوئی بھی صاحب اعتراض ہو تو 14 دن کے اندر اندر اپنا اعتراض دفتر ہذا میں جمع کرائے بعد میں کوئی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

اطلاع عام

دوکان نمبر SA-85 رقبہ 300 مربع فٹ واقع بلاک اے زیارتی جو کہ اس وقت حاجی سمیع اللہ ولد حاجی محمد شریف کے نام پر ہے کی ٹرانسفر بنام فضل محمود ولد نور محمد مگسی ہذا

آئی سی سی رینکنگ جاری، ٹی 20 میں صائم ایوب کی پہلی پوزیشن

بابر اعظم ایک درجہ تنزلی کے بعد 31 ویں نمبر پر چلے گئے، ٹی ٹوئنٹی بولرز رینکنگ میں پاکستان کے ابرار احمد چوتھی پوزیشن پر ہیں، محمد نواز پانچویں پوزیشن پر موجود

آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی بیٹرز رینکنگ میں بھارت کے ابھیشیک شرما کی پہلی پوزیشن برقرار ہے، بھارت کے تلک ورما دو درجہ بہتری کے بعد چوتھے نمبر پر براجمان ہیں

لندن (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پلیئرز کی رینکنگ جاری کردی، ٹیسٹ بیٹرز میں انگلینڈ کے جو روٹ کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ پاکستان کے سعود شکیل 10 ویں سے 9 ویں نمبر پر آ گئے جبکہ نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ کانوے 7 درجے ترقی کے بعد 34 ویں نمبر پر آ گئے۔ ٹیسٹ بولرز میں انڈیا کے جسپریت بمرا کا پہلا نمبر برقرار ہے، آسٹریلیا کے مچل اسٹارک تیسرے سے دوسرے نمبر پر آ گئے۔ نیوزی لینڈ کے جیکب ڈفی لمبی چھلانگ سے 15 درجے ترقی کے بعد 48 ویں نمبر پر براجمان ہیں۔ ٹیسٹ آل راؤنڈرز میں انڈیا کے رویندرا جڈیجا کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی بیٹرز رینکنگ میں بھارت کے ابھیشیک شرما کی پہلی پوزیشن برقرار ہے، بھارت کے تلک ورما دو درجہ بہتری کے بعد چوتھے نمبر پر براجمان ہیں۔ صاحبزادہ فرحان ایک درجہ تنزلی کے بعد چھٹی پوزیشن پر چلے گئے۔ نیوزی لینڈ کے ٹم سائیفرٹ دو درجہ بہتری کے بعد 9 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے ڈیوالڈ بریوس 7 درجہ تنزلی کے بعد 15 ویں نمبر پر چلے گئے جبکہ ایڈن مارکرم 8 درجہ بہتری کے بعد 29 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ بابر اعظم ایک درجہ تنزلی کے بعد 31 ویں نمبر پر چلے گئے۔ ٹی ٹوئنٹی بولرز رینکنگ میں بھارت کے ورن چکرورتھی کی پہلی پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی، پاکستان کے ابرار احمد چوتھی پوزیشن پر ہیں۔ بھارت کے ارشدیپ سنگھ 4 درجہ بہتری کے بعد 16 ویں نمبر پر آ گئے، جنوبی افریقہ کے مارکو جینسن 14 درجہ بہتری کے بعد 25 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی آل راؤنڈرز رینکنگ میں پاکستان کے صائم ایوب کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ محمد نواز پانچویں نمبر پر بدستور براجمان ہیں۔ بھارت کے شیوم دوبے 4 درجہ بہتری کے بعد 16 ویں نمبر پر آ گئے۔

آل کوئٹہ فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر سیکرٹری سپورٹس بلوچستان درا بلوچ عبداللہ رند عبدالغفور بلوچ، ماما منیر مینگل و دیگر کا گروپ فوٹو

ایشیز سیریز، میچ سے قبل سڈنی واقعے کے متاثرین کی یاد میں تقریب

متاثرہ افراد کی یاد میں خاموشی اختیار کی گئی اور تقریب میں ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کو یاد کیا گیا

ایڈیلیڈ (آن لائن) ایشیز سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میچ سے قبل سڈنی میں فائرنگ واقعے کے متاثرین کی یاد میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں فائرنگ سے متاثرہ افراد کی یاد میں خاموشی اختیار کی گئی اور تقریب میں ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کو یاد کیا گیا۔

کوئٹہ، انٹرنیشنل اسکواش پلیئرز زبیر جہاں خان، قسیم خان و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کھیلوں کا فروغ منشیات سے پاک صحت مند معاشرے کی ضمانت ہے، ڈاکٹر بشیر

کھیلوں کے میدان آباد کرنے سے نوجوان منشیات سے بچ سکتے ہیں، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (پ ر) معاشرے کو منشیات، بے راہ روی اور منفی سرگرمیوں سے پاک رکھنے کے لیے کھیلوں کا فروغ ناگزیر ہو چکا ہے۔ کھیل نہ صرف نوجوانوں کو مثبت سمت فراہم کرتے ہیں بلکہ جسمانی و ذہنی صحت کے ساتھ ساتھ نظم و ضبط، برداشت اور ٹیم ورک جیسی قدروں کو بھی پروان چڑھاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے معروف ماہر ڈاکٹر بشیر احمد نے گزشتہ روز مختلف کھیلوں سے وابستہ کھلاڑیوں کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم واقعی ایک صحت مند، متحرک اور منشیات سے پاک معاشرہ چاہتے ہیں تو سب سے پہلے کھیلوں کے میدان آباد کرنا ہوں گے۔ نوجوان کسی بھی قوم کا سب سے قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے سہولیات کی کمی، بیروزگاری اور مثبت سرگرمیوں کے فقدان کے باعث نوجوان نسل منشیات اور دیگر سماجی برائیوں کی طرف مائل ہو رہی ہے۔ کھیلوں کے میدان نوجوانوں کو نہ صرف مصروف رکھتے ہیں بلکہ انہیں صحت مند مقابلے، خود اعتمادی اور مقصدیت کا احساس بھی دلاتے ہیں۔ اگر ہر محلے، ہر یونین کونسل اور ہر تعلیمی ادارے میں کھیلوں کی سرگرمیاں بحال کی جائیں تو معاشرتی بگاڑ میں واضح کمی لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے ساتھ ساتھ احتیاطی اقدامات پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے۔ اس ضمن میں کھیلوں کے مقابلے، آگاہی مہمات اور نوجوانوں کے لیے مثبت پروگرام ترتیب دیے جا رہے ہیں تاکہ وہ منشیات سے دور رہیں اور اپنی توانائیاں تعمیری سرگرمیوں میں صرف کریں۔ ڈاکٹر بشیر احمد نے اس امر پر زور دیا کہ منشیات کے خلاف جنگ صرف علاج تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کی جڑوں کو ختم کرنے کے لیے کھیل، تعلیم اور تربیت کو یکجا کرنا ہوگا۔

نوجوانوں کو کھیلوں کی سہولیات فراہم کریں گے، شائستہ خان لانگو

صحت مند معاشرے کی تشکیل جسمانی اور ذہنی نشوونما کیلئے کھیل نہایت ضروری ہیں، منتخب یو سی چیئرمین

بلوچستان عوامی فٹسال گراؤنڈ کی حالت بہتر بنا کر نوجوانوں کو زیادہ مواقع فراہم کریں گے، کونسلر قاسم لانگو

کوئٹہ (رپورٹ، عابد عمر) کوئٹہ میں ہونیوالے بلدیاتی انتخابات میں بلا مقابلہ یو سی چیئرمین شائستہ خان لانگو اور کونسلر محمد قاسم لانگو نے بلوچستان عوامی فٹسال گراؤنڈ کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے جاری کھیلوں کی سرگرمیوں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور فٹسال سمیت دیگر کھیلوں میں ان کی دلچسپی اور صلاحیتوں کو سراہا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے یو سی چیئرمین شائستہ خان لانگو نے کہا کہ بلاشبہ ہماری نوجوان نسل کھیلوں سے گہری دلچسپی رکھتی ہے، تاہم ان کے لیے معیاری سہولیات کی فراہمی ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے نہایت ضروری ہیں اور ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ محمد قاسم لانگو نے اس موقع پر کہا کہ فٹسال جیسے جدید کھیل نوجوانوں میں تیزی سے مقبول ہو رہے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ گراؤنڈز کی بہتری، روشنی اور دیگر بنیادی سہولیات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مقامی سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ دونوں رہنماؤں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گراؤنڈ کی حالت مزید بہتر بنانے اور نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ بلوچستان کے نوجوان کھیلوں کے میدان میں ملک و قوم کا نام روشن کر سکیں۔

بلا مقابلہ منتخب یو سی چیئرمین شائستہ خان لانگو، کونسلر محمد قاسم لانگو کا فٹسال کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

جاوید میانداد دل میں تکلیف کے باعث ہسپتال آمد

کراچی (این این آئی) پاکستان کے عظیم بیٹر جاوید میانداد دل میں تکلیف کے باعث ہسپتال پہنچے تاہم صحت بہتر ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جاوید میانداد کو دل کے ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، بعد ازاں ڈاکٹرز نے معائنہ کیا اور انہیں گھر جانے کی اجازت دے دی۔ رپورٹ کے مطابق سابق ٹیسٹ کپتان کراچی میں قومی ادارہ امراض قلب پہنچے۔

بی بی ایل میں شامل پاکستانی کھلاڑی پورا سیزن کھیلیں گے، ٹوڈ گرین برگ

ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے پاکستان کا دورہ شیڈول کے مطابق ہوگا، ٹی ٹوئنٹی سیریز کی تاریخوں کا اعلان ہونا ہے

سڈنی (آن لائن) کرکٹ آسٹریلیا کے چیف ایگزیکٹو ٹوڈ گرین برگ کا کہنا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں کی بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کا مکمل سیزن کھیلنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے سی ای او ٹوڈ گرین برگ نے بی بی ایل میں شامل پاکستانی کھلاڑیوں اور دورہ پاکستان پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ بی بی ایل میں جن کھلاڑیوں کے معاہدے ہوئے ہیں۔

ایڈیلیڈ ٹیسٹ: عثمان خواجہ نے آسٹریلیا کو مکمل تباہی سے بچالیا

آسٹریلوی ٹیم کی 94 رنز پر 4 وکٹیں گر چکی تھیں تو ایسے میں عثمان خواجہ نے ایلکس کیری کے ساتھ پانچویں وکٹ پر 91 رنز بنائے

عثمان خواجہ ایڈیلیڈ ٹیسٹ کی پلیئنگ الیون میں شامل نہیں تھے لیکن ٹاس سے قبل ان کو اسٹیو اسمتھ کی جگہ پلیئنگ الیون میں شامل کیا گیا

ایڈیلیڈ (آن لائن) ایشیز سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میچ میں عثمان خواجہ نے آسٹریلوی ٹیم کو مکمل تباہی سے بچا لیا۔ عثمان خواجہ ایڈیلیڈ ٹیسٹ کی پلیئنگ الیون میں شامل نہیں تھے لیکن ٹاس سے قبل ان کو اسٹیو اسمتھ کی جگہ پلیئنگ الیون میں شامل کیا گیا۔ اسٹیو اسمتھ کی طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے انہیں پلیئنگ الیون سے ریلیز کر دیا گیا، عثمان خواجہ اسکواڈ میں شامل تھے لیکن انہیں پلیئنگ الیون میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ آسٹریلوی ٹیم کی 94 رنز پر 4 وکٹیں گر چکی تھیں تو ایسے میں عثمان خواجہ نے ایلکس کیری کے ساتھ پانچویں وکٹ پر 91 رنز بنائے۔ عثمان خواجہ نے 126 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 82 رنز کی اننگز کھیلی۔

بابر اعظم ایک مرتبہ پھر عمدہ کارکردگی دکھانے میں ناکام

سڈنی (آن لائن) آسٹریلوی بگ بیش لیگ (بی بی ایل) میں بابر اعظم ایک مرتبہ پھر عمدہ کارکردگی دکھانے میں ناکام ہوگئے۔ سڈنی میں جاری میچ میں قومی کرکٹر بابر اعظم نے سڈنی سکسرز کی جانب سے کھیلتے ہوئے 10 گیندوں پر صرف 9 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ سڈنی سکسرز اور ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کے درمیان میچ جاری ہے۔

53 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ اسلام آباد میں 28 دسمبر سے شروع ہوگی

چیمپئن شپ میں مردوں کے 23 اور خواتین کے 21 ایونٹس منعقد ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان ایتھلیٹکس فیڈریشن کے زیر اہتمام 53 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ 28 دسمبر سے جناح اسٹیڈیم، اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور اس میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ان میں پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں مردوں کے 23 اور خواتین کے 21 ایونٹس منعقد ہوں گے۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی منیجرز میٹنگ 27 دسمبر کو ہوگی، جس میں چیمپئن شپ کے ڈراز اور قوانین کے بارے میں آگاہی دی جائے گی۔ چیمپئن شپ 31 دسمبر تک جاری رہے گی اور اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ اسی سلسلے میں بلوچستان ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے بوائز اور گرلز کے ٹرائلز 23 اور 24 دسمبر 2025، بروز منگل اور بدھ ایوب اسٹیڈیم، کوئٹہ میں منعقد ہوں گے، جبکہ ٹرائلز کا آغاز روزانہ دوپہر 2:00 بجے ہوگا۔ سلیکشن کمیٹی کے اراکین بلوچستان ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے صدر قیصر محمود خان، سینئر وائس پریزیڈنٹ عطاء اللہ خان، جنرل سیکرٹری سید راشد شاہ، وائس پریزیڈنٹ یونس درانی، عبدالغنی، شہزادہ خان، نثار حسین ٹرائلز کے انتظامی و مالی امور کی نگرانی فنانس سیکرٹری منظور احمد بادینی انجام دیں گے۔

35 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان ووشو کے کھلاڑیوں کی تاریخی فتح باعث افتخار ہے، محمد افضل

1 گولڈ 8 سلور ن 9 براونز میڈلز کے ساتھ بلوچستان بھر میں پہلی اور پاکستان بھر میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے، صدر ووشو ایسوسی ایشن

حکومتی سرپرستی نہ ہونے کے باوجود اپنی مدد آپ کے تحت ملکی سطح پر ہمارے کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی دکھائی ہے، اسحاق علی چیئرمین

کوئٹہ (پ ر) محمد افضل سلہری صدر بلوچستان ووشو ایسوسی ایشن نے 35 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان ووشو کے کھلاڑیوں کی تاریخی فتح کو باعث افتخار قرار دیتے ہوئے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ 35 ویں نیشنل گیمز منعقدہ کراچی ووشو سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی اس نیشنل گیمز میں پاکستان آرمی۔ واپڈا۔ پولیس۔ ایئر فورس۔ ہائر ایجوکیشن۔ پنجاب۔ سندھ۔ کے پی کے۔ گلگت بلتستان۔ کشمیر۔ اور بلوچستان۔ کے کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی۔ زبردست مقابلے ہوئے مگر بلوچستان کی باصلاحیت ووشو اور میل کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 1 گولڈ، 8 سلور، 9 برونز میڈلز حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ پاکستان بھر میں بلوچستان ووشو ایسوسی ایشن کے کھلاڑیوں نے نمایاں مقام حاصل کیا اور صوبہ بلوچستان کا نام روشن کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ووشو کے کھلاڑیوں کی قیادت میں تے خود کی جب کہ ووشو کے مایہ ناز کوچز ہیڈ کوچ فدا حسین کاظمی۔ کلیم اللہ خان کاکڑ۔ ظفر خان۔ عارف اچکزئی۔ نجیب پانیزئی کی دن رات تربیت کی بدولت ایران بلوچستان کے حقیقی ہیروز نے مجموعی طور پر 18 میڈلز جیت کر بلوچستان کا پرچم سربلند کیا، اسحاق علی چیئرمین ووشو ایسوسی ایشن نے خصوصی طور پر شاندار کامیابی پر کامیاب ہونے والے کھلاڑیوں کو دلی مبارکباد دی۔ محمد افضل سلہری نے کہا کہ بڑی تکلیف اور بڑی مشکلات کے باوجود اپنے کھلاڑیوں کو مسلسل تربیت دیتے رہے ہمارے کوچز نے دن رات محنت مشقت کر کے اور کھلاڑیوں کی بہترین تربیت کی بالآخر ہمیں اللہ تعالی نے تاریخی کامیابی سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ووشو جو کہ حقیقی ایسوسی ایشن کو منفی سیاست و مخالفین کی رکاوٹ سے دور رکھا جائے اور گورنمنٹ سطح پر ان کی بھرپور مدد اور رہنمائی کی جائے یہ مستقبل میں نیشنل انٹرنیشنل لیول میں شاندار کامیابیاں حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہے۔ حال ہی میں آل پاکستان ووشو چیمپئن شپ ووشو جو گجرات میں منعقد ہوئی جس میں 8 گولڈ میڈلز، 6 سلور میڈلز حاصل کر کے بلوچستان کی ووشو کھلاڑیوں نے آل پاکستان چیمپئن ٹرافی جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ جبکہ میڈلز کے مقابلے نوشہرہ میں ہوئے اور مجموعی طور پر ہمارے میل اور فیمیل کھلاڑیوں نے 27 میڈلز حاصل کر کے پاکستان بھر میں ریکارڈ قائم کیا۔ بلوچستان کی 78 سالہ تاریخ میں بلوچستان کی کسی بھی سپورٹس ایسوسی ایشن کو یہ اعزاز حاصل نہ رہا جو اعزاز بلوچستان ووشو کے کھلاڑیوں نے حاصل کیا۔ اتنی شاندار کامیابی کے باوجود بھی سرکاری سطح پر ان کی حوصلہ افزائی تو دور کی بات ہے انہیں مبارکباد تک نہیں دی گئی۔ میں بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کا جنہوں نے میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے ہماری بھرپور حوصلہ افزائی کی جس سے ہمارے حوصلے بلند ہوئے۔

35 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان ووشو کے کھلاڑیوں کی تاریخی فتح کے موقع پر بلوچستان ووشو ایسوسی ایشن کے صدر محمد افضل سلہری کے ہمراہ گروپ فوٹو

محمد عباس کا کاؤنٹی ڈربی شائر سے 2 سالہ معاہدہ

لندن (آن لائن) پاکستانی فاسٹ بولر محمد عباس کا کاؤنٹی چیمپئن شپ میں تین کاؤنٹی ڈربی شائر سے 2 سالہ معاہدہ ہوگیا۔ ڈربی شائر کے ہیڈ کوچ کی آرتھر ہیں جبکہ محمد عباس لیسٹر شائر، ہیمپشائر اور ناٹنگھم شائر کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ کی آرتھر کا کہنا ہے کہ عباس ریڈ بال کے ایک بہترین فاسٹ بولر ہیں، 2026 اور 2027 کے لیے عباس کے ڈربی شائر میں شامل ہونے پر خوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ محمد عباس غیر معمولی بولر ہیں، حریف بیٹر کو دباؤ میں لے کر وکٹیں حاصل کرتے ہیں۔

کھیلوں کا انعقاد طلبہ کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے لیے نہایت ضروری ہے، فیاض کھوسہ

گورنمنٹ ہائی اسکول ظفر علی کھوسہ میں اسپورٹس گالا کی تقریب، بڑی تعداد میں اساتذہ، طلبہ کی شرکت

نصیر آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کے بھتیجے نوجوان سیاسی و سماجی رہنما میر فیاض خان کھوسہ نے گورنمنٹ ہائی اسکول ظفر علی کھوسہ میں جاری اسپورٹس گالا کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اس موقع پر ان کے ہمراہ ایس ایچ او علی رضا کھوسہ، منشی محمد عالم کھوسہ، پی ایس مسعود خان کھوسہ اور ہادی بخش کھوسہ بھی موجود تھے۔ تقریب میں اسکول کے اساتذہ، طلبہ اور علاقہ معززین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ژوب میں گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کا سالانہ سپورٹس ویک اختتام پذیر

مہمان خصوصی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے اور طلبہ کی حوصلہ افزائی

ژوب (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب میں منعقدہ سالانہ سپورٹس ویک رنگا رنگ اور جوش و خروش کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ افتتاحی تقریب میں مہمان خصوصی چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب شاہ بران کاکڑ تھے جبکہ کالج کے پرنسپل پروفیسر عبدالرحمان، امین ماہر تعلیم عبداللطیف مندوخیل، ڈی او ای او وزیر خان، ناصر شیخ، موسیٰ خان مندوخیل، عبداللہ خان کاکڑ، رفیق مندوخیل، اساتذہ کرام، طلبہ اور کھیلوں کے شوقین افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی شاہ بران کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، برداشت، ٹیم ورک اور صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مقابلے طلبہ کی ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے ناگزیر ہیں۔

ضلع چاغی کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنا اولین ترجیح ہے، صادق سنجرانی

عوامی خدمت رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر کی جارہی ہے، علاقے میں جاری میگا پراجیکٹس سے ترقی کے نئے مواقع پیدا ہونگے

موجودہ دور میں ضلع چاغی سمیت تمام تحصیلوں میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جا چکا ہے، سابق چیئرمین سینیٹ کی گفتگو

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) رکن صوبائی اسمبلی چاغی اور سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ ضلع چاغی کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنا اور ان کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، جس کے لیے ٹھوس اور مؤثر اقدامات تسلسل کے ساتھ کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنجرانی ہاؤس نوکنڈی میں قبائلی عمائدین، خان جینگل کے اکابرین اور بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان سے گفتگو کے دوران کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ضلع کونسل چاغی خان عبدالودود خان سنجرانی بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی عوامی ترقی اور خوشحالی کے لیے عملی اقدامات کیے گئے، جبکہ موجودہ دور میں ضلع چاغی سمیت تمام تحصیلوں میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جا چکا ہے، جس کے مثبت اثرات نمایاں ہو رہے ہیں اور علاقہ تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے۔ محمد صادق سنجرانی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی خدمت رنگ، نسل اور وابستگی سے بالاتر ہو کر کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ علاقے میں جاری میگا پراجیکٹس نہ صرف ترقی کے نئے مواقع پیدا کریں گے بلکہ یہاں کے تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوانوں کو باعزت روزگار بھی فراہم ہوگا، جس سے مجموعی طور پر ضلع کی سماجی و معاشی صورتحال بہتر ہوگی۔

قوم آرمی پبلک اسکول کے بچوں، اساتذہ کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، فرید افغان

16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا، ن لیگ

بی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ میر فرید افغان پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے کہا کہ 16 دسمبر کا دن آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ کرتا رہے گا قوم آرمی پبلک اسکول کے بچوں اور اساتذہ کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آرمی پبلک اسکول پشاور سانحہ کی دسویں برسی کے موقع پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ایڈووکیٹ میر فرید افغان، منیر احمد مسوری بگٹی کا کہنا تھا کہ اے پی ایس پشاور کے بچوں نے اپنے قیمتی لہو سے محفوظ اور پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی محفوظ اور پرامن پاکستان کی بنیادوں میں بچوں کا خون شامل ہے ننھے پھولوں نے عظیم مقصد کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بچوں کی عظیم قربانیاں نے قوم کو نیا حوصلہ اور عزم دیا اور سفاک دشمن کو شکست ہوئی اور پاکستان امن کا گہوارہ بنا شہید بچے اور اساتذہ قوم کے ہیرو ہیں اور انکے خاندانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم آج آرمی پبلک اسکول پشاور کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کر رہی ہیں ہمیں آج اسی اتحاد کو برقرار رکھنے کے عزم کی تجدید کرنا ہے جس کی خاطر معصوم بچوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔ ایڈووکیٹ فرید افغان منیر احمد مسوری بگٹی سمیت مسلم لیگ ن کے کارکنان نے اللہ تعالی سے دعا کرتے ہوئے تمام شہداء کے درجات کی بلندی لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائیں (آمین)۔

میزئی اڈہ، انجینئر زمرک خان اچکزئی سے ملک حنیف اچکزئی، جمال کاکڑ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے تاریخی شہر قلات کی اقلیتی برادری میں امدادی چیک تقسیم

قلات (خ ن) بلوچستان کے تاریخی شہر قلات کی اقلیتی برادری میں امدادی چیک تقسیم کی تقریب ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی اور سابقہ کنوینز جمعیت علماء اسلام ایم سی کونسلر سید حذیفہ شاہ نے اقلیتی برادری کے غریب اور نادار افراد میں امدادی چیک تقسیم کئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق جمعیت علماء اسلام پاکستان کے ایم پی اے روی پہوجا کی جانب سے اقلیتی برادری کے 100 کے قریب غریب لوگوں کے لیے امدادی رقم منظور کی گئی تھی امدادی رقوم کے چیک ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے اپنے دفتر میں ہندو برادری، والمیکی برادری اور سکھ برادری میں تقسیم کر دیے۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے سابقہ کنوینز اور ایم سی کونسلر سید حذیفہ شاہ سمیت اقلیتی برادری کے رہنماؤں نے خصوصی طور پر تقریب میں شرکت کی ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کا کہنا تھا کہ اقلیتی برادری ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہے

ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس

ضلع میں صحت کے شعبے کی مجموعی کارکردگی، جاری منصوبوں، درپیش مسائل کا جائزہ

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کے شعبے کی مجموعی کارکردگی، جاری منصوبوں اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر وحید الرحمن کاکڑ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال سمیت محکمہ صحت کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر وحید الرحمن کاکڑ نے ضلع میں صحت کی سہولیات، بنیادی مراکز صحت، رورل ہیلتھ سینٹرز، سول ہسپتال اور دیگر طبی اداروں کی کارکردگی پر جامع بریفنگ دی۔ انہوں نے ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری، حفاظتی ٹیکہ جات، ماں اور بچے کی صحت، پولیو مہم اور دیگر عوامی فلاحی پروگراموں سے متعلق تفصیلات سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، ایمرجنسی سروسز، تشخیصی آلات، عملے کو درپیش مسائل اور بہتری کے لیے درکار اقدامات پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں ہسپتالوں میں صفائی، نظم و ضبط، مریضوں کے ساتھ حسن سلوک اور سہولیات کی بہتری پر خصوصی زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں، عوامی شکایات کا فوری ازالہ کریں اور سرکاری صحت مراکز میں بہتری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے غیر حاضر عملے کے خلاف کارروائی اور سہولیات میں مزید بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کی بھی ہدایت جاری کی۔ آخر میں اجلاس میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا اور آئندہ لائحہ عمل طے کیا گیا تاکہ ضلع میں صحت کی سہولیات کو مزید مؤثر اور عوام دوست بنایا جا سکے۔

40 فیصد آبادی کو پانی فراہم کرنے والا ہندو محلہ میں نصب واٹر بور ناکارہ

اوتھل (این این آئی) اوتھل کی 40 فیصد آبادی کو پانی فراہم کرنے والا ہندو محلہ میں نصب واٹر بور ناکارہ ہوگیا گزشتہ چند روز سے متعدد گنجان آباد علاقوں میں پانی کا شدید بحران سے کربلا کا سماں، شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، صارفین کے لیے جلد متبادل پانی کی فراہمی کا حل نکالا جائے، تاکہ شہریوں کو بنیادی ضرورت پانی میسر ہو سکے، ٹینکر مافیا کی چاندی، وزیر اعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل کے مین وسطی علاقے میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے لگے ہندو محلہ میں نصب واٹر بور ناکارہ ہونے سے شہر کے وسطی گنجان آباد علاقوں ہندو محلہ، ریونیو کالونی، موچی محلہ، کمبار محلہ، شیدی محلہ سمیت کئی متصل علاقوں میں پانی کی سپلائی مکمل طور پر معطل ہو چکی ہے۔

ڈپٹی کمشنر قلات کا نے ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی کے ہمراہ پولیو ٹیموں کا دورہ

ٹیموں کی کارکردگی، ڈور مارکنگ فنگر مارکنگ روٹ میپ مائیکرو پلان پر کا جائزہ لیا

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے قائمقام ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی کے ہمراہ ایم سی اور صدر میں پولیو ٹیموں کا تفصیلی دورہ کیا پولیو میں خدمات سرانجام دینے والے ٹیموں کی سیکورٹی امور اور دیگر ایشوز سے آگاہی حاصل کی انہوں نے پولیو ٹیموں سے دوران ملاقات درپیش مسائل دریافت کیے دورے کے دوران ٹیموں کی کارکردگی ڈور مارکنگ فنگر مارکنگ روٹ میپ مائیکرو پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کا کہنا تھا کہ پولیو خطرناک اور موذی مرض ہے پولیو سے پاک معاشرہ کی تشکیل ہم سب کی ذمہ داری ہے سیکورٹی ہاء رسک ایریاز میں پولیو ورکرز کو محفوظ ماحول کی فراہمی اور فرنٹ لائن کام کرنے والے ورکرز کی تحفظ کیساتھ کمیونٹی کے اعتماد کی بحالی میں سیکورٹی ادارے خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح ہر شخص کو اپنی قومی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا ہمیں مزید بہتر انداز میں کام کریں تاکہ کوئی بچہ قطرہ پلانے سے محروم نہ ہو ڈپٹی کمشنر پولیو ورکرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی گائیڈ لائن کے مطابق پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے ضلعی محکمہ صحت اور پولیو ورکرز اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں گے۔

لوڈنگ ٹرانسپورٹ کی مکمل پہیہ جام ہڑتال جاری ہے، پشتونخوا میپ ژوب

ہڑتال پنجاب میں ہیوی ٹرانسپورٹ پر بھاری جرمانوں اور چالانوں کے خلاف کی جارہی ہے

ژوب (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کی جانب سے جاری کردہ اخباری بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتے سے زائد عرصہ سے ٹرانسپورٹ یونین کی جانب سے لوڈنگ ٹرانسپورٹ کی مکمل پہیہ جام ہڑتال جاری ہے، جو پورے صوبے میں پھیل چکی ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اس ہڑتال کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ ہڑتال پنجاب میں ہیوی ٹرانسپورٹ پر ناجائز، بھاری جرمانوں اور بے جا چالانوں کے خلاف کی جارہی ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب حکومت کی جانب سے روا رکھے گئے ان ظالمانہ اور امتیازی اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ اخباری بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ پشتون بلوچ صوبے میں فارم 47 کی بنیاد پر قائم حکومت اس سنگین مسئلے پر فوری مداخلت کرتے ہوئے پنجاب حکومت کے ان اقدامات کا مستقل اور منصفانہ حل نکالے، تاکہ ٹرانسپورٹ سے وابستہ ہزاروں محنت کشوں کو مزید معاشی نقصان سے بچایا جا سکے۔

نصیر آباد، تحصیلدار محمد ظریف گولہ پولیو مہم کی نگرانی کر رہے ہیں

بی ایس ڈی آئی کے تحت اسکیموں کو پی سی ون کے مطابق مکمل کیا جائے، ڈی سی نصیر آباد

جن محکموں میں فیز ون کی اسکیمیں مکمل نہیں ہوئیں وہ فوری اقدامات کرتے ہوئے ان کی تکمیل کو یقینی بنائیں

غیر معیاری تعمیر و ترقی پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز نہیں کیا جائے گا، فیز ٹو کی تمام اسکیموں کے تحریری امور مکمل کیے جائیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (ڈی سی سی) کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایف سی، تمام ڈسٹرکٹ ہیڈز، کے نمائندگان اور انٹیلیجنس اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، بی ایس ڈی آئی اسکیموں 2025 کی موجودہ پیشرفت، شہر کے مرکزی بازار اور دیگر اسٹریٹجک مقامات پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب، انسداد اسمگلنگ اور انسداد تجاوزات آپریشن، ضلع میں صحت و تعلیم کی مجموعی صورتحال، مدارس کی رجسٹریشن اور بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو فیز ٹو کے ترقیاتی منصوبوں کے کانسپٹ پیپرز سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے ہدایت کی کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت فیز ون کی تمام اسکیموں کو مقررہ معیار اور پی سی ون کے مطابق ہر صورت مکمل کیا جائے، جن محکموں میں فیز ون کی اسکیمیں تاحال مکمل نہیں ہوئیں وہ فوری اقدامات کرتے ہوئے ان کی تکمیل کو یقینی بنائیں اور کام کی رفتار میں نمایاں بہتری لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ترقیاتی امور صرف اور صرف پی سی ون کے معیار کے مطابق ہی قابل قبول ہوں گے اور غیر معیاری تعمیر و ترقی پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز نہیں کیا جائے گا۔ بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کی تمام اسکیموں کے تحریری امور مکمل کئے جائیں تاکہ ان ترقیاتی منصوبوں کو منظور کیا جائے اور حکام بالا کو آگاہی فراہم کی جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اجلاس کے تمام ایجنڈوں پر خصوصی توجہ دینا ہم سب کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے اور تمام محکمے باہمی تعاون سے عوامی مفاد میں اقدامات کو یقینی بنائیں تاکہ ضلع میں امن، ترقی اور سروس ڈیلیوری کا معیار مزید بہتر بنایا جا سکے۔

اسلام نے ہمیشہ امن سلامتی اور خوشحالی کا درس دیا، پیر خالد سلطان

معصوم بے گناہ بچوں اور اساتذہ کی قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جائے گی

سبی (اے این این) ممبر اسلامی نظریاتی کونسل و جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری نے کہا ہے کہ اسلام نے ہمیشہ امن سلامتی اور خوشحالی کا درس دیا خودکش بم دھماکے دہشت گردی کی ہر فورم پر مذمت کرتا ہوں پشاور آرمی پبلک اسکول کا دردناک سانحے کو 11 برس بیت گئے مگر اس افسوسناک سانحے کا غم آج بھی دلوں میں تازہ ہے سانحہ پشاور میں معصوم بے گناہ بچوں اور اساتذہ کی قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جائے گی انہوں نے پشاور اے پی ایس سانحے کی 11 ویں برسی کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ آج پوری قوم سانحہ پشاور کے شہیدوں کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے 16 دسمبر پاکستان کی تاریخ میں اس لیے تاریک ترین دن ہے کہ ایک بار 16 دسمبر 1971 کو ملک دولخت ہوا اور دوسری بار 16 دسمبر کو سانحہ اے پی ایس رونما ہوا جس میں کتنی ماؤں کے لخت جگر جدا ہوئے، جس غم میں پورا ملک آج بھی مبتلا ہے۔ حیوانیت اور درندگی سے بھرے اس سانحے میں 8 سے 18 سال کے پھول جیسے بچے بربریت کا نشانہ بنے، ان معصوموں کو دہشت گردوں نے اس وقت اپنے ظلم کا نشانہ بنایا جب وہ سکول میں تعلیم حاصل کرنے میں مصروف تھے۔ 16 دسمبر 2014 کی صبح دہشت گردوں نے پشاور کے آرمی پبلک سکول میں بزدلانہ کارروائی کرتے ہوئے 132 طالب علموں سمیت 141 افراد کو شہید کر دیا تھا۔ جس کا غم آج بھی تر و تازہ ہیں انہوں نے کہا کہ اے پی ایس کے معصوم بچوں نے اپنے لہو سے محفوظ اور پرامن پاکستان کی تاریخ لکھی جو تاقیامت یاد رکھی جائے گی جماعت اہل سنت و جماعت الصالحین کے قائدین سمیت کارکنان سانحہ پشاور کے شہیدوں کے لواحقین کے دکھوں کی گھڑی میں برابر کی شریک ہے اللہ تعالی سے دعا گو ہیں

سبی، ڈی سی ایس کیزئی پولیو مہم کے دوران بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے لوگوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے، ڈی سی قلات

ڈاکٹرز اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنائیں غفلت اور لاپرواہی قابل قبول نہیں

ضلعی انتظامیہ قلات محکمہ صحت سے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا صحت کے شعبے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ منیجمنٹ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قلات طاہر سنجرانی قائمقام ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نصر اللہ لانگو DSM پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ انچارج آر ایچ سی منگچر حاجی ڈاکٹر منور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر عبدالفتاح ایس ڈی او محکمہ بی اینڈ آر انجینئر نوید موسیانی ڈرگ انسپکٹر ڈاکٹر محمد طاہر پاپولیشن آفیسر محمد اعظم ڈسٹرکٹ میڈیسن اسٹور انچارج ڈاکٹر وسیم لانگو ڈاکٹر عبدالباسط سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ او آفس رضوان حیدر نے شرکت کی۔ اجلاس میں صحت کے شعبے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف کی حاضریاں ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کی کمی ڈاکٹروں کی ٹرانسفر پوسٹنگ ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی پی ایچ ایز میں ایمبولینسز اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی اور دیگر امور سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے لوگوں کا صحت مند ہونا ضروری ہے ڈاکٹرز اور دیگر ٹیکنیکل اسٹاف اپنے جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنائیں غفلت اور لاپرواہی قابل قبول نہیں ضلعی انتظامیہ قلات محکمہ صحت سے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا صحت کے شعبے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔

گھروں میں گیس موجود نہیں، کم پریشر کے باعث چولہا جلانا ممکن نہیں، مولانا رفیق

سرانان (آن لائن) جمعیت علماء اسلام تحصیل سرانان کے امیر مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولانا نجیب اللہ آغا، سینئر نائب امیر و چیئرمین مولانا محمد صادق، اور سیکرٹری اطلاعات قاری عطاء اللہ شاہ نے ضلع پشین میں سوئی گیس کی مسلسل بدانتظامی، حد سے زیادہ بلوں اور گیس پریشر کی شدید کمی کے خلاف سخت بیان جاری کیا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع پشین کے عوام کو ماہانہ ہزاروں روپے کے بھاری بھرکم گیس بل بھیجے جا رہے ہیں، جبکہ زمینی حقیقت یہ ہے کہ گھروں میں گیس موجود ہی نہیں یا انتہائی کم پریشر کے باعث چولہا جلانا بھی ممکن نہیں۔ یہ صورتحال عوام کے ساتھ کھلا مذاق اور سراسر ناانصافی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ سردی کے اس سخت موسم میں گیس کی عدم فراہمی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، بزرگ، خواتین اور بچے شدید متاثر ہو رہے ہیں، لیکن متعلقہ محکمے اور حکام مکمل خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں جو انتہائی افسوسناک ہے۔

تاجر برادری کے تعاون سے شہر کے مسائل حل کیے جا سکتے ہیں، وزیر ناصر

پولیس اور تاجران کا مشترکہ کردار شہر کو امن، ترقی اور خوشحالی کی طرف لے جا سکتا ہے

خضدار (آن لائن) ڈی آئی جی خضدار رینج وزیر خان ناصر، ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر، چیف آفیسر خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ نے آج بدھ روز کے انجمن تاجران خضدار کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران شہر کے بنیادی مسائل جیسے امن و امان، ٹریفک، صفائی، بجلی، اسٹریٹ لائٹس سمیت دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ تاجران نے ان مسائل کے فوری حل کے لیے عملی تجاویز پیش کیں، جن پر پولیس اور میونسپل کارپوریشن انتظامی حکام نے مثبت ردعمل کا اظہار کیا اور جلد اقدامات کا یقین دلایا۔ خضدار میں قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تاجر برادری کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط کرنے کے سلسلے میں یہ اہم ملاقات ہوئی جس میں سیر حاصل بحث کی گئی اور پولیس نے اپنے وژن و عزائم سے تاجر برادری کو آگاہ کیا، جب کہ چیف آفیسر خضدار نے میونسپل کارپوریشن کے اقدامات سے متعلق تاجر برادری کے تفصیلات گفتگو کی۔ مہمانوں نے انجمن تاجران خضدار کی گرمجوشی اور میزبانی پر صدر حافظ حمید اللہ مینگل کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ تاجر برادری کے تعاون سے شہر کے مسائل کو مؤثر طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پولیس اور تاجران کا مشترکہ کردار شہر کو امن، ترقی اور خوشحالی کی طرف لے جا سکتا ہے۔ اس موقع پر آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ بشیر احمد جنگ، ڈی ایس پی خضدار محمد رفیق مینگل، انجمن تاجران خضدار کے جنرل سیکرٹری محمد حنیف شاہ، خضدار پریس کلب کے صدر عبداللہ شاہوانی، ایس ایچ او خضدار سٹی عبداللہ چندرانی، تاجر رہنما حاجی محمد اقبال بلوچ، حافظ عبدالماجد، ظاہر شاہوانی، محمد طیب سمیت دیگر معززین اور تاجر رہنما موجود تھے۔ یہ ملاقات خضدار میں پولیس، ٹاؤن کمیٹی اور تاجر برادری کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کی عکاسی کرتی ہے، جو شہر کی تعمیر و ترقی و پرامن ماحول کے لئے اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 1 درخواست دائر
اداروں کی معیاد مکمل ہو جائیگی۔ بلوچستان ہائی کورٹ میں بلدیاتی انتخابات رکوانے کی پٹیشن پر آج جمعرات کو سماعت متوقع ہے۔

بقیہ 2 وزیراعظم
معاف کرے گا، نوجوان ملک کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہیں، مصنوعی ذہانت کی تربیت کے لیے نوجوانوں کو چین اور یورپ بھجوایا جائے گا، معیشت منجدھار سے نکل آئی ہے، ملک ڈیفالٹ سے بچ گیا ہے، اب گروتھ کی طرف بڑھنا ہے، ترقی اور خوشحالی کا سفر تمام صوبوں پر منحصر ہے، چاروں صوبے مل کر ترقی کریں گے تو پاکستان عظیم ملک بنے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو یہاں یونیورسٹی آف ہری پور میں پرائم منسٹر لیپ ٹاپ سکیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں اور رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ لیپ ٹاپ سکیم تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت پر دلی خوشی ہو رہی ہے، خیبر پختونخوا کے عوام بہت دلیر اور غیور ہیں، انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عظیم قربانیاں دی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پولیس کے افسران اور جوانوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت پاکستان قائم اور دائم ہے، تاریخ ان عظیم قربانیوں کو کبھی بھلا نہیں پائے گی، قیامت تک ان عظیم قربانیوں کو سنہرے حروف سے یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ لیپ ٹاپ حاصل کرنے والے عظیم بچے اور بچیاں، ان کے والدین اور اساتذہ مبارکباد کے مستحق ہیں، یہ ہونہار طلبا و طالبات قوم کے ہیروز ہیں جو قوم کے عظیم معمار بننے جا رہے ہیں اور یقیناً پاکستان کی تقدیر کی کنجی ان کے ہاتھ میں ہے، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ملک کی نوجوان نسل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین سے میرٹ پر ایک ہزار طلبہ و طالبات زرعی شعبے کی اعلی تربیت حاصل کر کے آئے ہیں، جب میں خادم اعلی پنجاب تھا تو 600 طلبہ و طالبات کو چینی زبان سیکھنے کے لیے سرکاری خرچ پر چین بھجوایا تھا اور صرف پنجاب کے بچے اور بچیاں ہی ایسے پروگراموں میں شامل نہیں ہوتے تھے بلکہ پورے ملک کا کوٹہ مقرر کیا گیا تھا اور انہیں میرٹ پر لیپ ٹاپ اور وظائف دینے کا سلسلہ شروع کیا گیا، ملک بھر سے پنجاب ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ سکیم سے مستفید ہونے والے لاکھوں بچے اور بچیاں الحمدللہ ڈاکٹرز، انجینئرز، لیکچررز اور ٹیچرز بن گئے ہیں اور اس میں پورے ملک کے طلبہ و طالبات کے لیے کوٹہ مقرر کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کا سفر کسی ایک یا دو صوبوں پر منحصر نہیں ہے بلکہ چاروں صوبے مل کر جب ترقی کریں گے تو پاکستان عظیم ملک بنے گا، یہ کام انشااللہ محنت، امانت، دیانت بھائی چارے اور اتحاد و اتفاق سے ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ معرکہ حق میں 6 اور 10 مئی کے دوران بھارت کو افواج پاکستان کا زور دار مکا پڑا، قوم کی دعاؤں سے مودی سرکار کو وہ سبق سکھایا گیا جو اسے کبھی نہیں بھولے گا، اللہ تعالی نے قوم کو عظیم فتح نصیب کی جس سے دنیا بھر میں پاکستان کی عزت وتکریم میں اضافہ ہوا ہے، لیپ ٹاپ سے کوویڈ کے دوران نوجوانوں نے بھرپور استفادہ کیا، لیپ ٹاپ سکیم کی وجہ سے مجھ پر تنقید کے نشتر بھی چلائے گئے لیکن میرا ضمیر بہت مطمئن تھا کیونکہ چالاکھ لیپ ٹاپ مکمل شفافیت کے ساتھ میرٹ پر تقسیم کیے گئے ہیں، کوویڈ میں عظیم بچے اور بچیاں نہ صرف اسی لیپ ٹاپ سے تعلیم حاصل کرتے رہے بلکہ ہزاروں بچے اور بچیاں اپنی آمدنی کما رہے ہیں اور پاکستان کی برآمدات میں اضافہ کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کی تربیت کے لیے طلبہ و طالبات کو چین اور یورپ بھجوایا جائے گا، معیشت منجدھار سے نکل آئی ہے، ملک ڈیفالٹ سے بچ گیا ہے، اب معیشت میکرو لیول پر مستحکم ہے، گروتھ کی طرف بڑھنا ہے، انڈسٹری، زراعت، آئی ٹی، معدنیات، ملازمت کے مواقع، اسپیشل انوسٹمنٹ پروڈکٹیوٹی آپس میں جڑی ہوئی ہیں۔ وفاق حکومت، صوبائی حکومتیں اور عوام مل کر اگر فیصلہ کرلیں تو ملک تیزی سے ترقی کرے گا

بقیہ 3 ریکارڈز ڈیجیٹلائز
دستاویزات پر دستخط کی ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں حکومت بلوچستان کی جانب سے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی اور لینڈ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نے معاہدے پر دستخط کیے تقریب کے دوران وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو منصوبے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کے پہلے مرحلے میں بلوچستان کے 25 اضلاع میں جیوگرافیکل انفارمیشن سسٹم (GIS) کی مدد سے زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائزڈ کیا جائے گا اس اقدام کے ذریعے زمینوں کا ریکارڈ جدید، محفوظ اور شفاف نظام سے منسلک ہوگا، جس سے زمینوں سے متعلق امور میں بہتری اور عوام کو سہولت میسر آئے گی وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن صوبے میں شفافیت، بہتر گورننس اور پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے نہ صرف بدعنوانی کے امکانات میں کمی آئے گی بلکہ عوام کو زمینوں کے حصول، منتقلی اور تصدیق جیسے معاملات میں بھی آسانی فراہم ہوگی وزیراعلی نے منصوبے پر عمل درآمد مقررہ مدت کے اندر اور اعلی معیار کے مطابق یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے عوامی خدمات کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے اور زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن اس وژن کی عملی مثال ہے تقریب میں صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی، ممبر بورڈ آف ریونیو بشیر احمد بنگلزئی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلی حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 4 مریم ریاض وٹو
ہوئے مریم ریاض وٹو نے کہا کہ 8 ہفتوں سے زائد کا وقت گزر چکا ہے مگر اہل خانہ اور وکلا کو ان سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں سوال کیا کہ کیا مجھے اڈیالہ جیل کے باہر احتجاج کرنے والوں کو یہ یاد دہانی کرانے کی ضرورت ہے کہ بشری بی بی کو بھی جیل میں قید تنہائی کا سامنا ہے۔

بقیہ 5 ایک ماہ توسیع
2026 تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نوٹم کے مطابق بھارت کے تمام رجسٹرڈ مسافر، ملٹری اور پرائیوٹ جیٹس کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ پاکستان نے 24 اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے۔

بقیہ 6 مقدمہ درج
، راجہ اسد عباس، ظفر گوندل اور شفقت عباس بھی مقدمے میں نامزد ہیں۔ مقدمے میں علامہ راجہ ناصر عباس کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مقدمے میں ریاست پر حملے کی مجرمانہ سازش کی منصوبہ بندی کی دفعہ 120 بھی شامل ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق 14 ملزمان کو گزشتہ رات موقع سے گرفتار کیا گیا تھا۔ گرفتار ملزمان کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ ملزمان پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی اور پولیس پر حملوں کا بھی الزام ہے۔

بقیہ 7 وزیراطلاعات
گیا، بونڈائی واقعہ پر مستند تحقیق کے بغیر نے ادارتی قوانین کا بھی خیال نہ رکھا، کچھ میڈیا اداروں نے دہشت گردوں کا تعلق بے بنیاد طور پر پاکستان سے جوڑا، پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے، ہم نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے، بھارتی میڈیا پاکستان کو بدنام کرنے کے لئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے، واضح ہو چکا ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے، غیر مصدقہ خبر چلانے پر پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کا ذمہ دار کون ہوگا؟ بتایا جائے کہ پاکستان پر الزام تراشی کا مداوا کیسے کیا جائے گا؟ جھوٹی خبر پھیلانے والوں کو باضابطہ معافی مانگنی چاہئے۔ بدھ کو یہاں بین الاقوامی میڈیا نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سڈنی کے بونڈائی بیچ پر پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کے حوالے سے تقریباً 48 گھنٹوں تک مس انفارمیشن مہم چلائی گئی، دنیا کے معتبر اور قابل اعتماد میڈیا ادارے بھی اس مہم کا حصہ بنے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس معاملے کو اجاگر کرنے کا مقصد کسی کو بدنام کرنا یا کسی کی دل آزاری نہیں بلکہ محض یہ اجاگر کرنا ہے کہ ایسے واقعات کے بعد کسی ثبوت یا معتبر ذرائع کے بغیر کسی ملک کو غیر منصفانہ طور پر ذمہ دار ٹھہرا دیا جاتا ہے جو تصدیق اور تحقیق کے بنیادی صحافتی اصولوں کے منافی ہے۔

بقیہ 8 ترجمان وزیراعظم
کے الزامات اور دعوؤں کو مسترد کر دیا۔ اس حوالے سے وزیر اعظم شہباز شریف کے ترجمان مشرف زیدی نے برطانوی نشریاتی ادارے اسکائی نیوز سے بات کی جہاں ان سے عمران خان کو 'قید تنہائی' میں رکھے جانے سے متعلق سوالات کیے گئے۔ اس پر مشرف زیدی کا کہنا تھا کہ عمران خان قریب 860 روز سے جیل میں ہیں اور اصولاً انہیں ہر ہفتے ایک ملاقات کی اجازت ہونی چاہیے مگر انھوں نے '112' ہفتوں کے دوران 870 ملاقاتیں کی ہیں، عمران خان نے اپنی بہنوں سے '137' ملاقاتیں کی ہیں جن میں سے 45 علیمہ، 49 عظمی اور 43 نورین کے ساتھ ہوئیں۔ مشرف زیدی کا کہنا تھا کہ عمران خان نے اپنی بہنوں سے لگ بھگ 140 ملاقاتیں کی ہیں جو کہ کہیں سے بھی قید تنہائی نہیں لگ رہا۔

بقیہ 9 گنڈاپور
بلاجواز پروپیگنڈا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ میں کسی سے نہیں ڈرتا، اگر کہیں جاؤں گا تو خود بتادوں گا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے سابق وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے خلاف فسطائیت آج کی نہیں ہے بلکہ ایک عرصے سے جاری ہے اور عمران خان ناحق قید اور جھوٹے، جعلی مقدمات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو انصاف نہیں مل رہا، آئین اور قانون کا مذاق بنایا جارہا ہے

بقیہ 10 ہزاروں پاکستانی
سے زیادہ 24 ہزار افراد کو سعودی عرب نے بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کیے جبکہ اس سال یو اے ای نے 6 ہزار پاکستانیوں کو بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کیا اور آذربائیجان سے بھی ڈھائی ہزار پاکستانی بھکاریوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی کمیٹی کو بتایا کہ جو لوگ عمرے کا نام لیکر یورپ جانے کی کوشش کر رہے ہیں انہیں ثبوت کے ساتھ آف لوڈ کیا، عمرے کے نام پر لوگوں کے پاس یورپ جانے کے ڈاکومنٹس تھے تب انہیں آف لوڈ کیا۔ قومی اسمبلی کی کمیٹی کو بتایا کہ اس سال 24 ہزار افراد کمبوڈیا گئے جس میں سے 12 ہزار افراد تاحال واپس نہیں آئے، برما میں سیاحتی ویزے پر 4 ہزار افراد گئے لیکن ڈھائی ہزار واپس نہیں آئے۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ غیر قانونی افراد کو روکنے سے پاکستان کی پاسپورٹ رینکنگ 118 سے 92 نمبر پر آئی، گزشتہ برسوں میں غیر قانونی جانے والے افراد میں پاکستان ٹاپ 5 ملکوں میں تھا لیکن اب ہماری پالیسیوں سے پاکستان ٹاپ فائیو ملکوں سے نکل گیا ہے۔

بقیہ 11 تعلیمی گروپ، تجویز
متعلق آئی بی سی سی کا مشاورتی اجلاس طلب کر لیا گیا ہے جس میں مضامین کی گروہ بندی اور اعلی تعلیم کے متبادل راستوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ آئی بی سی سی کا اجلاس 23 دسمبر کو اسلام آباد میں ہوگا جس میں انٹر میں پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ گروپس میں داخلے کی اہلیت پر بھی غور ہوگا۔

بقیہ 12 فرد جرم عائد
شامل ہیں۔ نیو ساؤتھ ویلز پولیس کے مطابق 24 سالہ نوید اکرم کو منگل کے روز کوما سے ہوش میں آنے کے بعد بدھ کو باقاعدہ طور پر چارج کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ نوید اکرم کو اتوار کی رات پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کر کے سڈنی کے ایک اسپتال منتقل کیا گیا تھا، جہاں اس کی حالت تشویشناک تھی۔

بقیہ 13 ڈاکو ہلاک
گئے۔ کوئٹہ جانیوالی بس سے مسافروں کو اغوا کرنے والے ڈاکوؤں کے خلاف سندھ اور پنجاب پولیس نے کچے کراچی میں مشترکہ آپریشن کیا ہے۔ ڈی پی او راجن پور کے مطابق کچے کراچی کے علاقے میں 3 ڈاکو مارے گئے، ڈاکوؤں کے متعدد ٹھکانوں کو بھی مسمار کر دیا گیا۔ یاد رہے کہ پیر کی رات 9 بجے کے قریب 30 سے 40 ڈاکوؤں نے ضلع گھوٹکی میں گڈو کشمور انٹرچینج کے قریب درجن سے زائد مسافروں کو اغوا کرلیا تھا

بقیہ 14 روزگار کے مواقع
فراہم کرنا اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی مینجنگ ڈائریکٹر محمود الرحمن تھے۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بیرون ملک پاکستان اور بلوچستان کے سفیر ہیں۔ باعزت روزگار کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ چیف منسٹر یوتھ سکل پروگرام ملکی سطح پر اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد پروگرام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کی جانب سے بھیجا جانے والا زرمبادلہ نہ صرف ان کے خاندانوں بلکہ ملکی معیشت کی بہتری میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 15 پرتھوی راج
ہار گیا تھا۔ پرتھوی راج چوہان نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ 7 مئی کو آدھے گھنٹے کی فضائی لڑائی میں ہمارے جہازوں کو مار گرایا گیا اور ہم مکمل طور پر یہ جنگ ہار گئے تھے۔ سابق وزیراعلی مہاراشٹرا کا کہنا تھا کہ پہلے دن کی لڑائی کے بعد بھارتی ایئرفورس کے جہازوں کو گراؤنڈ کر دیا گیا تھا کیونکہ لڑائی پر بھیجنے کی صورت میں انہیں پاکستان ایئرفورس کی جانب سے مار گرائے جانے کا خدشہ تھا۔ کانگریس رہنما نے کہا کہ حال ہی میں ہم نے آپریشن سندور کے دوران دیکھا کہ فوج نے ایک کلومیٹر بھی نقل وحرکت نہیں کی۔

بقیہ 16 بلدیاتی الیکشن
تمام اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس ہوا، میٹنگ کی صدارت صدر اسلام آباد ریجن عامر مسعود مغل نے کی۔ ریجنل سیکرٹری اور چیئرمین بلدیات کمیٹی ملک عامر علی اعوان سمیت سینئر قیادت نے شرکت کی۔ سیکرٹری فوزیہ ارشد، شعیب شاہین، سید فرزند شاہ اور علی بخاری بھی میٹنگ میں شریک ہوئے۔ پی ٹی آئی کے مطابق حکومت کی جانب سے بلدیاتی ایکٹ میں متنازع ترامیم کے باوجود الیکشن میں حصہ لیں گے، تحریک انصاف بلدیاتی الیکشن میں ضلع بھر میں کلین سویپ کرے گی۔

بقیہ 17 آبدوز غازی
آبدوزیں سی ٹرائلز کے مرحلے میں داخل ہو گئیں۔ پاکستان نیوی نے ہنگور آبدوز پروگرام میں ایک اور اہم سنگ میل عبور کر لیا، پاکستان اور چین کے درمیان 8 ہنگور کلاس آبدوزوں کا معاہدہ ہے، معاہدے کے تحت 4 ہنگور آبدوزیں چین جبکہ 4 پاکستان میں تیار کی جائیں گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کراچی شپ یارڈ میں ہنگور آبدوزوں کی تیاری ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی کے تحت ہوگی، ہنگور کلاس آبدوزیں جدید ہتھیاروں اور سینسرز سے لیس ہوں گی، یہ آبدوزیں دور سے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتی ہیں اور خطے میں امن اور استحکام کے لیے اہم کردار ادا کریں گی۔ ہنگور آبدوز کی لانچنگ تقریب میں پاکستان اور چین کے اعلی حکام نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تقریب میں پاک چین دفاعی تعاون مزید مضبوط ہونے کے عزم کا اظہار کیا گیا، ہنگور آبدوز پروگرام سے پاک بحریہ کی زیر آب دفاعی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 18 پیشگوئی
کے مغربی اور بالائی علاقوں میں 20 سے 22 دسمبر کے دوران بارشوں اور برفباری کے امکانات ہیں۔ رپورٹ کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ 19 دسمبر کو بلوچستان میں داخل ہوگا۔ اس دوران گرج چمک کے ساتھ بارش اور پہاڑوں پر برفباری متوقع ہے۔

بقیہ 19 بلامقابلہ منتخب
کہا کہ کوئٹہ کے 18 وارڈز میں کسی امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے۔ ذرائع کے مطابق 28 دسمبر کو کوئٹہ کے 641 وارڈز میں سے 520 وارڈز میں انتخابات ہوں گے۔ الیکشن کمیشن کے ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے لیے کل ووٹرز کی تعداد 8 لاکھ 23 ہزار 707 ہے۔

بقیہ 20 منظوری دے دی
رائٹس بل کی بھی منظوری دے دی جبکہ کنگ حمد یونیورسٹی آف نرسنگ اینڈ ایسوسی ایٹڈ میڈیکل سائنسز بل کی توثیق کر دی ہے۔ صدر نے دانش اسکولز اتھارٹی بل صوبائی مشاورت کی ضرورت کے پیش نظر نظر ثانی کے لیے وزیر اعظم کو واپس بھجوا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دانش اسکولز کے قیام کی صورت میں صوبائی حکومتوں سے پیشگی مشاورت ناگزیر ہے۔

بقیہ 21 مظاہرین منتشر
جانب سے پولیس پر شدید پتھراؤ کیا گیا جس کے بعد پولیس کو اینٹی رائٹ سامان سے لیس کر کے پوزیشن سنبھالنے کا حکم دیا گیا۔ پولیس نے دھرنا شرکاء کو منتشر کرنے کے لیے واٹر کینن کا بھرپور استعمال کیا، کیمیکل ملے ٹھنڈے برفیلے پانی کی بوچھاڑ کی گئی۔ مظاہرین کو فیکٹری ناکہ سے پیچھے دھکیل دیا گیا جبکہ گلیوں میں چھپے کارکنوں کی گرفتاریاں بھی ہوئیں۔

بقیہ 22 جعفرخان مندوخیل
کالج کوئٹہ کینٹ کی تقریبا پانچ ہزار زیر تعلیم طالبات ہمارے روشن مستقبل کیلئے امید کی کرن ہیں اور ہمیں ان کی عملی صلاحیتوں تک پہنچنے کیلئے انہیں تعلیم یافتہ بنانے کے ساتھ ساتھ معاشی طور پر خود مختار بنانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کینٹ کی طالبات اور اکیڈمک اسٹاف کے ساتھ گورنر ہاؤس کوئٹہ کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل گرلز کالج پروفیسر سعدیہ فاروقی، اکیڈمک اسٹاف اور فارغ التحصیل ہونے والی گریجویٹس کی بڑی تعداد موجود تھی۔ گورنر نے ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ کے 200 قابل اکیڈمک اسٹاف میں سے 52 پی ایچ ڈی اور ایم فل کے ممتاز سکالرز ہیں۔ یہ نہ صرف فکری تجسس اور علم کے حصول کے رجحان کو فروغ دینے کیلئے کالج کی لگن کی عکاسی کرتا ہے بلکہ طالبات میں ایک طاقتور قوت کے طور پر کام کرتی ہیں اور انہیں تعلیمی کامیابیوں کی اسی طرح کی بلندیوں کیلئے جدوجہد کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی تعلیم اور با اختیار بنانے میں سرمایہ کاری کر کے ہم درحقیقت اپنی قوم کے مستقبل میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں اور یہ ضروری ہے کہ ہم انہیں ان کے مقاصد کے حصول کیلئے ضروری مواقع اور وسائل فراہم کرتے رہیں۔ کالج گریجویٹس نے مختلف سوالات کیے جن کا گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے تفصیل سے جواب دیے، گرلز کالج کی اکیڈمک اسٹاف کا گورنر سے مطالبہ کیا کہ کالج کی سطح پر بی ایس پروگرام کو مزید کامیاب بنانے کیلئے مزید پی ایچ ڈی اور ایم فل اسکالرز کی ضرورت فوری طور پر پورا کیا جائے۔

بقیہ 23 پاسپورٹ جاری کیا
سے حملہ آوروں کی بھارتی شہریت کی تصدیق ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق بھارتی دہشت گرد ساجد اکرم کا پاسپورٹ بھارتی ایمبیسی نے 24 فروری 2022 کو 10 سال کی مدت کے لیے جاری کیا، جس سے واضح ہوتا ہے کہ بھارتی سفارتی حکام کو پہلے دن سے ہی حملہ آور کی بھارتی شہریت کا علم تھا۔ اس کے باوجود بھارتی حکام نے جان بوجھ کر حقیقت چھپائے رکھی اور اپنے میڈیا کو پاکستان پر الزام تراشی کے لیے وقت فراہم کیا۔

بقیہ 24 شدید ردعمل
میں کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پر بیہودہ الزام لگانا پاکستان کے آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے، پیپلز پارٹی بھٹو شہید کی توہین برداشت نہیں کرے گی اور ہر محاذ پر اس کا جواب دیا جائے گا۔ سینیٹر وقار مہدی نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمن کا بیان اخلاقی دیوالیہ پن اور فکری افلاس کی بدترین مثال ہے، بھٹو شہید پر الزام لگانا تاریخ سے لاعلمی ہے، امیر جماعت اسلامی سیاسی یتیمی چھپانے کے لیے شہداء کی توہین کر رہے ہیں۔ وقار مہدی نے کہا کہ جھوٹے بیانیے سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 25 آئی ایم ایف دباؤ
ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی جانب سے ریٹیل سیکٹر میں کیش اکانومی میں کمی، ڈاکومنٹیشن بڑھانے کے مطالبے پر حکومت نے بڑے تاجر طبقے سے مارچ 2026 تک 517 ارب ٹیکس وصولی کا ہدف مقرر کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے ریٹیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے سخت اقدامات کا فیصلہ کیا ہے، بڑے ریٹیلرز سے جون 2026 تک 707 ارب روپے اضافی ٹیکس وصول کیا جائے گا، نان فائلر ریٹیلرز کے خلاف جرمانے اور قانونی کارروائیاں کی جائیں گی۔ ایف بی آر کے مطابق سیلز ٹیکس وصولی بڑھانے کیلئے ڈیجیٹل رسید اور پی او ایس سسٹم لازمی بنانے کا منصوبہ ہے، سالانہ 50 کروڑ ٹرن اوور والے تاجروں کیلئے جون 2026 تک ڈیجیٹل انوائسنگ سسٹم لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے ٹیکس ریفنڈز کے بقایاجات محدود رکھنے کی شرط بھی عائد کر دی ہے حکام کے مطابق 38 فیصد بڑے ریٹیلرز پر پوائنٹ آف سیل سسٹم نصب کر دیا ہے۔ اگلے 2 سال میں تمام 40 ہزار بڑے ریٹیلرز پر پی او ایس سسٹم نصب کرنے کا ہدف ہے، بینک اکاؤنٹس اور یوٹیلیٹی بلز سے ریٹیلرز کی ٹریکنگ کا پلان ہے۔

بقیہ 26 جسٹس جہانگیری
استعفیٰ دے دوں، مجھے چیف جسٹس نے تجویز کیا میں استعفیٰ دیکر چیف جسٹس کے سپرد کردوں، مجھے یہ بھی کہا گیا ان پر اس طرح پریشر ہو جائے گا۔ جسٹس طارق جہانگیری کا اپنی درخواست میں کہنا تھا زیر التواء معاملے پر بات چیت کے بعد چیف جسٹس بینچ میں بیٹھنے کے اہل نہیں رہے، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اب بینچ سے الگ ہو جائیں کیونکہ انہوں نے زیر التواء مقدمہ جسٹس کرنے کو کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کی۔ اپنی درخواست میں جسٹس طارق جہانگیری کا کہنا تھا چیف جسٹس پر پریشر آنے کے بعد ان کو کوڈ آف کنڈکٹ کے مطابق چلنا چاہیے تھا، چیف جسٹس نے کوڈ آف کنڈکٹ پر عمل کی بجائے فیلو جج پر پریشر ڈال کر استعفے کا مشورہ دیا۔ ان کا کہنا تھا میں نے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں درخواست دائر کی ہے، چیف جسٹس کو ڈگری کیس کی سماعت سے معذرت کرنی چاہیے۔

بقیہ 27 ٹرین سروس
اپنے مقررہ وقت پر روانہ ہوگی جبکہ کوئٹہ سے چمن جانے والی چمن پسنجر ٹرین بھی طے شدہ شیڈول کے مطابق روانہ ہوئی۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ ناگزیر وجوہات کی بنا پر جعفر ایکسپریس اور چمن پسنجر کو گزشتہ روز معطل کیا گیا تھا، تاہم حالات میں بہتری آنے کے بعد آج دونوں ٹرینوں کی آمد و رفت بحال کر دی گئی ہے۔

بقیہ 28 پاکستان کی معیشت
93 ہزار 630 ارب روپے اور پاکستانی برآمدات 60 ارب نہیں بلکہ 46 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے، اگلے مالی سال پاکستان کی مجموعی برآمدات 36 ارب 46 کروڑ ڈالر رہنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

بقیہ 29 عبدالخالق اچکزئی
کہا کہ کسی خاتون کے لباس، حجاب اور ذاتی وقار میں مداخلت نہ صرف انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ مذہبی آزادی اور خواتین کی عزت نفس پر کھلا حملہ بھی ہے۔ اسپیکر نے اس عمل کو طاقت کے غلط استعمال، مسلمانوں کی تذلیل اور خواتین کی توہین قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات کسی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاستی عہدہ کسی کو یہ اختیار نہیں دیتا کہ وہ خواتین کی عزت کو مجروح کرے یا مذہبی شناخت کا تمسخر اڑائے۔

بقیہ 30 قاسم، سلیمان
نے یہ بات برطانوی نشریاتی ادارے کو دیے گئے ایک انٹرویو کے دوران کہی۔ قاسم اور سلیمان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب کہ عمران خان کی بہنوں کی اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کرانے سے ایک بار پھر انکار کر دیا گیا۔ انٹرویو کے دوران ان سے پوچھا گیا کہ کیا انہوں نے عمران خان سے ملنے کی اجازت لینے کے لیے پاکستانی حکومت سے بات کرنے کی کوشش کی جبکہ چند ماہ قبل وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا تھا کہ وہ آ سکتے ہیں، عمران خان سے مل سکتے ہیں۔ اس سوال پر قاسم نے جواب دیا، اب ہم منصوبہ بنا رہے ہیں کیونکہ انہوں نے کھل کر کہا ہے، لہذا جب تک وہ اپنی بات پر قائم ہیں تو ہمیں امید ہے کہ جنوری میں جانا چاہیے، ہم نے اپنے ویزوں کے لیے درخواست دے دی ہے، ویزے ابھی تک نہیں آئے، ہم توقع کر رہے ہیں کہ یہ پروسس مکمل ہو جائے گا، اس لیے ہم جنوری میں جانے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ اینکر نے پھر ان سے پوچھا کہ وہ عمران خان کو جیل کے دوران کیا بات کریں گے اور کیا وہ ان سے 'کسی ڈیل' پر غور کرنے کا کہیں گے؟

بقیہ 31 عبدالرحیم کاکڑ
محمد جان درویش، امیر جان آغا، حاجی روزی گل بڑیچ، حاجی داد اکا، حاجی رحمت اللہ اچکزئی، عبداللہ اچکزئی، نور محمد اکا، حاجی عرب اچکزئی، حاجی حیات اچکزئی، حاجی شن گل اچکزئی و دیگر نے کہا کہ کوئٹہ میں کسٹم حکام کی جانب سے ایف سی کے ساتھ ملکر رات گئے تاجروں کے گوداموں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں جس میں کروڑوں روپے مالیت کے سامان کو غیر قانونی قرار دیکر ضبط کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے اندر ترسیل کے دوران جبل نور، بلیلی، ہزار گنجی سمیت دیگر علاقوں تک قانونی سامان کی ترسیل کرنے والی گاڑیوں کو روک کر ایف سی حکام مختلف بہانوں کے ذریعے لیگل سامان، نسبی پٹھو کو صرف ضبط بلکہ کیسز بھی دائر کرتے ہیں جس سے تاجر اپنے جائز سامان کے لیے تمام کاروبار چھوڑ کر صبح وشام ایف سی اور کسٹم کے دفاتر کے چکر لگاتے رہتے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ان کی شنوائی نہیں ہورہی۔ مقررین نے کہا کہ تاجروں کے چند سال قبل احتجاج کے بعد کسٹم حکام نے یقین دہانی کروائی تھی کہ کمرشل علاقوں میں چھاپے نہیں مارے جائیں گے لیکن جب سے نئے کسٹم کلیکٹر آئے ہیں ایک بار پھر چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے

بقیہ 32 فارن کورس کے طلبا
نے کیس کی سماعت کی۔ طلباء نے 2022-23 میں اوور سیز کوٹہ کے تحت میڈیکل کالجز میں داخلہ حاصل کیا تھا اور ابتدائی طور پر دو سال تک فارن کرنسی میں فیس ادا کی۔

بقیہ 33 زلزلے کے جھٹکے
کئے گئے ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3.3 ریکارڈ کی گئی جبکہ گہرائی 12 کلومیٹر تھی اور زلزلے کا مرکز مچکوہ سے 85 کلومیٹر شمال میں تھا تاہم کسی جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

بقیہ 34 ایمنسٹی انٹرنیشنل
طاقت کے غیر متناسب اور سزا دینے والے طریقوں کو ختم کرنا ہے۔ ایمنسٹی کے مطابق گزشتہ شب راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے باہر عمران خان سے عدالتی حکم کے باوجود ملاقاتوں کی بار بار انکار کے خلاف دیے گئے پرامن دھرنے کو ایک مرتبہ پھر واٹر کینن کے ذریعے منتشر کر دیا گیا۔

بقیہ 35 وکالت کی شرط ختم
کے لیے تربیت مکمل کرنا اور امتحان پاس کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 36 کرسمس کی تقریب
کہا کہ ہم اقلیت اور اکثریت سے بڑھ کر پاکستان کے برابر شہری ہیں، ہم مسیحی برادری کی تمام خوشی وغمی میں شریک ہوتے ہیں اور بلوچستان میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں مسیحی برادری کی خدمات کو قدر کی نظر سے دیکھتے ہیں کرسمس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے آخر میں ملک وقوم کی ترقی و سلامتی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 37 پولیس کو مطلوب
مقدمات کی تفصیلات جمع کریں جس میں دہشت گردی، پولیس اور رینجرز اہلکاروں کے قتل جیسی سنگین دفعات شامل ہیں۔

بقیہ 38 مقدمہ درج
دوسری جانب انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل انڈیا نے بتایا کہ کسی عوامی عہدیدار کی جانب سے کسی خاتون کا نقاب زبردستی ہٹانا عورت کی عزت، شناخت اور ذاتی آزادی پر سنگین حملہ ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق ایسے اقدامات نا صرف خواتین کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہیں بلکہ معاشرے میں خوف اور عدم تحفظ کے ماحول کو بھی فروغ دیتے ہیں۔

بقیہ 39 گورنر کے پی
سابق وزیراعلی نے گالم گلوچ کی سیاست کو فروغ دیا، صوبے میں افغان پالیسی غیر قانونی چیز کو قانونی قرار نہیں دیا جاسکتا، غیر قانونی سرگرمیوں کو قانون کا حصہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ گورنر راج کا انحصار صوبائی حکومت کے رویے پر ہے، محاذ آرائی کی سیاست کی گئی تو قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج سے متعلق آئینی طریقہ کار واضح ہے۔

بقیہ 40 ٹریول الرٹ
طانوی شہری ممکنہ خطرات کا لازمی جائزہ لیں۔ افغان میڈیا کے مطابق برطانیہ نے سیکیورٹی خدشات پر اپنے شہریوں کو افغانستان کا سفر ترک کرنے کا کہا ہے، برطانوی دفتر خارجہ کی ہدایات میں پرتشدد واقعات میں اضافے اور خطرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس سے متعلق افغان میڈیا نے بتایا کہ برطانیہ نے متعدد سرحدی گزرگاہیں بند ہونے سے سفر کو انتہائی خطرناک قرار دیا ہے۔

بقیہ 41 مولانا ہدایت الرحمان
بلند کرونگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں صوبائی ذمہ داران ماہانہ عمومی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی ذمہ داران اور خصوصی طور پر الخدمت فاؤنڈیشن صوبائی صدر عبدالمجید سربازی بھی شریک تھے اجلاس میں سابقہ فیصلوں پر عمل درآمد کیساتھ صوبائی ذمہ داران نے اپنی اور شعبہ جات کی رپورٹ پیش کی اجلاس میں مینار پاکستان اجتماع میں بلوچستان سے شرکت اور کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات تیاریوں کے حوالے سے بھی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس کو الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان صدر عبدالمجید سربازی نے بتایا کہ کوئٹہ جعفرآباد میں الخدمت کامیاب بنو قابل پروگرام کے بعد مزید دو شہروں جس میں لورالائی ژوب شامل ہیں میں بھی الخدمت بنو قابل پروگرام شروع کریں گے۔ کوئٹہ میں ٹیسٹ وانٹرویو کے بعد 4 مقامات پر کمپیوٹر لیب تیار ہوچکے ہیں کلاسز 25 جنوری سے شروع ہوں گے۔

بقیہ 42 غیرجانبدارانہ کرنے
گوادر میں الخدمت بنو قابل انٹری ٹیسٹ 25 جنوری ہوگا جس میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن خصوصی شرکت کریں گے۔ اس کے علاوہ بتایا گیا کہ 8 فروری کو جعفرآباد میں بڑا عوامی جلسہ ہوگا جس میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن شرکت کریں گے۔ صوبائی ذمہ داران نے بارڈر بندش، کوئٹہ میں سڑکوں کو توڑنے راستوں کی بندش، جگہ جگہ ایف سی سیکیورٹی اداروں کی تلاشی تفتیش کے شہریوں وعوام طلبا و مریضوں کا قیمتی وقت ضائع کرنے کی مذمت کرتے ہوئے سڑکوں کی تعمیر جلد سے جلد کرنے چیک پوسٹیں ختم کرنے کا مطالبہ کیا اجلاس میں کوئٹہ انتخابی فہرستوں میں غلط بے ترتیب بوگس اندراجات کی مذمت اور بلدیاتی الیکشن منصفانہ غیر جانبدارانہ کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 43 مطالعاتی دورہ شروع
دن انہوں نے سب سے پہلے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے تحت کام کرنے والے قومی ہنگامی آپریشن سینٹر (این ای او سی) اور قومی ادارہ برائے آفات کا انتظام (این آئی ڈی ایم) کا معائنہ کیا، جہاں ملکی سطح پر آفات کے انتظام، ابتدائی انتباہی نظاموں اور ہنگامی منصوبہ بندی کے متعلق جامع آگاہی حاصل کی۔ اس کے بعد وفاقی وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی کے دورے کے دوران افسران کو قومی موسمیاتی پالیسیوں، بین الاقوامی معاہدوں پر عملدرآمد، اور ماحولیاتی تحفظ کے منصوبوں سے روشناس کرایا گیا۔ آخر میں، پلاننگ کمیشن آف پاکستان کے دورے کے دوران قومی ترقیاتی ترجیحات، منصوبہ بندی کے طریقہ کار اور معاشی حکمت عملیوں پر روشنی ڈالی گئی۔ اس دورے کی قیادت جناب نذر محمد کاکڑ، چیف انسٹرکٹر، بی سی ایس اے اور جناب محمد سہیل، ڈائریکٹنگ اسٹاف (پری سروس)، کر رہے ہیں۔ اس مطالعاتی سلسلے کا بنیادی مقصد نئے افسران کو وفاقی اداروں کے عملی کام، پالیسی سازی کے عمل اور قومی ترجیحات سے براہ راست آشنا کرنا ہے، تاکہ مستقبل میں وہ اپنے فرائض کی بہتر انجام دہی کے ساتھ موثر حکمرانی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ یہ تربیتی اقدام بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کی ان مدبرانہ کوششوں کا حصہ ہے جو مستقبل کے سول سرونٹس کو ملکی انتظامیہ کی ہمہ جہت تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اٹھائی جارہی ہیں۔

بقیہ 44 غلام رسول عمرانی
روکو بڑھا کر شفافیت، میرٹ اور گڈ گورننس کو یقینی بنانا ہے تاکہ صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی تربیت سے آراستہ کر کے روزگار کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور نیاز احمد نیچاری اور ایم ڈی بی ٹیوٹا (TEVTA-B) محمود الرحمن سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں محکمے کے انتظامی و مالی امور، زیر التواء منصوبہ جات اور بی ٹیوٹا کی کارکردگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا کہ صوبے سے بے روزگاری کے خاتمے کا بہترین حل فنی تعلیم کا فروغ ہے۔ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ بلوچستان کا نوجوان صرف ڈگری ہولڈر نہ ہو بلکہ ہنرمند بھی ہو۔ انہوں نے صوبے بھر میں موجود ٹیکنیکل سینٹرز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے ایسے کورسز متعارف کرانے کی ضرورت پر زور دیا جن کی مارکیٹ میں مانگ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محنت کش کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں صنعتی یونٹس اور نجی اداروں میں لیبر قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور ورکرز ویلفیئر بورڈ کے تحت مزدوروں اور ان کے بچوں کو صحت وتعلیم کی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں تاکہ کان کنوں اور فیکٹری ورکرز کو تحفظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ موجودہ دور میں روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید تقاضوں کے مطابق چلنا ہوگا۔ صوبائی مشیر نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ محکمے کی بہتری اور فعالیت پر تمام تر توجہ مرکوز رکھیں تاکہ قلیل مدتی اور طویل مدتی بنیادوں پر اصلاحات کا نفاذ ممکن بنایا جا سکے۔ ملاقات میں سیاسی وقبائلی شخصیت حاجی ممتاز عمرانی اور دوست محمد ساتکزئی بھی موجود تھے۔

بقیہ 45 ارشد یوسفزئی
بی، کیس، بجلی اور دیگر مسائل کی گڑھ بنے ہوئے ہیں عوام نے مینڈیٹ دیا تو وعدہ کرتے ہیں کہ علاقے سے اسٹریٹ کرائم، کرپشن، بحران کے خاتمے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فعال اور متحرک کردار ادا کریں گے۔ فیصلہ عوام کے ہاتھ میں ہے کہ وہ روایتی سرمایہ داروں اور بلندو بانگ دعویداروں کو کامیاب کراتے ہیں یا الخدمت پینل کے صادق وامین امیدواروں کو مینڈیٹ دے کر منتخب کراتے ہیں، ہمارا وعدہ ہے کہ ہم عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے نامزد امیدوار برائے جنرل کونسلر یونین کونسل 14 وارڈ 2 زرغون ٹاؤن ارشد یوسفزئی، آزاد امیدوار سابق ناظم جاوید احمد خان، محمد ذیشان نے گزشتہ روز جاری انتخابی مہم کے سلسلے میں کارنر میٹنگز سے خطاب اور علاقہ مکینوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ الخدمت پینل کے نامزد امیدواران ارشد یوسفزئی، جاوید احمد خان اور محمد ذیشان خان نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور عوامی رابطہ مہم کے دوران عوام سے درخواست کی کہ وہ الخدمت پینل کو کامیاب بنائیں تاکہ علاقے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ان کے منصوبوں پر عمل درآمد کیا جا سکے۔ الخدمت پینل نے اپنے منشور میں علاقے کی اہم ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے متعدد اہم نکات شامل کیے ہیں۔ ان کا مقصد صرف عوامی مسائل کا حل پیش کرنا ہے بلکہ مقامی سطح پر ترقی کی نئی راہیں کھولنا بھی ہے۔ عوامی رابطہ مہم میں ان کے ہمراہ ڈاکٹر عبداللہ شاہوانی، وڈیرہ ظہور احمد رند، حاجی پیر جان بلوچ، عمران جمالی، عطاء اللہ بنگلزئی، ذوالفقار احمد اور بڑی تعداد میں ووٹر، سپورٹر ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ الخدمت پینل کا اولین مقصد یونین کونسل 14 کے تمام وارڈز میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ہے۔ عوامی شکایات کے مطابق اکثر علاقوں میں پانی کی کمی اور آلودگی کا سامنا ہے۔

بقیہ 46 ہڑتال ختم کردی
کراچی بندرگاہ پر کام بری طرح متاثر رہا، جہازوں کی آمد و رفت رک گئی، ایک جہاز کراچی پورٹ اور دو جہاز بندرگاہ کے باہر لنگر پورٹ پر ٹرکوں کے آنے کے منتظر ہیں۔ واضح رہے کہ گڈز ٹرانسپورٹ ہڑتال کی وجہ سے صنعتوں تک خام مال کی رسائی معطل ہوگئی تھی۔ صدر آئرن مرچنٹس حماد پونا والا نے کہا کہ گڈز ٹرانسپورٹ کی ہڑتال کی وجہ سے مال نہ ملنے سے صنعتیں بند ہونے کا خدشہ ہے، لوہے کے تاجروں اور دیگر اشیاء کے امپورٹرز کو اربوں کا نقصان ہو رہا ہے۔

بقیہ 47 شروع ہوگا
تعلیمات کے حوالے سے آگہی سمیت دین اسلام کی عظیم تعلیمات سے بھی آگہی فراہم کریں گے علماء کرام اپنے خطابات میں عالم اسلام کو درپیش مسائل ان کے حل کے حوالے سے بھی بیانات فرمائیں گے سالانہ تین روزہ اجتماع کی نگرانی تبلیغی جماعت کوئٹہ کی مجلس شوری کے ممبران کریں گے جبکہ مختلف انتظامی کمیٹی کے لئے پنڈال امیر سمیت مجلس شوری کے کوئٹہ و دیگر کے ممبران پر مشتمل ہوگی جو مختلف کمیٹیوں کی سربراہی کریں گی 21 دسمبر بروز اتوار سالانہ تین روزہ تبلیغی اجتماع کے اختتام پر صبح 8 بجے اجتماعی دعا کی جائے گی سالانہ تاریخی اجتماع میں ملک سمیت کے علاوہ دنیا کے کونے کونے سے تبلیغ اسلام کیلئے خصوصی جماعتیں بھی تشکیل دی جائیں گی تین روزہ سالانہ تاریخی اجتماع میں ملک بھر سے ممتاز علماء کرام بھی خصوصی شرکت کریں گے 18 دسمبر 2024 سے شروع ہونے والے تاریخی سالانہ تبلیغی اجتماع کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہے تین روزہ تبلیغی اجتماع گاہ 15 ایکڑ رقبے پر مشتمل ہے جبکہ کھانے پینے خرید و فروخت کے لئے بھی علیحدہ جگہ کا انتظام کیا گیا ہے کمشنر کوئٹہ ڈویژن باسمہ اللہ فیض کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ پولیس لیویز سمیت بی اے کاؤنٹس ایف سی بلوچستان کی جانب سے سیکورٹی کے لئے خصوصی سیکورٹی پلان تشکیل دیکر افسران واہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگادی گئی ہے تاکہ سالانہ تین روزہ اجتماع میں شرکت کرنے والوں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جاسکے محکمہ صحت کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر محمد اکبر سوالکی کی نگرانی میں لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹرز وپیرا میڈیکل کا عملہ موجود رہے گا اور ایمرجنسی کی صورت میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹر اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے تمام اسٹاف کی چھٹیاں بھی منسوخ کردی گئی ہے سبی اجتماع گاہ سمیت سبی شہر و گرد ونواح میں سیکورٹی کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے

بقیہ 48 سینیٹر محمد عبدالقادر
بلوچستان میں صنعتی ترقی، توانائی کے شعبے میں خود کفالت اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا اس لیے حکومت منصوبے کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو فی الفور ختم کرے تاکہ صوبے کی ترقی کی رفتار برقرار رہے صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور مکمل تعاون فراہم کرے تاکہ منصوبے بروقت مکمل کیا جا سکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ حکومت سرمایہ کاروں کے ساتھ قریبی روابط قائم رکھے اور سرمایہ کاری کے مختلف منصوبوں سے متعلق قانونی، انتظامی اور تکنیکی معاملات کو تیزی سے حل کرے تاکہ سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی نہ ہو جب آئل ریفائنری جیسے متعدد میگا پراجیکٹس کے قیام سے صوبے سے بیروزگاری کے خاتمے میں مدد ملے گی صوبے کے تعلیم و تربیت یافتہ اور مزدور طبقے کو روزگار کمانے کے وسیع مواقع میسر ہونگے تو ان میں منفی سرگرمیوں میں دلچسپی لینے کے رجحانات پروان نہیں چڑھیں گے گھر گھر خوشحالی ہوگی تو صوبے کا امن وسکون لوٹ آئے گا بلوچستان میں قائم ہونے والے ہر چھوٹے بڑے پراجیکٹ میں بلوچستان کے باسیوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ انکا احساس محرومی ختم ہو۔

بقیہ 49 عبدالخالق ہزارہ
علاقوں میں کارنر میٹنگ، اجلاس اور حمایتی جلسوں کا سلسلہ جاری ہے۔ جس سے پارٹی چیئرمین عبدالخالق ہزارہ، نائب چیئرمین مرزا حسین ہزارہ، نائب چیئرمین عزیز اللہ ہزارہ، جنرل سیکرٹری احمد علی کوہزاد، ڈپٹی سیکرٹری محمد رضا ہزارہ، یونس چنگیزی، غلام رضا ہزارہ، محترمہ سیما بتول، عاطفہ صادق، آصفہ ارکین ضلعی کونسل پارٹی کے نامزد امیدواروں معززین اور معتبرین نے مختلف کارنر میٹنگوں، اجلاسوں اور اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کیلئے صف اول کا کردار ادا کرنا چاہئے یہ کوئی سیاسی جماعتیں ہیں جو بلدیاتی انتخابات کے التوا کی درخواستیں کرکے عوام کو اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے راستے میں رکاوٹ بننے کی کوشش کر رہے ہیں مسلط صوبائی حکومت کی درخواستیں تو سمجھ آرہی ہے کہ اس حکومت کو یقین ہے کہ انکا ہانڈہ سربازار پھوٹنے لگا ہے اور کوئٹہ کے شہری ہر صورت میں اس دفعہ اپنی رائے کی حفاظت کی ٹھان لی ہے مگر سیاسی جماعتیں کیوں عوامی حقوق سے دستبردار ہونے کا فیصلہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ انتخابات ہونے چاہئے اور نچلی سطح کے بلدیاتی نمائندوں کو اختیارات منتقل کرکے شہری تعمیر وترقی میں بلدیاتی اداروں کو فعال کردار ماننا چاہئے خصوصاً ضلع کوئٹہ کے شہریوں کو انکے مسائل کے حل کے لئے بلدیاتی اداروں کا کردار اہمیت کا حامل ہے

بقیہ 50 ملزمان کو گرفتار
کے بعد سی ٹی ڈی نصیر آباد اور پھر قلات ریجن میں دفاتر قائم کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اپنے دفتر میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایس ایس پی انوسٹی گیشن کرائم برانچ عطاء اللہ شاہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی ڈاکٹر فرحان زاہد نے بتایا کہ 6 جون کو کوئٹہ کے علاقے قلی پائند خان شاہو روڈ کے رہائشی حاجی قبات خان ولد دادا شاہ نے سریاب لیویز تھانے میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ میرے دو بیٹے عدنان خان اور عرفان خان کام کے سلسلے میں سریاب گئے تھے جنہیں نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی سمیت اغوا کرلیا جس پر ماہ یہ کیس کرائم برانچ منتقل کیا گیا یہ کیس انتہائی اہمیت کا حامل تھا ایس ایس پی انوسٹی گیشن کرائم برانچ عطاء اللہ شاہ کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی جس میں ڈی ایس پی مختیار موسی خیل، ڈی ایس پی معراج خالد کاکڑ، تفتیشی انسپکٹر محمد ابراہیم، انسپکٹر حسین گل شامل تھے جنہوں نے دونوں سگے بھائیوں مغویوں کی بازیابی کیلئے دن رات محنت کی معلومات پر ٹیم نے علاقوں میں چھاپے مارے مگر اغوا کار مغویوں کو مختلف مقامات پر منتقل کرتے رہے

بقیہ 51 نیشنل پارٹی
دس سالوں سے میئر اور کونسلران سے محروم رکھ کر بیوروکریسی کے رحم و کرم پہ چھوڑ دیا گیا ہے اربوں روپے ایڈمنسٹریٹرز کے ذریعے ہڑپ کیا جاچکا ہے کارپوریشن کی اربوں کی مشینری ناکارہ بنادی گئی ہے کوئٹہ شہر کو کھنڈر بنادیا گیا ہے اب جبکہ الیکشن کمیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کے لیئے تمام تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں حکومت بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار کے لیئے حیلے بہانے ڈھونڈ رہا ہے کبھی موسم کی خرابی، کبھی حالات کی خرابی اور کبھی آل پارٹیز کا نام لیکر غلط بیانی کرکے الیکشن کمیشن پہ دباؤ ڈال رہا ہے کہ انتخابات ملتوی ہوں کیونکہ انہیں پتہ ہے کہ فارم 47 کے ذریعے آئے ہوئے جعلی مسلط کردہ عناصر بلدیاتی انتخابات میں بری طرح بےنقاب ہوجائینگے

بقیہ 52 میر لیاقت علی لہڑی
نے کہا کہ یونین کونسل 2 وارڈ 3 سے علی احمد لانگو کی کامیابی عوامی نمائندگی کی جیت ثابت ہوگی۔ میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینا جمہوری عمل کا عملی مظاہرہ ہے اور ہر شہری کو انتخابات میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے، تاہم سیاسی عمل میں باہمی اختلافات سے اجتناب ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے ساتھ اتحاد ہمیشہ مثبت اور قابل قدر رہا ہے اور جس طرح عام انتخابات میں مشترکہ کامیابی حاصل کی گئی، اسی طرح بلدیاتی انتخابات میں بھی کامیابی حاصل کی جائے گی۔

بقیہ 53 ڈاکٹر امیر علی مگسی
ٹس کے مریضوں کا مکمل طور پر مفت علاج کیا جاچکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت وزیراعلی بلوچستان سرفراز احمد بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی واضح رہنمائی اور وژن کے تحت پبلک ہیلتھ لیبارٹری کوئٹہ میں مفت پی آر سی مشین کے ذریعے لوگوں کو ٹیسٹ کی سہولت فراہم کر رہے ہیں جبکہ ماضی میں یہ ٹیسٹ ہزاروں روپے کی لاگت سے کرائے جاتے تھے انہوں نے بتایا کہ جلدی نصیر آباد جی پی آر سی مشین فراہم کردی جائے گی انہوں نے کہا کہ جعفرآباد، صحبت پور میں کامیاب پائلٹ اسکریننگ مہم منعقد کی گئی جن میں 8 ہزار سے زائد افراد کی اسکریننگ اور 1 ہزار 830 افراد میں ہیپاٹائٹس سی کا مرض پایا گیا انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم ہیپاٹائٹس ایلیمینیشن پروگرام کے تعاون سے مفت علاج فراہم کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ عوام کو صفائی، صاف پانی محفوظ انجکشن اور بیماری سے بچاؤ سے متعلق آگاہی دی جارہی ہے

بقیہ 54 حاجی علی مدد جتک
واضح ثبوت ہے کہ عوام پیپلز پارٹی کو ہی اپنے مسائل کا واحد اور حقیقی حل سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی حقوق کی جدوجہد کی ہے اور بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین بنایا ہے۔ حاجی علی مدد جتک کا کہنا تھا کہ صدام اچکزئی جیسے نوجوان اور متحرک عوامی نمائندوں کی شمولیت سے پارٹی مزید مضبوط ہوگی اور بلدیاتی سطح پر عوامی مسائل کے حل میں تیزی آئے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئے شامل ہونے والے نمائندے پارٹی منشور کے مطابق عوامی خدمت میں بھرپور کردار ادا کریں گے

بقیہ 55 حاجی لشکری رئیسانی
کے سائے میں ہونے والے وسائل کی لوٹ مار کا راستہ روکیں، یہ بات انہوں نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ، مرکزی لیبر سیکرٹری موسی بلوچ، مرکزی سیکرٹری انسانی حقوق احمد نواز بلوچ، ضلعی صدر غلام نبی مری، میر مقبول احمد لہڑی، حاجی وحید لہڑی ودیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ سمیت بلوچستان کے اجتماعی قومی امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ بلوچستان سات دہائیوں سے تکالیف، جبر اور استحصال کا شکار رہا ہے ایسے میں یقیناً پارلیمانی سیاست کے ذریعے بھی بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی گئی، انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان کے وسائل کو لوٹنے کا ایک سامراجی قانونی طریقہ ہے، ہمارے قومی وحدت کو ملٹی نیشنل کمپنیوں کو لاٹ کیا جارہا ہے

بقیہ 56 عبدالخالق اچکزئی
کوارٹر چمن اسکاؤٹس، کمانڈنگ آفیسر 40 فرنٹیئر فورس (FF) چمن، ایس پی چمن، کمانڈنگ افسر آئی ایس آئی چمن، آئی ڈبلیو چمن، کمانڈنگ افیسر ٹی چمن، کمانڈنگ آفیسر ایم آئی 304 چمن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ADC) چمن، اسسٹنٹ کمشنر (AC) چمن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آئی بی چمن، ڈسٹرکٹ آفیسر سی ٹی ڈی چمن، سرکل آفیسر اسپیشل برانچ چمن، ڈسٹرکٹ آئی ٹی آفیسر چمن کے علاوہ لینڈ ڈیپارٹمنٹس کے تمام ضلعی سربراہان اور دیگر متعلقہ آفیسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع چمن میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، سرحدی سیکیورٹی، انسداد جرائم، خفیہ معلومات کے تبادلے، عوامی تحفظ کے اقدامات، انتظامی امور میں باہمی رابطہ کاری اور ضلعی سطح پر درپیش سیکیورٹی و انتظامی چیلنجز پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا

بقیہ 57 جے یو آئی
کے ساحل و وسائل پر یہاں کے لوگوں کا حق ہے، ان خیالات کا اظہار جمعیت کے مرکزی جنرل سیکرٹری ممبر قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری سرپرست اعلی قائد جہالاوان فقیہ العصر مولانا سائیں قمرالدین، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر مولانا اعجاز مصطفی، مولانا حافظ محمد نصیب مینگل، مولانا صبغت اللہ جوگی، مولانا قاضی عنایت الرحمن، مرکزی اقلیتی رہنماء سابق ممبر اسمبلی بلوچستان سیٹھ شام لال لاسی مولانا مفتی اللہ بخش، مولانا شاہ محمد صدیقی ودیگر مقررین نے گزشتہ روز جامعہ مدینہ اوتھل کے زیر اہتمام سالانہ تکمیل ختم بخاری وجلسہ دستار فضیلت کانفرنس کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 58 میر صادق عمرانی
محمد صادق عمرانی نے اپنے بیان میں کہا کہ کسی بھی خاتون کے لباس، حجاب یا ذاتی انتخاب میں مداخلت نہ صرف انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ یہ خواتین کی عزت نفس اور مذہبی آزادی کو مجروح کرنے کے مترادف ہے انہوں نے اس عمل کو طاقت کے غلط استعمال کی بدترین مثال مسلمانوں کی تذلیل اور خواتین کی توہین قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات کسی بھی مہذب اور جمہوری معاشرے میں ہرگز قابل قبول نہیں ہو سکتے انہوں نے واضح کیا کہ ریاستی عہدہ کسی فرد کو یہ اختیار نہیں دیتا کہ وہ خواتین کی عزت کو پامال کرے یا کسی مذہبی شناخت کا تمسخر اڑائے، انہوں نے کہا کہ بھارت میں اقلیتوں اور خواتین کے بنیادی حقوق غیر محفوظ ہیں میر محمد صادق عمرانی نے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں اور عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ اس واقعے کا نوٹس لیں اور بھارت پر دباؤ ڈالیں تاکہ خواتین اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 59 پاکستان
ٹی ٹی پی، فتنہ الخوارج اور بی ایل اے کی پشت پناہی کرتا ہے۔ گل قیصر سرائی نے کہا کہ بھارت سرحد پار دہشتگردی کی سرپرستی کر رہا ہے، بھارت شمالی امریکا سمیت مختلف ملکوں میں قتل وغارت میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کے خلاف بار بار جارحیت کی ہے

بقیہ 60 مولانا عبدالقادر لونی
مسلمان تنزلی اور پستی کے شکار ہے امت مسلمہ حالات اور حوادثات اور معاشی نظام کی تباہی سے دوچار ہے قرآن کو پس پشت ڈالنے سے مسلمان محکوم اور مغلوب زندگی بسر کر رہے ہیں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی نے انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تمام معاملات میں ہدایات اور احکام نازل فرمائے فرائض وعبادات، سیاست وحکومت کے قوانین، معاشرت اور سماجیات سے متعلق راہنمائی فرمائی ہے اور جہالت کی تاریکیوں میں ایک صالح دیانتدار، بااخلاق اور مہذب معاشرہ کی تشکیل دیا قرآنی نظام و دستور ہر زمانے اور ہر قوم کے لیے جامع نظام ہے

بقیہ 61 پی اے سی
آڈٹ پیراز پر غور ہوا جسمیں میں پائیدار ترقیاتی اہداف کے تحت فنڈز کی ترجیحی تقسیم، مالی سال 2021-22 کے پی ایس ڈی پی تخمینوں، منصوبوں کی سست روی، ناقص منصوبہ بندی، اور فنڈز کے غیر مؤثر استعمال سے متعلق آڈٹ اعتراضات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ فیڈرل سپورٹ یونٹ کی ضروریات کے مطابق ایس ڈی جیز کو تین ترجیحی زمروں میں تقسیم کیا ہے تاکہ صوبے ان اہداف کی روشنی میں اپنے ترقیاتی منصوبے تشکیل دے سکیں۔ تاہم مالی سال 2021-22 کے پی ایس ڈی پی کے جائزے سے انکشاف ہوا کہ حکومت بلوچستان نے ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی کے وقت ایس ڈی جیز کو ترجیح نہیں دی۔ صوبے میں بھوک کے خاتمے اور غربت میں کمی کے لیے منصوبہ بندی و ترقیات کے محکمے کی جانب سے کوئی جامع پروگرام شروع نہیں کیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ

بقیہ 62 محمد حنیف عباسی
تھے۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے شرکاء کو آگاہ کیا کہ پاکستان ریلوے کی تاریخ میں پہلی بار اس رفتار، جدت اور مربوط حکمت عملی کے ساتھ کام کیا جا رہا ہے، اور یہ تمام اصلاحاتی و ترقیاتی اقدامات وزیر اعظم پاکستان کے وژن کے تحت کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے نے بتایا کہ پاکستان کا پہلا سیف اینڈ اسمارٹ ریلوے اسٹیشن راولپنڈی میں قائم کیا گیا ہے، جہاں آرٹیفیشل انٹیلیجنس پر مبنی 24/7 مانیٹرنگ سسٹم فعال ہے اور 184 جدید کیمرے نصب کیے گئے ہیں، جس سے سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنایا گیا ہے

بقیہ 63 مولانا عبدالرحمن رفیق
لیے خیروبرکت اور دینی بیداری کا عظیم ذریعہ ہے۔ صوبائی حکومت اجتماع کیلئے ٹریفک انتظامات صحیح معنوں میں ترتیب دے۔ اجتماع کے اختتام پر ٹریفک حادثات رونما ہوجاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے روحانی اجتماعات نوجوان نسل کو دین سے جوڑنے اور اخلاقی اصلاح کی راہ دکھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اجتماع کے آغاز سے اختتام تک ٹریفک اور دیگر سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 64 سردار عبدالرحمن
سردار عبدالرحمن کھیتران نے وفد کے مسائل بغور سنے اور متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر اعظم زرکون نے بھی صوبائی وزیر سے ملاقات کی، جس میں ضلع بارکھان میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور درپیش تکنیکی و انتظامی امور پر جامع تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 65 جمال شاہ کاکڑ
خاتون کا ذاتی اور مذہبی حق ہے جس کا احترام ہر مہذب معاشرے کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات مذہبی عدم برداشت، انتہا پسندی اور خواتین کے وقار کو مجروح کرنے کا مظہر ہیں، جن کی کسی صورت حمایت نہیں کی جاسکتی۔ جمال شاہ کاکڑ نے عالمی برادری، انسانی حقوق کی تنظیموں اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ اس واقعے کا نوٹس لیں اور مذہبی آزادی وخواتین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کریں۔

بقیہ 66 عبدالرحیم زیارتوال
جمہوری حق رائے دہی کا استعمال کرے، بلدیاتی اداروں کی فعالیت سے عوام کی نچلی سطح پر مسائل کا حل ممکن ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں مختلف انتخابی دفاتر کے افتتاحی تقاریب، کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ جس سے پارٹی کے دیگر صوبائی، ضلعی، تحصیل اور علاقائی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ کے چاروں ٹاؤنز میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ فارم سے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لیا جارہا ہے اور اس سلسلے میں ٹاؤنز کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی۔ اور اس کے ذریعے ان نمائندوں کو کامیاب کرنا اتحاد میں شامل تمام سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کا فریضہ ہے کہ وہ مشترکہ انتخابی مہم کے تحت اپنے امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ 67 نوراحمد کاکڑ
نمائندوں سے کامیاب مذاکرات کی ہے جس میں ٹرانسپورٹروں کے مطالبات پنجاب ٹریفک ایکٹ 2025 کا منسوخی لائسنس مسائل دس وہیلر ٹرکوں کے وزن کا مسئلہ پنجاب میں بارش جرمانوں چالانو اور ڈرائیور کے ایف آئی آر جیسے مطالبات حکومتی ٹیم نے مان لیے اور اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان سمیت پورے پاکستان میں ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کیا گیا یہ یقیناً پورے ملک کے ٹرانسپورٹ تنظیموں اور ٹرک مالکان کی قربانیوں کا صلہ ہے

بقیہ 68 نصراللہ خان زیرے
کی کوششوں میں مصروف ہیں اور انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے کے لیے مختلف ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ مدتوں بعد کوئٹہ شہر میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ہو رہا ہے، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ سرکاری جماعتوں کے ایم این ایز، ایم پی ایز اور وزراء انتخابی مہم کے دوران کھلے عام سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں۔ مختلف علاقوں میں ترقیاتی اسکیموں کے نام پر افتتاحی تقاریب منعقد کی جا رہی ہیں اور فیتے کاٹے جا رہے ہیں، جو الیکشن قوانین اور ضابطہ اخلاق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ ان تمام غیر قانونی اقدامات کے بارے میں الیکشن کمیشن، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر (ڈی آر او) اور ریٹرننگ آفیسرز (آر اوز) کو بروقت تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے، مگر اس کے باوجود کوئٹہ کے ایم پی ایز اور وزراء کے خلاف تاحال کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی، جو الیکشن کمیشن کی غیر جانبداری پر سنگین سوالات اٹھاتی ہے

بقیہ 69 اظہر الدین کی تنقید
م جاہلانہ اقدام ہے۔ محمد اظہر الدین کا کہنا تھا کہ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں اس واقعے کی مذمت کرسکوں، بطور وزیراعلی انہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔

کوئٹہ: سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی سے ... ملاقات کر رہے ہیں

منصوبوں کو ادھورا چھوڑنا قومی وسائل کا ضیاع ہے، پی اے سی

بعض منصوبوں پر 2,534.807 ملین روپے خرچ ہونے کے باوجود کوئی پیش رفت سامنے نہیں آئی، اصغر علی ترین

پی اینڈ ڈی کے آڈٹ پیراز سے متعلق اجلاس، کوئٹہ پیکیج منصوبوں میں تاخیر، ناقص نگرانی پر اظہار برہمی، ریکارڈ طلب

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی مائیکروبیل مزاحمت ایک عالمی خطرہ ہے، پروفیسر ڈاکٹر سعید

... شہری اینٹی مائیکروبیل مزاحمت کے بڑھتے ہوئے خطرے کی لپیٹ میں ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق ملک میں ہر سال 2 سے 3 لاکھ افراد براہ راست یا بالواسطہ طور پر ادویات کے خلاف مزاحمت رکھنے والے انفیکشنز کے باعث جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، جبکہ آئی سی یوز میں بھی ایسے مریضوں کی شرح میں اضافہ ہوا ہے جن کے انفیکشن ملٹی ڈرگ ریزسٹنٹ جراثیم کے سبب پھیلتے ہیں۔ ڈاکٹرز خبردار کرتے ہیں کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو عالمی ادارہ صحت کے اندازوں کے مطابق 2050 تک اینٹی بائیوٹکس کے خلاف مزاحمت کے باعث دنیا بھر میں سالانہ ایک کروڑ تک اموات ہو سکتی ہیں

این سی سی آئی اے کے 4 افسران کے استعفے منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا انفلوئنسر کے حوالے سے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کرپشن اسکینڈل میں اہم پیش رفت ہوئی اور 4 افسران کے استعفے منظور کر لیے گئے۔ وفاقی سیکرٹری داخلہ کی جانب سے این سی سی آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر سمیت چار افسران کے استعفے منظور کر لیے گئے ہیں اور مذکورہ استعفے 20 نومبر سے منظور کیے گئے ہیں۔ مستعفی ہونے والے این سی سی آئی اے کے افسران میں ڈپٹی ڈائریکٹر سرفراز چوہدری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد عثمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر شعیب ریاض اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسامہ مجید شامل ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے قبائلی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ریلوے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، محمد حنیف عباسی

پاکستان کا پہلا سیف اینڈ اسمارٹ ریلوے اسٹیشن راولپنڈی میں قائم کیا گیا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے ڈیفنس سیکرٹری لیفٹیننٹ جنرل محمد علی نے آج اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سیکریٹری پاور ڈویژن ڈاکٹر فخر عالم عرفان اور ڈائریکٹر جنرل این ایل سی میجر جنرل فرخ شہزاد راؤ بھی شریک .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

سبی سالانہ تبلیغی اجتماع امت کیلئے خیر و برکت کا ذریعہ ہے، مولانا عبدالرحمن

ایسے روحانی اجتماعات نوجوان نسل کو دین سے جوڑنے کی راہ دکھاتے ہیں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق نے جامع مسجد الفتاح سبزل روڈ اور مرکزی دارالعلوم کلی مچان پشین میں دستار فضیلت کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سبی کا سالانہ تبلیغی اجتماع امت مسلمہ کے .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بارکھان کی ترقی حکومتی ترجیحات میں سرفہرست ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو بروقت اور مجوزہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران سے بارکھان کے مختلف مکاتب فکر پر مشتمل وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ضلع بارکھان کو درپیش عوامی اور ترقیاتی مسائل سے صوبائی وزیر کو تفصیلاً آگاہ کیا۔ .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین پی اینڈ ڈی کے آڈٹ پیراز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت میں مسلمان خاتون کی تضحیک انسانیت سوز عمل ہے، جمال شاہ کاکڑ

بھارتی ریاست بہار کے وزیراعلیٰ کی جانب سے خاتون سے زبردستی حجاب ہٹانا انسانی وقار، مذہبی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق پر کھلا حملہ ہے

انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور اقوام متحدہ اس واقعے کا نوٹس لے کر بھارت کو مذہبی آزادی اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کا پابند بنائیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے بھارت کی ریاست بہار کے وزیراعلیٰ کی جانب سے ایک خاتون سے زبردستی حجاب ہٹانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانی وقار، مذہبی آزادی اور بنیادی انسانی حقوق پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ کسی بھی خاتون کو اس کے مذہبی تشخص اور ذاتی آزادی کے اظہار سے زبردستی محروم کرنا نہ صرف غیر اخلاقی بلکہ عالمی انسانی حقوق کے اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حجاب ہر مسلمان .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بی سی ایس اے کے پہلے پری سروس تربیتی کورس کے زیر تربیت افسران کو این ڈی ایم اے کے دورے پر بریفنگ دی جا رہی ہے

بلدیاتی اداروں کی بحالی سے عوامی مسائل نچلی سطح پر حل ہونگے، عبدالرحیم زیارتوال

کوئٹہ کے غیور عوام بلدیاتی اداروں کے قیام کیلئے 28 دسمبر کو جمہوری حق رائے دہی کا استعمال کر کے اپنے مسائل کے حل کی راہ ہموار کریں

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، کوئٹہ کے چاروں ٹاؤنز میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ فارم سے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے رہی ہے

اتحاد میں شامل تمام سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کا فریضہ ہے کہ وہ مشترکہ انتخابی مہم کے تحت اتحاد کے نامزد امیدواروں کو کامیاب بنائیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ پشتونخوامیپ بنیادی طور پر جمہوریت کی داعی رہی ہے اور آج بھی پارٹی کے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ فارم سے ملک کے آئین کو تحفظ دینے، آئین کی بالادستی، جمہور کی حکمرانی، قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی جمہوری فیڈریشن کے قیام، اداروں کی سیاست میں مداخلت کے رول کے خاتمے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ کوئٹہ کے غیور عوام بلدیاتی اداروں کے قیام کے لیے 28 دسمبر .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کی یقین دہانی خوش آئند ہے، نور احمد کاکڑ

حقوق کے حصول کی کامیابی ٹرانسپورٹ تنظیموں اور ٹرک مالکان کی قربانیوں کا صلہ ہے

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر نور احمد کاکڑ مرکزی عہدیداران ضلعی صدور نے اپنے مشترکہ بیان میں بلوچستان سمیت تمام پاکستان کے گڈز ٹرانسپورٹرز کمپنی مالکان ٹرک مالکان کو گزشتہ دس دن سے ایک تاریخی اور کامیاب احتجاج پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کراچی میں آج وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت کے .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن کے عہدے کیلئے 3 نام وزیراعظم کو ارسال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن کی تقرری کے لیے سرچ کمیٹی کی جانب سے تین ناموں کی سمری وزیراعظم کو بھجوا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں سرچ کمیٹی نے انٹرویوز کیے، وزیراعظم 3 ناموں میں سے ایک کا انتخاب کر کے نئے چیئرمین کی منظوری دیں گے۔ ذرائع کے مطابق این ای ڈی کے سابقہ وائس چانسلر ڈاکٹر سروش حشمت لودھی، قائداعظم یونیورسٹی کے موجودہ وائس چانسلر ڈاکٹر نیاز احمد اختر اور پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی شاہ کا نام سمری میں شامل ہے

خاتون کا نقاب کھینچنے کا واقعہ، سابق بھارتی کپتان اظہر الدین کی تنقید

یہ خاتون کی بے حرمتی ہے اور ایک جاہلانہ اقدام ہے، وزیر اقلیتی بہبود

کلکتہ (م ڈ) سابق بھارتی کپتان محمد اظہر الدین نے بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار کی جانب سے مسلم خاتون ڈاکٹر کا نقاب کھینچنے پر سخت تنقید کی ہے۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تلنگانہ ریاست کے اقلیتی بہبود کے وزیر و سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد اظہر الدین نے کہا کہ یہ بہت بری بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خاتون کی بے حرمتی ہے اور ایک .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

وکلاء خود فیصلے نہیں مانیں گے تو دوسروں سے کیسے منوائیں گے، جج کے ریمارکس

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست کی سماعت کے دوران جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس محمد فہیم ولی نے وکلاء کو سخت تنبیہ کردی۔ دوران سماعت جسٹس سید ارشد علی نے ریمارکس دیے کہ وکلاء جب خود عدالتی فیصلے نہیں مانیں گے تو پھر عام افراد سے کیسے عدالتی احکامات تسلیم کروائیں گے۔ جسٹس ارشد علی نے کہا کہ ہم تو صرف رائے دیتے ہیں، کسی کو اسے ماننا ہے یا نہ ماننا ان کی مرضی ہے، لیکن جب وکلاء ... ہمارے فیصلے کی پاسداری نہیں کریں گے

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی و ڈی سی حبیب بنگلزئی کو نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن کے ایم ایس بریفنگ دے رہے ہیں

سرکاری جماعتیں بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہیں، نصراللہ زیرے

کوئٹہ شہر میں مدتوں بعد منعقد ہونیوالے بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے کیلئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں

360 سے زائد مخلوط پولنگ اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں، جو انتخابات میں منظم دھاندلی کے منصوبے کا آغاز لگتا ہے، فقیر خوشحال کاسی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ندا لشکر، رحمت اللہ صابر، عبداللہ توخی، عبدالرزاق بڑیچ اور علی محمد ترین نے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں خلجی کالونی، پشتون آباد، کوتوال، تختانی بائی پاس، کچلاک، غفرگ اور دیگر مختلف علاقوں میں منعقدہ بڑے عوامی اجتماعات اور انتخابی دفاتر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری جماعتیں بلدیاتی انتخابات میں کھلی مداخلت کے ذریعے آزاد، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنے .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سے مذاکرات کامیاب، گڈز ٹرانسپورٹرز نے ہڑتال ختم کردی

تمام مطالبات مان لیے گئے ہیں، حکومت نے جو وعدے کیے ہیں اس بنیاد پر ہڑتال ختم کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹرز کو بھاری جرمانوں میں کمی، گاڑیوں کے لوڈ میں اضافے سمیت دیگر رعایتیں مانگی تھیں

.... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بی سی ایس اے کے زیر تربیت آفیسران کا اندرونی مطالعاتی دورہ شروع

قومی ہنگامی آپریشن سینٹر اور قومی ادارہ برائے آفات کا انتظام، کے نظام کا مشاہدہ کیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (بی سی ایس اے) کی پہلی پری سروس تربیتی کورس کے زیر تربیت سیکشن آفیسرز نے اپنا اندرونی مطالعاتی دورہ شروع کر دیا ہے۔ افسران کی ٹیم نے اسلام آباد میں کلیدی قومی اداروں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوسرے .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اداروں کی استعداد کار بڑھا کر گڈ گورننس کو یقینی بنایا جا سکتا ہے، غلام رسول عمرانی

محکمہ محنت و افرادی قوت اور بی ٹیوٹا صوبے کی معاشی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ محکمہ محنت و افرادی قوت اور بی ٹیوٹا (TEVTA-B) صوبے کی معاشی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہمارا مقصد اداروں کی استعداد کا .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

الخدمت پینل کے امیدواروں کو منتخب کریں، عوام کو مایوس نہیں کرینگے، ارشد یوسفزئی

بنو قابل پروگرام کے تحت نوجوانوں کو فری آئی ٹی کورسز فراہم کریں گے، جاوید احمد خان

انتخابی عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں کارنر میٹنگز اور علاقہ مکینوں سے ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) یونین کونسل 14 سے الخدمت پینل کے نامزد امیدواران برائے جنرل کونسلرز نے علاقے کے مسائل کے حل کے لئے مشترکہ جدوجہد کا عزم دہراتے ہوئے کہا ہے کہ یونین کونسل 14 کے پہلے تینوں وارڈز بنیے کے صاف پا .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سونے کی قیمت میں مزید اضافہ

کراچی (بیورو رپورٹ) سونے کی فی تولہ قیمت میں 2700 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز کے مطابق 2700 کے اضافے کے بعد اب فی تولہ سونا 4 لاکھ 53 ہزار 562 روپے میں فروخت ہو رہا ہے

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے صوبائی مشیر نسیم الرحمن ملاخیل ملاقات کر رہے ہیں

سبی کا سالانہ تین روزہ تبلیغی اجتماع آج شروع ہوگا

نگرانی تبلیغی جماعت کوئٹہ کی مجلس شوریٰ کے ممبران کریں گے

سبی (آئی این پی) سبی کا سالانہ تین روزہ تاریخی تبلیغی اجتماع (آج) جمعرات بعد از نماز عصر سے تبلیغی گراؤنڈ لونی روڈ پر شروع ہوگا اجتماع میں ملک بھر سے لاکھوں کی تعداد میں لوگ شرکت کریں گے جبکہ سینکڑوں کی تعداد میں علماء کرام دن رات تبلیغ اسلام و سلامی .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے معدنی وسائل پر دنیا بھر کی نظریں جمی ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

حب میں آئل ریفائنری منصوبہ بلوچستان میں صنعتی ترقی کی راہ ہموار کرے گا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صنعتی ترقی سے ہی صوبے میں معاشی انقلاب آئے گا بلوچستان کے معدنی وسائل پر پوری دنیا کی نظریں جمی ہوئی ہیں حب میں آئل ریفائنری منصوبہ .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات کے التوا کی کوششیں افسوسناک ہیں، عبدالخالق ہزارہ

یہ کیسی سیاسی جماعتیں ہیں جو اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے نامزد بلدیاتی امیدواروں کی انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے اس سلسلے میں زرغون ٹاؤن اور چلتن ٹاؤن کے رہائشی اور کوئٹہ شہر کے شہریوں کی بھرپور حمایت و تعاون کا تسلسل بھی جاری ہے مختلف محلوں، گلیوں اور .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

98 کروڑ روپے کے لین دین پر اغواء ہونیوالے 2 بھائی بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

اغوا کار مغویوں کو مختلف مقامات پر منتقل کرتے رہے، مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں

دور افتادہ علاقوں میں لوگوں کی سہولت کیلئے کرائم برانچ کے ریجنل دفاتر قائم کرنیکا فیصلہ کیا ہے، ڈی آئی جی ڈاکٹر فرحان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی کرائم برانچ بلوچستان ڈاکٹر فرحان زاہد نے کہا ہے کہ 98 کروڑ روپے کے لین دین پر 6 ماہ قبل اغواء ہونے والے 2 بھائیوں کو بحفاظت بازیاب کرا کر 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ جبکہ مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں بسنے والے لوگوں کی سہولت کے لئے کرائم برانچ کے ریجنل دفاتر قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت پہلے مرحلے میں ژوب، لورالائی ریجن دفتر کا افتتاح کر دیا ہے جہاں پر ڈی ایس پی رینک کا آفیسر اور دیگر عملہ تعینات کیا جائے گا اس .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی برآمدات میں 13 ارب 79 کروڑ ڈالر کی کا تخمینہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے حکومت پاکستان کے 60 ارب روپے کے دعووں کے برعکس پاکستانی برآمدات میں 13 ارب 79 کروڑ ڈالر کمی کا تخمینہ لگایا ہے۔ جی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق حکومت پاکستان نے 2030 تک ملکی برآمدات 60 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے تاہم آئی ایم ایف نے برآمدات 60 ارب ڈالر تک بڑھ جانے کے ہدف کے برعکس پیشگوئی کرتے ہوئے

بلدیاتی انتخابات شفاف اور شیڈول کے مطابق منعقد ہونے چاہئے، نیشنل پارٹی

کوئٹہ شہر کو گزشتہ دس سالوں سے بیوروکریسی کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، صوبائی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول کے مطابق شفاف اور بروقت انعقاد حکومت کی ذمہ داری ہے جبکہ حکومت انتخابات کے انعقاد سے روگردانی کی کوششوں میں ہے تاکہ ایڈمنسٹریٹرز کے ذریعے رشوت ستانی اور بدعنوانی کا بازار گرم رہے، ترجمان نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کو گزشتہ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت سرحد پار دہشتگردوں کی سرپرستی بند کرے، پاکستان

جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ، بھارت کا کبھی حصہ نہیں ہوگا، قیصر سروانی

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ میں پاکستانی قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ کشمیر بھارت کا کبھی حصہ نہیں ہوگا، جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی قونصلر گل قیصر سروانی نے بھارتی نمائندے کے ریمارکس پر ردعمل میں کہا کہ 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود حق خودارادیت کا وعدہ پورا نہیں کیا گیا، بھارت .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ہیپاٹائٹس کی سکریننگ اور علاج بلا معاوضہ کئے جا رہے ہیں، ڈاکٹر امیر علی بگٹی

وزیراعظم ہیپاٹائٹس ایلیمینیشن پروگرام کے تعاون سے مفت علاج فراہم کیا جا رہا ہے

بلوچستان کے 36 اضلاع میں ہیپاٹائٹس سینٹر قائم کئے گئے ہیں، ڈاکٹر محمد حسین بلوچ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی کوآرڈینیٹر ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام بلوچستان ڈاکٹر امیر علی بگٹی اور ڈاکٹر محمد حسین بلوچ نے کہا ہے کہ گزشتہ برس صوبے میں 1 لاکھ 32 ہزار 300 افراد کی اسکریننگ کی گئی جس کے نتیجے میں 8 ہزار 617 افراد ہیپاٹائٹس بی جبکہ 5 ہزار 817 ہیپاٹائٹس سی کے مرض میں مبتلا پائے گئے ہیں گزشتہ 3 سالوں میں 2 ہزار سے زائد ہیپاٹا .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل گورنر ہاؤس میں گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ کینٹ کی طالبات سے گفتگو کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے، علی مدد جتک

صدام اچکزئی جیسے نوجوان اور متحرک عوامی نمائندوں کی شمولیت سے پارٹی مزید مضبوط ہوگی اور بلدیاتی سطح پر مسائل حل ہوں گے

حلقے کے عوام کی خدمت، مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کیلئے پارٹی قیادت کے شانہ بشانہ کام کریں گے، صدام اچکزئی

کوئٹہ (پ ر) زرغون ٹاؤن یونین کونسل 16 اور وارڈ نمبر 4 سے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے آزاد کونسلر صدام اچکزئی نے پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت اختیار کر لی۔ شمولیتی تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، پارٹی کے سینئر رہنما میر چنگیز خان جمالی اور روزی خان کاکڑ سمیت دیگر پارٹی عہدیداران و کارکنان موجود تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی میں روز بروز عوامی نمائندوں اور مختلف طبقات کی شمولیت اس بات کا .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، قاری مہراللہ، شیخ مولانا نیاز محمد و دیگر جلسہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے ساحل و وسائل پر مقامی لوگوں کا حق ہے، مولانا حیدری

طاقت کے زور پر بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہوگا، مسائل کے حل کیلئے یہاں کے لوگوں سے کامیاب مذاکرات کرنا ہونگے

عصری اداروں کے فارغ التحصیل لوگ غیر اسلامی ترامیم کے ذریعے پاکستان کے اسلامی آئین کا حلیہ بگاڑنا چاہتے ہیں

مولویوں کو کشتی میں بٹھا کر سمندر برد کردینے کی باتیں کرنیوالوں کا انجام دنیا دیکھ چکی، مولانا عبدالغفور، مولانا قمرالدین و دیگر

اوتھل (نامہ نگار) حکمرانوں کو مدارس کا ممنون و مشکور ہونا چاہیے کہ مدارس نجی سیکٹر میں قوم کے بچوں کا نان و نفقہ برداشت کر کے انہیں مفت تعلیم فراہم کرتے ہیں، حکمرانوں کی جانب سے مدارس کی حوصلہ افزائی کی بجائے ان کی کردارکشی کی جاتی ہے، دینی مدارس نے برصغیر کے لوگوں کو آزادی دلائی، کیمبرج یونیورسٹی اور آکسفورڈ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل عصری علوم کے حامل لوگ غیر اسلامی ترامیم لاکر پاکستان کے اسلامی آئین کا حلیہ بگاڑنا چاہتے ہیں، جمعیت اقتدار میں آکر آئین سے قرآن و سنت کے خلاف تمام قوانین کا خاتمہ کرے گی، بلوچستان .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نیو اڈہ مسافر خانہ سے ایک شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے نیو اڈہ کے قریب مسافر خانہ سے ایک شخص کی نعش برآمد ہوئی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نیو اڈہ کے قریب مسافر خانے سے ایک شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جس کی شناخت اسام الدین کے نام سے کی گئی نعش تین روز پرانی بتائی جاتی ہے

بھارت میں اقلیتوں و خواتین کو بنیادی حقوق حاصل نہیں، میر صادق عمرانی

بہار میں خاتون ڈاکٹر کا حجاب زبردستی ہٹانے کا واقعہ شرمناک عمل ہے، صوبائی وزیر

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بھارت میں ریاست بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار کی جانب سے ایک خاتون ڈاکٹر کا حجاب زبردستی ہٹانے کے شرمناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانی اقدار، مذہبی آزادی اور خواتین کے وقار پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔ میر .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

علی احمد لانگو ایک نظریاتی اور حقیقی سیاسی کارکن ہیں، میر لیاقت لہڑی

یونین کونسل 2 وارڈ 3 سے ان کی کامیابی عوامی نمائندگی کی جیت ثابت ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی نے نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کے مشترکہ نامزد امیدوار علی احمد لانگو کے انتخابی آفس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ علی احمد لانگو ایک نظریاتی اور حقیقی سیاسی کارکن ہیں اور سیاسی کارکن ہی معاشرے کا شعور ہوتے ہیں۔ انہوں .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

قومی وحدت ملٹی نیشنل کمپنیوں کو الاٹ کی جا رہی ہے، حاجی لشکری رئیسانی

سیاسی جماعتیں قانون کے سائے میں ہونے والے وسائل کی لوٹ مار کا راستہ روکیں

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ہماری قومی وحدت کو ملٹی نیشنل کمپنیوں کو الاٹ کیا جا رہا ہے، آئندہ نسلوں کی باعزت زندگی کیلئے سیاسی جماعتوں کے پاس چل کر جا رہے ہیں، قانون .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مضبوط ریاستی رٹ کیلئے اداروں کے مربوط روابط ناگزیر ہیں، عبدالخالق اچکزئی

ضلع چمن کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، اسپیکر بلوچستان

چمن (محمد اصغر اچکزئی) چمن۔ ضلع چمن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا ایک اہم اجلاس کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی مشترکہ زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں ہیڈ .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے ایم پی اے حاجی علی مدد جتک نو منتخب کونسلر صدام اچکزئی کو پارٹی مفلر پہنا رہے ہیں

مسلمانوں کی تنزلی کی وجہ قرآنی تعلیمات سے روگردانی ہے، مولانا قادر لونی

امت مسلمہ حالات اور حوادثات اور معاشی نظام کی تباہی سے دوچار ہے، ترک راہ قرآن سے مسلمان محکوم اور مغلوب زندگی بسر کر رہے ہیں

اللہ تعالیٰ نے انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تمام معاملات میں ہدایات اور احکام نازل فرمائے ہیں، جلسہ دستار بندی سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) جامعہ دارالعلوم تجوید عثمانیہ بڑیچ ٹاؤن مشرقی بائی پاس کے زیر اہتمام عظیم الشان عظمت قرآن کانفرنس و سالانہ جلسہ دستار فضیلت سے جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی کونسلر مفتی شفیع الدین صوبائی کونسلر مولانا قاری مہراللہ صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا مفتی عبدالباقی مولانا عبدالظاہر مولانا علاؤالدین مولانا تاج محمد مولانا عبدالاحد مولانا مفتی عبدالواحد مولانا عبدالقدیم خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآنی تعلیمات سے روگردانی کے باعث مسلمان آج .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران تجارت 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور ایران کے مابین سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں ایک اہم سنگ میل عبور ہو گیا۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف اکرام شیخ اور ایرانی قونصل جنرل اکبر عیسیٰ زادہ کے درمیان اہم ملاقات ہوئی

کوئٹہ: چیف کلیکٹر کسٹمز اپریزمنٹ مسعود احمد اور ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بی سی اشفاق احمد بات چیت کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کو پنجاب سے کسی اور صوبے منتقل کیا جانا چاہیے، گورنر کے پی

پی ٹی آئی اور صوبائی حکومت کے فیصلے اڈیالہ جیل سے ہو رہے ہیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور صوبائی حکومت کے فیصلے اڈیالہ جیل سے ہو رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو پنجاب سے کسی اور صوبے منتقل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی مجموعی صورتحال تباہی کا شکار ہو چکی ہے، صحت اور تعلیم کے شعبے بری .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

عوام محفوظ مستقبل کیلئے جے آئی کے نامزد امیدواروں کو ووٹ دیں، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام کی حالت بدلنے پر یعنی عوام کے وسائل عوام کی ترقی کیلئے خرچ ہونے چاہیے، صوبائی امیر جے آئی

راستے، بارڈرز، تجارت، آمد و رفت، شاہراہیں بند ہیں، حقوق کے حصول اور ظلم، زیادتی و ناانصافی کیخلاف ہر فورم پر آواز بلند کروں گا

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام بہتر مستقبل، مسائل کے حل کیلئے جماعت اسلامی کے نامزد امیدواروں کو ووٹ دیں۔ عوام کی زمینوں پر قبضہ، چیک پوسٹوں پر تلاشی و تذلیل بند کی جائے۔ بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام کی حالت بدلنے پر یعنی عوام کے وسائل عوام کی ترقی کیلئے خرچ ہونا چاہیے۔ راستے، بارڈرز، تجارت، آمد و رفت، شاہراہیں بند ہیں۔ ظلم، زیادتی، ناانصافی کے خلاف اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے ہر فورم پر آواز .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی حکومت نے افغانستان کیلئے ٹریول الرٹ جاری کر دیا

شہریوں کو افغانستان میں گرفتاری اور طویل قید کا سامنا ہو سکتا ہے، دفتر خارجہ کا انتباہ

لندن (م ڈ) افغان طالبان کی سرپرستی میں دہشتگردی کے بعد برطانوی حکومت نے افغانستان کے لیے ٹریول الرٹ جاری کر دیا۔ برطانوی دفتر خارجہ نے افغانستان کی بدترین سیکیورٹی صورتحال پر برطانوی شہریوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ برطانوی شہریوں کو افغانستان میں گرفتاری اور طویل قید کا سامنا ہو سکتا ہے، افغانستان جانے والے ہر .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، بلیم کاکڑ، عمران ترین و دیگر سیٹلائٹ ٹاؤن میں کسٹم اور ایف سی کے چھاپوں کے خلاف احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے ہیں